www.youthintlmagazine.com

اردو، انگریزی زبان میں شائع ہونے والا بین الاقوامی تعلقات اور پاکستانیت کے فروغ کا علمبردار نیوز میگزین

مجلة الشباب العالمية في باكستان

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

ایڈیٹر انچیف

محمد صدیق القادری

CONTINUE IN WORLD FROM 25 Years

ماہنامہ

# یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

وزارت اطلاعات و نشریات گورنمنٹ آف پاکستان کی سنٹرل میڈیا لسٹ میں شامل

## عید میلاد النبیؐ کے موقع پر خصوصی شمارہ کی اشاعت



ربیع الاول

بلغَ العلےٰ بکمالہٖ
کشف الدجی بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ وآلہٖ

اہل اسلام کو

## جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مبارک ہو



(رپورٹ اندرونی صفحات پر)

عاشق رسولؐ محب وطن پاکستانی چوہدری نور الحسن تنویر کی دبئی میں محفل میلاد کی روح پرور خوبصورت تقریب

ماہنامہ حج و عمرہ گائیڈ
اردو، انگلش، عربی زبان میں
عنقریب اشاعت کا آغاز

ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کی آڑ میں اربوں روپے کی کرپشن......کون روکے گا؟

بیورو آف امیگریشن، ایف آئی اے، پولیس......؟



پاکستان سیاحتی مقامات سے مالا مال ہے ترقی کیلئے ٹورازم کو وفاقی حکومت کے سپرد کیا جائے یحییٰ پولانی



پی آئی اے میں سیاسی مداخلت ختم کر کے صرف ٹیکنیکل سسٹم اپنایا جائے انوار شمسی



پرموٹرز کو آپس میں اتحاد و اتفاق سے مین پاور ٹریڈ کی ترقی کیلئے کام کرنا چاہئے امیر زیب خان عامر




زرعی اصلاحات کے بغیر پاکستان میں ترقی نہیں ہو سکتی عبدالرحمٰن شاہین



یوچپا کے کہانے ممبرز کو ووٹ کا حق دینے کیلئے میمورنڈم میں تبدیلی کرائی جائے محمد عثمان

The Youth International Magazine Special Edition on Eid Melad-ul-Nabi 2014





# Yaj Gulf

یاج الخلیج للاستقدام

**Overseas Employment Promoters**

**Lic # MPD/2758/RWP**

P.O.Box 2544, Postal Code 44000, (GPO-Islamabad)
786 Yaj Gulf Tower, Main Murree Road, Bhara Kahu, Islamabad-Pakistan
Tel:+92-51-5800021-3 (3 x Line) Facsimile: +92-51-5800024-5 (2 x Lines)
Celluar: Pakistan: +92-300-8544444 Saudi Arabia: +966-555564786
Bahrain: +973-66307786 Intl: +44-7700041948



**ZAIN UL ABIDIN**
Chairman
Mob. Pak. 0092-300-8544444

E-mail: admin@yajgulf.com ,chzain1@yahoo.com Web: yajgulf.com yajgulfoep Skype: yajgulf3




سعودی عرب، یو اے ای، ملائیشیا، قطر، کویت، عمان اور لیبیا میں مین پاور ایکسپورٹ کا لیڈنگ ادارہ

# AL-MERJAN ENTERPRISES

**Overseas Employment Promoters**

**Lic No 1263/KAR**

Office # 78. Opp Shahi Masjid Pathan
Colony Manghopir Road Karachi-Pakistan
Tel:+92-21-36651813, 36694944,
Fax:+92-21-36653677 Cell: +92-333-2160981
Sawat Office:Tel:+92-946-721761 Fax:+92-946-721760

**Email:info@almerjan.com, almerjan1263@gmail.com**
**Website: www.almerjan.com**




**Ameer Zaib Khan Aamir**
Chief Executive
KSA:+966-561-504353
UAE:+971-561-327754



مرحبا مرحبا آمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
امت محمدیہ کو جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی ڈھیروں خوشیاں
مبارک ہوں
ربیع الاول
Al Sakhrah Group of Companies
Al Sakhrah Al Jadeeda Furniture Factory L.L.C (Sharjah)
Specialist In: Fabric Sofa Set, Arabic Majlis
Curtains & Mattress Whole Sale & Retail
Al Sakhrah Al Jadeeda Furniture Factory L.L.C (Oman)
Al Majlis Al Khaliji Furniture Factory L.L.C (Ajman)
P.O.Box 28972 Sharjah U.A.E
Email:alsakhara@hotmail.com
Website:www.newalsakharagroup.com
Ashq-e-Rasool
Ghulam Mustafa Mughal
Chairman
Senior Vice President
Pakistan Muslim League (N)
U.A.E
+971-50-6343721 +971-55-9568030

نثار تیری چہل پہل پہ ہزاروں عیدیں ربیع الاول      سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں




# Maqbool Travels & Tours

Govt Lic No: 2669

## Maqbool

### Overseas Employment Promoters

Lic No # MPD/2787/Karachi

Suit # M-7 Mazzanine Floor, Mehran Estate, Dr Doud Pota Road Near Cantt, Karachi
Tel:+92-21-35622584-5-6 Fax:+92-21-35622585
Direct: +92-21-35220389



Ashq-e-Rasool
**Qabool Ahmad**
Chief Executive
0302-8221193 0300-8289463

Email:maqbooltravel@yahoo.com/hotmail.com
Website: www.maqbooloverseas.com

نوری محفل پہ چادر تنی نور کی
نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے



بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ و آلہٖ

ربیع الاول

ہم جشن عید میلاد النبی ﷺ
کے پرمسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد
پیش کرتے ہیں

عمرہ زائرین کو بہترین سروسز کی فراہمی میں پاکستان کا لیڈنگ ادارہ



Hashim Baloch
Chief Executive

AL-MUTAMER
Travel & Tourism
(Pvt) Ltd.

MOEED UR REHMAN
Manager

CELL NO 03332771717
PHONE NO 02134532125

23/D Block-A, S.M.C.H.S Karachi,
Tel:021-34532126, 021-34310714-15 Fax:021-34313019
Mob:(pk) 0333-2244183 (S.A) 00966-555538221
Email:almotamertravel@yahoo.com



میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
وما ارسلنک الا رحمتہ العالمین
ہم جشن عید میلاد النبی ﷺ
کے پرمسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے
مبارک باد
پیش کرتے ہیں
ربیع الاول
حج و عمرہ خدمات میں پاکستان کا بہترین ادارہ نیز ایئر لائن کے ٹکٹ اور ٹور پیکیج بھی موجود ہیں
الحاج منیر احمد انصاری چیف ایگزیکٹو
سفینۃ الحجاج انٹرنیشنل
(پرائیویٹ) لمیٹڈ کراچی
G.L No # 2528
HP No # 4160
TRAVEL AGENTS TAAP ASSOCIATION OF PAKISTAN
HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION Of Pakistan HOAP
IATA
ایڈریس: ڈی بلاک 9، ایچ نارتھ ناظم آباد کراچی
Ph:0092-21-36646799-34568623-34268624-36675284-36642463
Fax:0092-21-36675314-36646853
Saudi: 0096508440272 Pak: 0092-333-2350842
Email:info@safina-e-hujjaj.com Web:www.safina-e-hujjaj.com
الحاج نسیم الدین
ڈائریکٹر سفینۃ الحجاج انٹرنیشنل
الحاج منیر احمد انصاری
سابق چیئرمین حج عمرہ آرگنائزیشن سندھ کراچی

نہ کلیم کا تصور نہ خیال طورِ سینا
میری آرزو محمدؐ میری جستجو مدینہ

ہم

# جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ربیع الاول



کے پرمسرت موقع پر
تمام اہل اسلام کو
دل کی اتھاہ گہرائیوں سے
**مبارک باد**
پیش کرتے ہیں

سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، عمان، لیبیا اور ملائیشیا میں مین پاور ایکسپورٹ کا بہترین ادارہ

## TRUST ENTERPRISES

**Overseas Employments Promoters**

**O.E.P Lic # 1405/Kar.**

A/4-C, Block-A, Commercial Area, Sindh Muslim Housing Society, Karachi. Ph: 0092-21-34553078,34539754,34556413
Fax: 0092-21-34558806 E-mail: tent@fascom.com Website: www.trustoep.com



Ashq-e-Rasool
Irshad Ahmed Qureshi
Proprietor.
Cell: 0300-8252416

www.youthintlmagazine.com

اردو، انگریزی زبان میں شائع ہونے والا بین الاقوامی تعلقات اور پاکستانیت کے فروغ کا علمبردار نیوز میگزین

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل لاہور

25 Years

ABC CERTIFIED

ایڈیٹرانچیف محمد صدیق القادری

جلد نمبر 25 شمارہ نمبر 2,3 فروری/ مارچ 2014ء




## اس شمارے میں


| نمبر شمار | | صفحہ |
|---|---|---|
| -1 | امت مسلمہ کو آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ کا یوم ولادت مبارک ہو (اداریہ) | 10 |
| -2 | ایڈیٹرانچیف کے نام خطوط | 11 |
| -3 | پیغمبر دو جہاں حضرت محمدؐ کی حیات مبارکہ بحیثیت مثالی شوہر (اسلامی تعلیمات) | 12 |
| -4 | ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کی آڑ میں اربوں روپے کی کرپشن (تہلکہ خیز رپورٹ) | 16 |
| -5 | دنیائے جہاں میں جشن عید میلاد النبیؐ منانے کا تاریخی جائزہ | 19 |
| -6 | دبئی میں عید میلاد النبیؐ کی محافل کا انعقاد | 23 |
| -7 | عید میلاد النبیؐ کے موقع پر بینار پاکستان میں 30 ویں سالانہ عالمی میلاد کانفرنس کی تصویری جھلکیاں | 24 |
| -8 | شہر مقدس مدینہ منورہ کے 94 نام | 26 |
| -9 | نبی کریم ﷺ کے دربار میں نافرمان غلام...... | 27 |
| -10 | ایسے ہیں میرے نبی ﷺ | 28 |
| -11 | ناموس رسالت کی حفاظت | 30 |
| -12 | نبی کریمؐ پر درود و سلام بھیجنے کی فضیلت | 33 |
| -13 | نامور سوشل' بزنس مین شخصیت محمد یحییٰ پولانی چیئرمین پولانی گروپ آف کمپنیز کا خصوصی انٹرویو | 36 |
| -14 | پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز' ہردلعزیز سوشل' ایجوکیشنل شخصیت انوار شمسی کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی گفتگو | 43 |
| -15 | پوپا کی سنٹرل باڈی کے ممبر' نامور نوجوان محب وطن پروموٹر امیر زیب خان عامر پروپرائٹر المرجان انٹر پرائزز کراچی کا انٹرویو | 44 |
| -16 | دبئی میں پاکستانی کمیونٹی کی ہردلعزیز محب وطن شخصیت عبدالرحمٰن شاہین کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی بات چیت | 47 |
| -17 | ٹریولنگ' مین پاور شعبے کی مشہور و معروف شخصیت محمد عثمان چیئرمین عثمان گروپ آف کمپنیز کا خصوصی انٹرویو | 51 |
| -18 | کراچی کی ہردلعزیز کاروباری شخصیت' سونیری گروپ کراچی/ راولپنڈی کے چیئرمین اظہر ایوب کا انٹرویو | 54 |
| -19 | ایجوکیشن' ویمن افیئر' یوتھ افیئر' رشتے ناطے' کچن کارنر اور وہ سب جو آپ پڑھنا چاہتے ہیں | |



## ایڈیٹرانچیف

محمد صدیق القادری

PAK.: +92-364-5115114
+92-321-5533385
UAE: MOB: +971-55-1213191
E-mail: ms_alqadri@yahoo.com

## ایڈیٹر

مس روبینہ قادری (ایم۔اے جرنلزم)

### سب ایڈیٹرز

ریحان زبیری، مس ثمینہ، مس نبیلہ، مس مریم، مس روزینہ

### مجلس مشاورت

پروفیسر وسیم چودھری' محمود انصاری' ناصر زیدی' ثمینہ ناصر' شاہینہ اجمل عذرا علین' جان عالم آفریدی' سید مہر بادشاہ' ڈاکٹر طلعت محمود' شاہد چٹھہ چوہدری ممتاز کاہلوں' رئیس قریشی' ارشاد قریشی' میاں منیر' گلزار حسین

**چیف رپورٹر** محمد توصیف القادری Cell:0092-300-4053-653

**فوٹو جرنلسٹ** تنویر القادری

**سرکولیشن** تحسین القادری

**فوٹو گرافرز** تبسم نوید' ساجد محمود' جاوید کسانہ' امانت خاں

**گرافک ڈیزائنر** ایم۔ٹی / صداقت رسول

## اندرون ملک اعزازی نمائندگان

| | | |
|---|---|---|
| اسلام آباد | فیضان الحق | 0345-5104380 |
| راولپنڈی | ایس ایم راشد | 0334-0108941 |
| پشاور | سجاد عزیز | 0333-9123151 |
| کراچی | عبدالرفیق | 0333-2101522 |
| بلوچستان/ کوئٹہ | محمد انور شاہ | 0333-7829766 |
| گجرات | میاں شہباز انصاری | 0300-6253063 |
| ملتان | چوہدری محمد ادریس | 0300-7896196 |
| فیصل آباد | رشید احمد صدیقی | 0300-8854260 |
| مینگورہ/ سوات | شرین زادہ | 0315-5749917 |
| خصوصی نمائندہ بنکاک | نجب خان | 0300-4007200 |

## بیرون ملک اعزازی نمائندگان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یواے ای (بیورو چیف) | ندیم فریدی | جاپان | جان عالم آفریدی | مکۃ المکرمہ | حسن چانڈیو' مہر اختر نواز |
| ابوظہبی | طارق حسین بٹ | کویت | عتیق عدنان | الریاض | خالد جاوید چیمہ |
| شارجہ | سرفراز باجوہ | جرمن/ برلن | محمد عارف سلیمی | دمام | چوہدری زین العابدین |
| دوہا/ قطر | اصغر علی قاضی | سعودی عرب | مجیب الحق فریدی | بحرین | محمد رزاق |
| اومان/ مسقط | جاوید نواز | جدہ | یحییٰ اشفاق | امریکہ | طارق جاوید چیمہ |
| | | | | یو۔کے | ذیشان مصطفیٰ قادری |
| | | | | لیبیا | محمد فاروق |

**خصوصی شمارہ پاکستان میں 250 روپے، گلف ممالک 10 درہم یا ریال' یورپ/ امریکہ اور دیگر ممالک میں 5 ڈالر**

یو اے ای ایڈریس: ٹیلی فون: 00971-4-3889101
فیکس: 00971-4-3889105 پی او بکس 45463 دبئی

## سالانہ خریدار

بیرون ممالک مڈل ایسٹ سالانہ 200 درہم/ ریال' یورپ/ امریکہ 150 ڈالر اور پاکستان میں سالانہ خریدار کیلئے مبلغ **2000** روپے کا بنک ڈرافٹ/ کراس چیک **حبیب بنک کرنٹ اکاؤنٹ نمبر 05950028938103 مین راوی روڈ لاہور پاکستان** میں جمع کروائیں یا ہیڈ آفس کے ایڈریس پر ارسال کریں۔ E-mail: youth_intlmag@yahoo.com پر اطلاع کریں

## ہیڈ آفس

بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور۔ پاکستان

/ M.Siddique Al Qadri
/ youthintlmagazine.com


Ph.Fax: 042-37210710, Mob: 0364-5115114, 0321-5533385

Website
www.youthintlmagazine.com


پبلشر ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹنگ پریس رائل پارک لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور پاکستان سے شائع کیا ہے

# امت مسلمہ کو آقائے دوجہاں حضرت محمد ﷺ کا یوم ولادت مبارک ہو

الحمدللہ آج 12 ربیع الاول کا مبارک بابرکت دن ہے آج کا دن اسلامی دنیا میں آقائے دوعالم رحمتہ العالمین ﷺ کا یوم ولادت باسعادت بڑے مذہبی جوش وخروش' عقیدت واحترام سے منایا جارہا ہے خالق کائنات نے اپنی مخلوق کی رہبری اور رہنمائی کیلئے ایک لاکھ 23 ہزار 999 پیغمبر بھیجے ان میں 313 رسول اور باقی نبی تھے۔ رب العالمین نے سارے انبیاء اور رسل میں سے سب سے زیادہ فضیلت ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخشی اللہ نے انہیں اپنے نور عظمت وجلال سے پیدا کیا آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے میں تب بھی تھا جب آدمؑ مٹی اور پانی کے درمیان تھے ایک روایت کے مطابق آقائے دوجہاں ﷺ' امام المرسلینؑ خاتم النبین ﷺ کی خلقت حضرت آدمؑ کی تخلیق سے نولاکھ سال قبل ہوگئی تھی مگر آپ کا ظہور وشہود سب سے آخر میں بشکل انسانی 570ء میں ہوا آپ کا یوم ولادت سوموار ہے آپ ﷺ بوقت شب صبح صادق شعب ابی طالب میں پیدا ہوئے ولادت مصطفی ﷺ کے دن تاریخ انسانیت میں ایسا روشن آفتاب طلوع ہوا جس کی روشنی ہر طرف پھیل گئی آپ ﷺ نے صدیوں سے جہالت کی تاریکی میں پھیلے ہوئے معاشرے کو مختصر مدت میں صراط مستقیم کی شمع سے روشناس کروایا پھر راہ ہدایت کی یہ روشنی دنیا کے کونے کونے تک پھیل گئی آپ ﷺ نبیوں میں رحمت کا لقب پانے والے ہیں فرشتے آپ ﷺ پر درود وسلام بھیجتے ہیں۔ رب العالمین آپ پر درود بھیجتا ہے ہماری یہ بہت بڑی سعادت ہے کہ ہم اس حکم کے تابع کہ آپ پر درود وسلام بھیجیں آپ ﷺ اللہ کے آخری رسول ﷺ آپ ﷺ کی کتاب (قرآن) آخری کتاب اور آپ کی امت محمدی آخری امت اور اس سے بڑھ کر ہماری اور کیا خوش نصیبی ہوگی کہ ہم آپ ﷺ کی امت محمدی ہیں۔ جشن عیدمیلادالنبی کے موقع پر اسلامی ملکوں میں اہل ایمان پورے جوش وخروش سے گھر' مسجدیں' عمارتیں' گلیاں' سڑکیں سجاتے ہیں آپ کی شان میں جلسے' سیمینار' کانفرنس' دودھ وپانی کی سبیلیں' نیازیں اور کھانے تقسیم کرتے ہیں



گزشتہ 14 سو برسوں میں اقوام عالم میں جتنی بھی مثبت تبدیلیاں ہوئی ہیں انسانی ومعاشرتی حقوق کا جتنا بھی شعور بیدار ہوا ہے قوموں کو اعلیٰ انسانی اقدار کے مطابق اپنا نظام مرتب کرنے کیلئے بین الاقوامی تنظیموں کے قیام کی جو کوششیں بھی ہوئی ہیں ان ساری کوششوں کا حقیقی محور ومرکز آقائے دوجہاں ﷺ کا دور سعادت آثار ہی ہے۔

انسانی زندگی میں دو سوال اہم ہوتے ہیں ایک تو یہ جو زندگی اسے حاصل ہوئی ہے اسے بسر کیسے کیا جائے دوسرا اس زندگی کا اصل مقصد کیا ہے ان دونوں سوالوں کے جواب آقائے دوعالم ﷺ نے دیئے ہیں زندگی آپ کا اسوۂ حسنہ' زندگی کا مقصد اللہ کی عبادت کے علاوہ رب کائنات کی طرف خیال ہی زندگی کا اصل مقصد حیات ہے یہی شیوہ مسلمانی ہے اس کا نام محمدی زندگی ہے۔ آپ ﷺ کی زندگی دنیا بھر کے انسانوں خصوصاً نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

آپؐ کا ذکر روح کی غذا ہے جو روحیں آپ ﷺ کا بکثرت ذکر کرتی ہیں آپ ﷺ سے محبت کرتی ہیں وہ عاشقانِ رسول ﷺ میں شامل ہوجاتی ہیں انہی عاشقان رسول ﷺ سے مخلوق پیار کرتی ہے عقیدت واحترام دیتی ہے انہی کے مزار بنتے ہیں مخلوق آکر نیازیں دیتی ہے قرآن خوانی کرتی ہے۔

قارئین! بارہ ربیع الاول کا حقیقی پیغام یہ ہے اپنے ذہن وقلب کو آقائے دوعالم ﷺ کی اتباع کیلئے تیار کیا جائے اپنی زندگیوں کو اسوۂ حسنہ کے مطابق گزارنے کا عہد کیا جائے اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام کر اپنے تمام تر اختلافات بھلا کر اتحاد امت مسلمہ کی طرف آگے بڑھا جائے اسلام دشمن قوتوں کے چیلنجز کا مقابلہ کیا جائے۔ ثابت کیا جائے کہ اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے صوفی ازم کو فروغ دیا جائے صوفی ازم انتہاپسندی' دہشت گردی کی نفی کرتا ہے انسانیت سے محبت کا درس دیتا ہے۔

آیئے ہم سب مل کر آقائے دوجہاں' رحمت العالمین ﷺ کی آمد پر کائنات کے ذرے ذرے کو مبارکباد پیش کریں رب العالمین کا شکریہ ادا کریں کہ اس نے ہمیں محمد مصطفی ﷺ کی امت میں پیدا کیا ہے۔

12 ربیع الاول جشن عیدمیلادالنبی ﷺ کے موقع پر یوتھ انٹرنیشنل میگزین حسب روایات خصوصی شمارہ پیش کررہا ہے امید ہے قارئین پسند فرمائیں گے اپنی قیمتی آراء سے آگاہ فرمائیں گے آئیں جشن عیدمیلادالنبی ﷺ کی خوشیوں بھرے لمحات میں شریک ہوکر بلند آواز میں پڑھیں۔ آقا ﷺ کی آمد مرحبا' حبیبؐ کی آمد مرحبا' رسولؐ کی آمد مرحبا' نبیؐ کی آمد مرحبا' سرکا ﷺ کی آمد مرحبا

آپ کا مخلص آقا کا غلام

محمد صدیق القادری
(ایڈیٹرانچیف)



# ایڈیٹر انچیف کے نام خطوط

**نوٹ** ایڈیٹرانچیف کا خطوط نویس کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

خطوط نویسوں سے گزارش ہے کہ خطوط واضح اور خوشخط کاغذ پر ایک طرف لکھیں، خطوط اجتماعی اور عمومی مفاد کے موضوع پر ہونے چاہیے

پتہ: 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور فیکس: 042-37210710 E-mail: youth_intlmag@yahoo.com

## مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت

مکرمی! مادری زبان کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ قرآن پاک عربی زبان میں نازل ہوا اس وجہ سے مسلمانوں کا عربی زبان سے تعلق رکھنا بہت ضروری ہے۔ اس کے بعد اردو کا عربی اور فارسی سے تعلق ہے۔ جس طرح ہم پاکستان میں اپنی مادری زبان کو نظر انداز کر کے انگریزی کی طرف اڈتے جا رہے ہیں اس سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ ہم وطن سے وفاداری کا حق نبھا سکیں گے۔ بلکہ ہم دوسرے ملکوں جیسا کہ امریکہ، یورپ وغیرہ میں کام کرنا زیادہ پسند کریں گے۔ ہماری تعلیم یافتہ افرادی قوت بیرون ملک منتقل ہو جائے گی۔ اگر یہی حال رہا تو ہمارا ملک کبھی بھی ترقی نہیں کر سکے گا۔ ہمیں اپنے ملک کی ترقی کے لئے اپنی قومی زبان پر زیادہ توجہ دینی چاہیے۔ اگر ایک طرح سے دیکھا جائے تو پاکستان کی بنیاد ہی اردو زبان پر رکھی گئی اسی اردو زبان کی بدولت ہم ترقی کر سکتے ہیں۔ انگریز اپنی زبان کو ترقی دینے کے لئے کیا کچھ نہیں کر رہے وہ اسے ہمارے ملک میں بھی پھیلا رہے ہیں۔ تا کہ ہم انہی کے ہو کر رہ جائیں اس لئے ہماری حکومت سے گزارش ہے کہ پنجاب اور ملک بھر میں اردو زبان کو فوقیت دی جائے اور بی اے میں انگریزی زبان کی بجائے اردو زبان کو لازمی قرار دیا جائے۔

سعید احمد منصورہ ڈگری کالج، لاہور

## صحت اور زندگی

مکرمی! موجودہ دور میں نئی جنریشن کو سیدھے راستے پر چلانے کی اشد ضرورت ہے ملٹی میڈیا کی بھرمار میں اسے صحیح طریقے سے گائیڈ کرنیوالا کوئی نہیں پڑھنے والے بچے کے پاس فارغ وقت نہیں ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نئی پود کو بتایا جائے کہ اس نے صحت مندانہ زندگی کس طرح گزارنی ہے؟ حکومت کو اس سلسلہ میں اس جنریشن کی راہنمائی کرنی چاہئے تا کہ نونہال ایک صحت مند زندگی گزار سکیں اور ساتھ ہی فارغ وقت اپنے آپ کو مصروف رکھنے کے لئے فیزیکل ایجوکیشن کی سرگرمیوں کا بھی انتخاب بھی کر سکیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آج کے بچوں نے کل کو ملک کی باگ دوڑ سنبھالنی ہے اگر بچے صحت مند ہونگے تو وہ ملک کو جلدی ہی ترقی کی منازل پر پہنچائیں گے۔ ایک مفکر کا قول ہے صحت مند جسم میں صحت مند دماغ ہوتا ہے۔ اس لئے اس قوم کے بچوں کے لئے ایسے ماحول کی بھی ضرورت ہے جہاں وہ صحت مند سرگرمیاں جاری رکھ سکیں تعلیم کی ترقی کے لئے لائق اساتذہ کا انتظام کرنا ہوگا۔ ترقی یافتہ ممالک میں ایک پرائمری سکول میں ایسی تمام سہولتیں ہوتی ہیں جس سے بچوں کی جسمانی نشونما بھی ہوتی ہے مثال کے طور پر اس سکول میں اتھلیٹکس کا ٹریک، سوئمنگ پول، باسکٹ بال، فٹ بال، ہاکی کے گراؤنڈ وغیرہ سکول کا حصہ ہوتے ہیں۔ پاکستان میں ایسی سہولتوں کی اشد ضرورت ہے آج کل کے دور میں اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ بچے کو مصروف رکھا جائے اس سلسلہ میں والدین کو پتہ ہونا چاہیے کہ میرا بچہ فارغ وقت میں کیا کرتا ہے؟ بقول روسو اگر آپ ذہین بننا چاہتے ہو تو اپنے جسم کو طاقتور اور مضبوط بنائیں۔

(مایا خان پشاور)

## دہشت گردی کو ختم کیا جائے

مکرمی! دہشت گردی ملک کے بڑھتے ہوئے مسائل میں سے سرفہرست ہے اور اسی مسئلے کی وجہ سے آج پورا پاکستان پریشان ہے۔ آج کوئی بھی شخص دہشتگردی کے خوف سے گھر سے باہر نہیں نکلتا ہے کہ پتہ نہیں وہ گھر واپس آئے گا بھی کہ نہیں۔ دہشت گرد اپنا کام کر رہے ہیں۔ پاکستان میں کوئی بھی ایسا شہر نہیں جو بم دھماکوں سے محفوظ ہو ہم جب بھی اخبار پڑھتے ہیں یا کسی چینل پر خبر آتی ہے تو سب سے پہلے یہی خبر آتی ہے کہ فلاں شہر میں آج دھماکہ ہوا اور اتنے لوگ زخمی ہو گئے ہیں اور اتنے لوگ جاں بحق ہو گئے ہیں۔ جب بھی دھماکہ ہوتا ہے تو صرف ہمارے اکابرین مذمت کا لفظ تو ضرور استعمال کرتے ہیں حقیقت میں مذمت کرتے نہیں۔

(سعید احمد، کراچی)

## اسوہ حسنہ کو نہ چھوڑیں

مکرمی! میں آپ کے میگزین کی وساطت سے حکام بالا تک یہ پیغام پہنچانا چاہتی ہوں کہ آج لوگوں نے اسوہ حسنہ پر عمل کرنا کیوں چھوڑ دیا۔ ہر کوئی اپنے اپنے طریق کار پر چل رہا ہے۔ جس کی وجہ سے آج قوم کا یہ حال ہو گیا ہے کہ ہر طرف لوگ فضول کاموں میں پڑ گئے ہیں۔ (ردا نور، منصورہ، فیصل آباد)

## مغرب کی اندھی تقلید

مکرمی! آج کل جدید فیشن کے نام پر عدم تہذیب کا سیلاب اٹڈ پڑا ہے۔ حتیٰ کہ والدین بھی اپنے بچے بچیوں کے غیر مہذب لباس وغیرہ کو فیشن کہہ کر ٹال جاتے ہیں۔ مغرب کی اندھی تقلید نے ہمارے کلچر کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ افسوس کہ سائنس کی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان نے اپنی سوچ کو تنزلی کی طرف مائل کر لیا ہے۔ ہمیں اپنی تہذیب، روایت اور ثقافت پر فخر کرنا ہوگا۔

(قیصر خان، سرگودھا)

## وقت کی بربادی

مکرمی! میں آپ کے میگزین کی وساطت سے حکام تک اپنا یہ پیغام پہنچانا چاہتی ہوں کہ بعض ٹی وی چینلز پر بے معنی پروگرامز دکھا کر نئی نسل کے قیمتی وقت کو ضائع نہ کریں۔ نئی نسل کو اپنا جو وقت پڑھائی کیلئے وقف کرنا چاہئے وہ بے معنی پروگرامز پر ضائع کر رہے ہیں۔ اگر غور کیا جائے تو قیمتی وقت کا یہ ضیاع ملک کی ترقی میں بڑی رکاوٹ کا سبب بن سکتا ہے۔ (مہدی خان گجرات)

# پیغمبر دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی حیات مبارکہ بحیثیت مثالی شوہر

## سربراہ خانہ کی حیثیت سے آپ ﷺ نے جو اسوۂ حسنہ امت کے سامنے پیش فرمایا یہ اسلامی تاریخ کا ایک روشن باب ہے

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ختمی مرتبت، پیغمبر رحمت، محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ، آپ ﷺ کا مثالی اسوۂ حسنہ، آپ ﷺ کی ذات گرامی اہل ایمان کیلئے سرچشمۂ ہدایت بھی ہے اور مرکز عشق و محبت بھی۔ مسلمانوں کا دینی، تہذیبی، سیاسی، معاشرتی نظام اور ضابطۂ حیات آپ ﷺ ہی کے اسوۂ حسنہ پر قائم ہے اور عمل کی دنیا بھی آپ ﷺ ہی کے احکام پر استوار ہے۔ معراج خیال بھی آپ ﷺ ہی کی تعلیم اور آپ ﷺ ہی کا پیغام ہے اور میزان عمل بھی آپ ﷺ ہی کی سنت و شریعت ہے۔ اللہ رب العزت نے اپنے حبیب فخر دو عالم، سرور کائنات محسن انسانیت ﷺ کو آخری رسول ﷺ، فائنل رول ماڈل اور کامل اسوۂ حسنہ بنا کر مبعوث فرمایا۔ علامہ سید سلیمان ندویؒ کیا خوب کہتے ہیں: ''ایک ایسی شخصی زندگی جو ہر طائفۂ انسانی اور ہر حالت انسانی کے مختلف مظاہر اور ہر قسم کے صحیح جذبات اور کامل اخلاق کا مجموعہ ہو، صرف محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہے...... زندگی کیلئے نمونہ اور سیرت کی درستی و اصلاح کیلئے سامان، ظلمت خانہ کیلئے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور محمد رسول ﷺ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم ملتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب اور نور ایمانی کے ہر متلاشی کیلئے صرف محمد رسول ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے''۔ (خطبات مدارس، ص 86)


معلم انسانیت، پیغمبر رحمت، سرور کائنات حضرت محمد ﷺ انسان کامل اور ہادی اعظم تھے۔ آپ ﷺ کی حیات طیبہ کا ہر گوشہ اور آپ ﷺ کی سیرت و کردار کا ہر رخ امت مسلمہ کیلئے روشن اور کامل و مکمل نمونہ اور اسوۂ حسنہ ہے۔ آپ ﷺ امت کے ہادی اور رہبر اور انسانیت کے معلم ہیں۔ آپ عام زندگی اور معاشرت میں انسان کامل تھے۔ آپ ﷺ بیٹے بھی تھے اور باپ بھی، شوہر بھی تھے اور بھائی بھی، عمر میں چھوٹے بھی تھے اور بزرگ بھی۔ آپ ﷺ دینی، روحانی، سیاسی، معاشی، سماجی، معاشرتی اور عائلی زندگی میں ہر حیثیت سے شاہ راہ حیات پر ایسے نقوش چھوڑ گئے جو ابد تک امت مسلمہ کیلئے ایک روشن نمونہ اور معیار عمل بنے رہیں گے۔

آپ ﷺ کی مثالی تعلیمات اور اسوۂ حسنہ ہر عہد اور ہر دور میں مسلمانوں کی قوت و رفعت کا سرچشمہ اور ان کی قومی و ملی سیرت کی تشکیل و تعمیر کا بنیادی عنصر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبے اور بندگی کے ہر گوشے میں انسانیت کی مکمل رہنمائی کی ہے۔ آپ ﷺ کا عطا کردہ نظام کامل و مکمل اور مینارۂ نور ہے۔

''بحیثیت شوہر'' اور سربراہ خاندان آپ ﷺ نے جو اسوۂ حسنہ امت کیلئے پیش فرمایا، وہ اسلامی تاریخ کا گراں بہا سرمایہ اور سیرت طیبہ کا ایک روشن باب ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں سب سے زیادہ اہمیت خاندانی نظام، خانگی زندگی اور گھریلو تعلقات کو حاصل ہے، تاریخ انسانی ایسے افراد اور مشاہیر کے ذکر سے معمور ہے جنہوں نے زندگی کے مختلف میدانوں میں ایسے کارہائے نمایاں انجام دیئے جن کی بناء پر انہیں شہرت حاصل ہوئی لیکن ان میں شاید ہی کوئی ایسا ہو جس کے خاندانی تعلقات، گھریلو ماحول اور خانگی زندگی سے متعلق زندگی کی ایسی تفصیلات ہمارے پاس موجود ہوں جو دوسروں کیلئے قابل تقلید اور لائق اتباع ہوسکیں۔ یہ شرف، یہ امتیاز اور یہ فضیلت رب العالمین نے سید الاولین والآخرین، امام الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی ذات گرامی کو ہی عطا فرمائی ہے کہ آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ، سیرت طیبہ اور حیات مبارکہ کا ہر گوشہ اور ہر پہلو امت کیلئے رشد و ہدایت کا سرچشمہ اور مینارۂ نور ہے۔ آپ ﷺ کی خانگی زندگی اور بحیثیت شوہر اور سربراہ خاندان آپ ﷺ کی سیرت و کردار امت کیلئے ایک روشن نمونہ ہے۔ چنانچہ ایک شوہر اور رفیق حیات کی حیثیت سے رہبر کامل حضرت محمد ﷺ کی سیرت و کردار ہر شوہر اور سربراہ خانہ کیلئے لائق تقلید نمونہ ہے۔ ایک موقع پر رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سب سے بھلے اور بہتر وہ لوگ ہیں جو کہ اپنے اہل خانہ اور اپنی بیویوں کیلئے بھلے ہیں''۔ (ترمذی)

محسن انسانیت پیغمبر رحمت حضرت محمد ﷺ نے بحیثیت شوہر اور سربراہ خاندان خواتین سے حسن سلوک اور حسن معاشرت کی تعلیم دی۔ قرآن کریم میں اس حوالے سے جو اسلوب اختیار کیا گیا، وہ نہایت منفرد، جامع اور نصیحت آموز ہے۔ ارشاد ہوا: ''وعاشروھن بالمعروف'' یعنی ان کے ساتھ معاشرت، معاملات، طرز زندگی اور برتاؤ معروف طریقے سے کرو۔ ان سے حسن سلوک سے پیش آؤ، ''معروف'' کے ساتھ معاملہ اور برتاؤ کرنے کے الفاظ بہت جامع اور عام ہیں۔ قرآن





# آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبے اور بندگی کے ہر گوشے میں انسانیت کی مکمل رہنمائی کی ہے آپ ﷺ کا عطا کردہ نظام کامل و مکمل اور مینارۂ نور ہے

کریم کی اگر اسی ایک آیت کو سامنے رکھا جائے اور اس کے مطابق عمل کیا جائے تو خواتین پر ظلم وستم کا خاتمہ ہو جائے اور ان سے حسن سلوک کی روش عام ہو جائے۔ قرآن کریم میں ایک مقام پر خاندانی نظام کی اساس اور انگی زندگی کی بنیاد ''میاں بیوی کے باہمی تعلق اور ان کے مابین حسن معاشرت رحمت ومودت کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک اہم نشانی کے طور پر بیان فرمایا ہے چنانچہ اس حوالے سے ارشاد ربانی ہے ''یہ اس (اللہ) کی رحمت کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تم ہی میں سے جوڑے پیدا کیے تاکہ اس کی وجہ سے تمہیں سکون حاصل ہو اور تمہارے درمیان مودت (باہمی تعلق دوستی) اور رحمت کا جذبہ پیدا کر دیا۔ غور وفکر کرنے والوں کیلئے ان میں نشانیاں ہیں'' (سورۃ الروم 31:30)

اس آیت کے ذیل میں معروف سیرت نگار علامہ سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں: ''اسلام کا صراط مستقیم افراط وتفریط کے ربط سے نکلا ہے وہ نہ عورت کو خدا جانتا ہے اور نہ زندگی کی راہ کا کانٹا سمجھتا ہے۔ اس نے عورت' (بیوی/ رفیقہ حیات) کی تعریف یہ کی کہ وہ مرد کیلئے اس کشمکش گاہ عالم میں تسکین وتسلی کی روح ہے''۔

رسول ﷺ امت کے معلم ومربی ہیں۔ آپ ﷺ کی تعلیمات اور اسوۂ حسنہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ نکاح کے بندھن میں بندھنے والے ''میاں بیوی'' باہمی خیر خواہی وخیر سگالی کے جذبات سے سرشار ہوں۔ ایک دوسرے کیلئے فرحت وسکنیت کا ذریعہ ہوں۔ قرآن کریم نے اس رشتے کی لطافتوں اور نزاکتوں کو نہایت بلیغ انساز میں اس طرح بیان کیا ہے ''وہ عورتیں تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو'' (سورۃ البقرہ)

سیدنا فاروق اعظمؓ فرماتے ہیں: ''ہم اسلام کی آمد سے قبل عورتوں (بیویوں) کو کسی شمار وقطار میں نہیں لاتے تھے' اسلام آیا تو اس نے ان کے متعلق احکام صادر فرمائے اور ان کے حقوق مقرر کیے۔ (صحیح بخاری)

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: ''تم میں سے ہر ایک اپنی رعایا کا نگہبان ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نسبت باز پرس ہوگی۔ مرد اپنے بیوی بچوں کا رکھوالا (سربراہ خاندان) ہے اس سے اس کی پوچھ ہوگی اور بیوی اپنے شوہر کے گھر کی ملکہ ہے اس سے اس کی پوچھ ہوگی'' (صحیح بخاری)

مشہور صحابی رسول ﷺ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ایمان والوں میں کامل ایمان والے وہ لوگ ہیں' جو اخلاق کے لحاظ سے بہتر ہیں اور تم میں سے بہترین وہ لوگ ہیں جو اپنی خواتین کیلئے بہتر ہیں۔ (ترمذی)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دنیا تمام سامان زندگی ہے اور دنیا کا بہترینسامان زندگی نیک صالح عورت ہے''۔

محسن انسانیت ﷺ سے سوال کیا گیا کہ ہم میں سے کسی کی بیوی کا اس پر کیا حق ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم کھاؤ تو اسے بھی کھلاؤ اور جب تم (نیا) لباس بنواؤ تو اس کا لباس بھی بنواؤ۔ (سنن ابوداؤد)

محسن انسانیت ﷺ نے احترام انسانیت اور حقوق انسانی کے عالمی منشور ''خطبۂ حجۃ الوداع'' کے تاریخ ساز موقع پر امت اور پوری انسانیت کے نام اپنے پیغام میں فرمایا: ''اے لوگو! تمہاری بیویوں کا تمہارے ذمے حق ہے اور تمہارا ان پر حق ہے۔ بلاشبہ عورتیں (تمہاری بیویاں) تمہارے پاس مقید (زیر کفالت) ہیں کہ وہ اپنی ذات کیلئے کسی چیز پر قادر نہیں' بلاشبہ تم نے انہیں اللہ کی امان کے طور پر حاصل یکا ہے اور انہیں اپنے اوپر اللہ کے کلمات کے ساتھ حلال کیا ہے لہٰذا عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو اور ان کے ساتھ بھلائی (حسن معاشرت اور حسن سلوک) کرنے کی میری وصیت قبول کرو''۔ (ہیثمی/ مجمع الزوائد)

ایک مثالی شوہر کی حیثیت سے محسن انسانیت ﷺ کا اسوۂ حسن معاشرت اور خانگی زندگی کا وہ کامل ترین نمونہ ہے' جو سرکار دو جہاں' محسن نسواں حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبہ کے سوا کسی دوسری زندگی میں نظر نہیں آتا۔ آج سے چودہ سو سال قبل کی معاشرتی زندگیاور عالمی تہذیب وتمدن کی جانب نگاہ ڈالیے' تاریخ کے اس تاریک دور میں عورت کا کیا مقام ومرتبہ تھا' بحیثیت بیوی عورت کو کیا حقوق حاصل تھے۔ روما کی تہذیب ''عورت'' کو بدی کا سرچشمہ اور لعنت کہہ رہی تھی' عالمی تہذیب وتمدن کے مراکز یونان اور فارس میں عورت کو مرد کے دامن پر ایک بدنما داغ سمجھا جاتا تھا۔ ہندوستان میں عورت مرد کی داسی اور غلام تھی' مغربی دنیا کے فلاسفر اور مفکرین اس بحث میں مصروف تھے کہ عورت انسان بھی ہے یا نہیں؟ مشرق و مغرب کی مذہبی دنیا کا یہ خیال تھا کہ مرد وعورت کا ازدواجی رشتہ مرد کی روحانی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ عورت کی مظلومی کے اس تاریک دور میں قرآن کریم نے عورت کی عزت وعظمت کا اعلان کیا اور حسن معاشرت کے اس فرمان اور سماجی اصلاح کے ابدی قانون کو محسن انسانیت ﷺ نے اپنے اسوۂ حسنہ اور سیرت طیبہ سے ایک زندگی حقیقت بنا کر دنیا کے سامنے پیش فرمایا۔ اس کا اعتراف کیے بغیر چارۂ کار نہیں کہ اسلام کی معاشرتی اصلاح کے مکمل دستور کے ساتھ اگر سرور کائنات' معلم انسانیت ہادی اعظم حضرت محمد ﷺ کی گھریلو زندگی کا حسن معاشرت پر مبنی عملی نقشہ عالم انسانیت کے سامنے نہ ہوتا تو صدیوں کی بگڑی ہوئی سوسائٹی اور عالمی تہذیب ''عورت'' کو باعزت مقام ومرتبہ دینے پر ہرگز آمادہ نہ ہوتی۔

سرکار دو جہاں ﷺ نے بحیثیت شوہر اور سربراہ خاندان اپنی گھریلو زندگی کو محبت' وفا اور ایثار وتعاون سے مثالی طرز معاشرت کا حسین نمونہ بنایا' دنیا کو تسلیم کرنا پڑا کہ اسلام نے حسن معاشرت اور خانگی زندگی کا جو نقشہ پیش کیا ہے وہ برحق اور انسانی فطرت کی آواز ہے۔ ایک موقع پر رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے بہتر وہ ہیں جو اپنی بیویوں کیلئے بہتر ہیں اور میں اپنی بیویوں (ازواج مطہراتؓ) کے لیے سب سے بہتر ہوں۔ (ترمذی' ابن ماجہ)

کاشانہ نبوی ﷺ میں بیتے رسول اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے تاریخی لمحات امت کیلئے اسوۂ حسنہ اور ایک روشن نمونہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے کسی نے دریافت کیا' رسول اللہ ﷺ کی گھریلو زندگی کیسی تھی؟ آپ ﷺ کے گھریلو معمولات کیا تھے؟ یہ سن کر ام المومنین حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ''آپ ﷺ آدمیوں میں سے ایک آدمی تھے' اپنے کپڑوں کی دیکھ بھال خود ہی فرما لیتے' بکری کا دودھ خود دوہتے اور اپنی ضرورتیں خود

ہی پوری کر لیتے' نیز اپنے کپڑوں کو خود ہی پیوند لگا لیتے' اپنے جوتے کی مرمت کر لیتے اور یہ کہ پانی کے ڈول کو ٹانکے لگا لیتے' بوجھ اٹھاتے' جانوروں کو چارہ ڈالتے' کوئی خادم ہوتا تو اس کے ساتھ مل کر کام کرتے' مثلاً اسے آٹا پسوا دیتے اور کبھی اکیلے ہی محنت مشقت کے کام کر لیتے' بازار جانے میں بھی عار نہ تھا' خود ہی سودا سلف لاتے اور ضرورت کی چیزیں ایک کپڑے میں باندھ کر اٹھا لاتے''۔

لوگوں نے یہ بھی دریافت کیا کہ رسول خدا ﷺ جب گھر میں ہوتے تو کیا رنگ رہتا؟ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: ''الین الناس' بساما ضحاکا''۔ سب سے زیادہ نرم دل' نرم خو' ہمیشہ مسکرانے والے' خندہ جبیں اور اس نرم خوئی کی شان یہ تھی کہ کبھی کسی خادم کو جھڑکا نہیں۔ حق یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ سے بڑھ کر کوئی بھی اپنے اہل و عیال کیلئے شفیق نہ تھا''۔ (صحیح مسلم)

اور میں خود وہاں سے چلی گئی۔ اب تم خود ہی اندازہ کر لو کہ ایک کمسن اور کھیل کی شائق لڑکی کتنی دیر کھیل کو دیکھتی ہے۔ (بخاری' مسلم)

حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں کہ وہ ایک سفر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھیں' فرماتی ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کے ساتھ دوڑ لگائی تو میں آپ ﷺ سے آگے نکل گئی۔ کچھ عرصہ بعد جب میرا وزن بڑھ گیا تو میں نے پھر آپ ﷺ کے ساتھ دوڑ لگائی اس دفعہ آپ ﷺ مجھ پر سبقت لے گئے اور فرمایا (عائشہؓ) یہ اس جیت کا بدلہ ہو گیا''۔

(سنن ابن ماجہ' مسند احمد)

حضرت اسودؓ سے روایت ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے سوال کیا کہ نبی اکرم ﷺ اپنے کاشانۂ اقدس میں کیا کام کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ

راتوں کو چراغ جلانا بھی استطاعت سے باہر تھا' چالیس چالیس راتیں گزر جاتیں اور گھر میں چراغ نہیں جلتا تھا۔ ان حجروں کو آباد کرنے والی ازواج مطہراتؓ اور امت کی مائیں اس معاشرت اور رسول اللہ ﷺ سی نسبت تعلق اور رفاقت کو دنیا و مافیہا سے افضل و برتر سمجھتی تھیں۔ حالانکہ وہ عرب کے نامور قبائل' معزز خاندانوں' حتیٰ کہ بعض تو شاہی ایوانوں سے تعلق رکھتی تھیں' تاہم رسول اکرم ﷺ کی سیرت و کردار' آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ اخلاق کریمانہ اور حسن معاشرت نے انہیں آپ ﷺ کا گرویدہ بنا دیا تھا۔ آپ ﷺ کی خانگی زندگی اور طرز معاشرت کا امتیازی پہلو یہ ہے کہ گھر کی فضا آپ ﷺ نے کبھی خشک اور بوجھل نہ بننے دی۔ نہ ہی اس میں کوئی مصنوعی انداز پیدا ہونے دیا' کاشانۂ نبوی ﷺ ایک انسانی گھر کی طرح تھا۔ جس کی فضا میں فطری جذبات کا مد و جزر رہتا۔ اس میں

**آپ ﷺ کی ازواج مطہراتؓ کے مکانات چھوٹے چھوٹے حجروں پر مشتمل تھے جن میں سے ہر زوجہ محترمہ کو ایک حجرہ حاصل تھا' لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ کی خوش نصیب ازواج مطہراتؓ آپ ﷺ کے ساتھ گزری ہوئی ایک گھڑی کے عوض پوری دنیا کو بھی لینا گوارا نہ کرتی تھیں**

بحیثیت مثالی شوہر خانگی زندگی کے حوالے سے آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے روشن و درخشاں پہلوؤں اور دل کش نقوش سیرت میں ایک نقش یہ بھی نظر آتا ہے کہ آپ ﷺ امہات المومنینؓ کی دل بستگی' تفریح طبع اور راحت و مسرت کا بھرپور خیال رکھتے تھے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے۔ انہوں نے فرمایا (میرے والد) حضرت ابوبکرؓ (ہمارے گھر) تشریف لائے تو میرے پاس انصار کی دو لڑکیاں جنگ بعاث کے حوالے سے انصار کی بہادری کے گیت گا رہی تھیں۔ آپ فرماتی ہیں کہ یہ گانے والی نہ تھیں (یہ دیکھ کر) حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے گھر میں شیطانی باجا؟ یہ عید کے تہوار کی بات ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکرؓ (رہنے دو) ہر قوم کی عید ہوتی ہے اور یہ ہماری عید ہے''۔ (صحیح بخاری' صحیح مسلم)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں کہ بخداء میں وہ منظر آج بھی دیکھ رہی ہوں کہ حضور اکرم ﷺ میرے حجرے کے دروازے پر کھڑے تھے اور حبشی اپنے ہتھیاروں سے آپ ﷺ کی مسجد کے صحن میں جنگی مشقیں کر رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ مجھے اپنی چادر میں چھپائے ہوئے تھے تاکہ میں ان کی مشقیں دیکھتی رہوں۔ آپ ﷺ میری وجہ سے قیام فرما رہے' یہاں تک کہ میرا دل بھر گیا

گھر والوں کے کاموں میں مشغول رہتے اور جب نماز کا وقت ہو جاتا تو (تمام کاموں کو ترک کر کے) نماز کیلئے تشریف لے جاتے''۔

(ترمذی' مسند احمد)


آپ ﷺ کی ازواج مطہراتؓ کے مکانات چھوٹے چھوٹے حجروں پر مشتمل تھے۔ جن میں سے ہر زوجۂ محترمہ کو ایک حجرہ حاصل تھا' لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ کی خوش نصیب ازواج مطہراتؓ آپ ﷺ کے ساتھ گزری ہوئی ایک گھڑی کے عوض پوری دنیا کو بھی لینا گوارا نہ کرتی تھیں۔ وہ سب اسی حال پر مطمئن اور خوش تھیں اور اسی میں لطف محسوس کرتی تھیں۔

امت کے معلم و مربی' سرکار دو عالم' سرور کائنات رحمۃ للعالمین حضرت محمد ﷺ کی خانگی زندگی اور طرز معاشرت میں سادگی و قناعت پسندی کا یہ عالم تھا کہ ازواج مطہراتؓ کے حجرے اور کاشانۂ نبوی ﷺ کی وسعت چھ سات ہاتھ سے زیادہ نہ تھی جس کی دیواریں مٹی کی تھیں' کھجور کے پتوں اور ٹہنیوں کی چھت تھی' بلندی اتنی تھی کہ آدمی کھڑا ہوتا تو ہاتھ چھت تک پہنچ جاتا۔ گھر کی کل کائنات' ایک چارپائی' ای چٹائی' ایک بستر' ایک تکیہ جس میں چھال بھری تھی' آٹا اور کھجور رکھنے کیلئے ایک دو مٹکے' پانی کا ایک برتن اور پینے کا ایک پیالہ'

آنسوؤں کی چمک بھی ہوتی اور مسکراہٹوں کی چہک بھی۔ محبتیں بھی کارفرما تھیں پریشانیاں بھی رہتیں اور تفریح کے لمحات بھی آتے۔ حضور اس باغ میں آتے تو نسیم کے جھونکے کی طرح آتے اور ایک عجیب شگفتگی پھیل جاتی۔ آپ ﷺ نے اپنی سیرت و کردار سے حسن معاشرت کا ایک مثالی اور لائق تقلید نمونہ امت کے سامنے پیش فرمایا ہے۔ آپ ﷺ نے ایک طویل عرصہ ازواج مطہراتؓ کے ساتھ گزارا لیکن اس دوران کبھی کوئی مشکل پیش نہ آئی۔ آپ ﷺ نرم دل' کامیاب اور مثالی شوہر اور لائق تقلید سربراہ خاندان تھے۔

رسول اکرم ﷺ نے اپنی ازواج مطہراتؓ کو جو مقام دیا' تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ اگر آپ ﷺ کسی رات ایک زوجۂ محترمہ کے پاس خیریت دریافت کرنے کیلئے تشریف لاتے تو دیگر ازواج مطہراتؓ کی خدمت میں بھی جاتے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج مطہراتؓ کے درمیان قرعہ ڈالتے' سو جس کا قرعہ نکلتا' اسے اپنے ساتھ لے جاتے اور آپ ﷺ نے ان کے درمیان ہر ایک کیلئے ایک رات اور دن کی باری مقرر فرمائی ہوئی تھی۔ (صحیح بخاری' سنن ابن ماجہ)

آپ ﷺ رہن سہن اور حقوق و مراعات میں ازواج مطہراتؓ



کے ساتھ ایک جیسا برتاؤ فرماتے۔

آپ ﷺ کی بے مثال مروت ہی کا نتیجہ تھا کہ ازواج مطہراتؓ میں سے ہر ایک اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے سب سے زیادہ قریب سمجھتی تھیں۔ جو چیز انسان کے بس میں نہ ہو وہ اس کے کرنے کا مکلّف بھی نہیں ہوتا۔ چونکہ انسان اپنے دلی جذبات کے بارے میں بے بس ہوتا ہے اس لیے رسول اللہ ﷺ اپنی ازواج مطہراتؓ کے درمیان باریاں مقرر کر کے برابری کے باوجود فرماتے: یا اللہ! جو برابری میرے بس میں تھی وہ میں نے کر دی اور جس بات پر آپ قادر ہیں لیکن میں قادر نہیں' اس پر مجھے ملامت نہ کیجیے۔ مصر کے معروف محقق و مذہبی اسکالر عبدالحلیم ابوشقہ نے عہد رسالت ﷺ میں عورت کے مقام و مرتبے پر ایک ضخیم اور جامع کتاب ''المراۃ فی عصر الرسول ﷺ'' کے عنوان سے تحریر کی ہے جس میں عہد نبوی ﷺ میں مسلم خواتین کی سماجی' معاشرتی اور ازواجی زندگی پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس کا ایک باب رسول اللہ ﷺ کی عائلی و ازواجی زندگی' ازواج مطہراتؓ کی طرز معاشرت اور بحیثیت ''شوہر'' رسول اکرم ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے جائزے پر مشتمل ہے۔ استاد عبدالحلیم ابوشقہ ''بحیثیت شوہر'' رسول اکرم ﷺ کا اسوۂ حسنہ بیان کرتے ہوئے نہایت اختصار اور جامعیت کے ساتھ لکھتے ہیں۔ ''رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ ہر صبح آپ ﷺ اپنی ازواج مطہراتؓ کے پاس جاتے' انہیں سلام کرتے اور دعائیں دیتے۔ ازواج مطہراتؓ کو بلند و بہتر کاموں کی ترغیب دیتے' سفر میں انہیں شریک کرتے' سواری کے حدی خوانوں کو ان کی خاطر نرم رفتاری کی ہدایت فرماتے۔ غزوات اور جنگی مہمات سے واپسی پر اچانک رات کو گھر میں داخل نہ ہوتے' اعتکاف کی حالت میں ازواج مطہراتؓ کا استقبال کرتے اور بعض اوقات انہیں رخصت کرنے مسجد نبوی ﷺ کے دروازے تک آتے' ان کی جائز خواہشات سے اتفاق کرتے' سواری پر ان کے لئے نرم جگہ بناتے اور اپنے گھٹنے کے سہارے انہیں سواری پر سوار کرتے اور بیماری کے موقع پر خوب دل جوئی اور لطف و عنایت کا اظہار فرماتے تھے'' (عبدالحلیم ابوشقہ/عورت عہد رسالت ﷺ میں' ص402)

آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہمیں یہ بتاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ازواج مطہراتؓ کے ساتھ بیٹھتے اور ان کے ساتھ عام گفتگو فرماتے تھے۔ بعض اوقات کسی مسئلے پر ان سے تبادلۂ خیال بھی فرماتے۔ مشورے بھی کرتے۔ درحقیقت آپ ﷺ اپنے اس طرز عمل سے اپنی امت کو عورت کی قدر و منزلت سے آگاہ کرنا چاہتے تھے۔ اس سے قبل عورت کو معاشرے میں یہ مقام حاصل نہ تھا۔ آپ ﷺ نے عملی طور پر اس کا آغاز اپنے گھر سے فرمایا۔ ''صلح حدیبیہ'' کے نازک موڑ پر ایک اہم مسئلے اور گتھی کا حل ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کے مشورے سے طے پایا۔ حاصل کلام یہ کہ محسن انسانیت' رسول خدا حضرت محمد ﷺ سب سے مکمل مثالی شوہر اور لائق تقلید سربراہ خاندان تھے۔ آپ ﷺ ان کے فکری معلم اور روحانی مربی تھے۔

ترکی کے نامور محقق' مذہبی اسکالر اور سیرت نگار محمد فتح اللہ گولن اپنی شاہکار کتاب ''محمد نور سرمدی'' میں کیا خوب کہتے ہیں۔ آپ ﷺ کی کوئی اور دلیل نہ ہوتی تو بھی شوہر و سربراہ خانہ کی حیثیت سے آپ ﷺ کا طرز عمل ہی آپ ﷺ کی نبوت کی کافی دلیل ہوتی''۔

آغاز اسلام اور نزول وحی کے نازک موقع پر ام المومنین ملکۂ عرب سیدہ خدیجہ الکبریٰؓ نے رسول اکرم ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا تھا: ''آپ ﷺ متردد نہ ہوں۔ اللہ آپ ﷺ کا ساتھ نہ چھوڑے گا۔ کیوں کہ آپ ﷺ صلہ رحمی کرتے ہیں' بے کسوں اور محتاجوں کے معاون رہتے ہیں' مہمان نوازی کرتے ہیں' مصائب میں حق کی حمایت کرتے ہیں'' زوجہ رسول ﷺ ام المومنین سیدہ خدیجہ الکبریٰؓ کا یہ فرمانا رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی ایک روشن دلیل بھی ہے اور ایک بیوی کا اپنے شوہر نامدار کی سیرت و کردار اور مکارم اخلاق کی گواہی بھی۔ دوسری جانب سرور کائنات' ختمی مرتبت' معلم انسانیت حضرت محمد ﷺ کا اپنی پہلی رفیقۂ حیات' ام المومنین سیدہ خدیجہ الکبریٰؓ سے الفت و محبت اور مودت کا یہ عالم تھا کہ آپ ﷺ انہیں اکثر یاد کیا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک موقع پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کی تعریف شروع کی اور بہت دیر تک ان کی تعریف فرماتے رہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ مجھے اس پر رشک آیا تو میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ قریش کی ایک معمر اور بوڑھی خاتون جنہیں فوت ہوئے ایک زمانہ بیت چکا ہے۔ اتنی دیر سے تعریف فرمارہے تھے۔ آپ ﷺ کو ان سے بہتر بیویاں خدا نے عطا کی ہیں' یہ سن کر رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میری وہ بیوی تھی کہ جب لوگوں نے میرا انکار کیا تو وہ مجھ پر ایمان لائیں اور جب لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے تو انہوں نے میری تصدیق کی اور جب لوگ مجھے امداد سے محروم کر چکے تھے تو انہوں نے اپنے مال و دولت سے میری مدد اور غم خواری کی اور ان سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد عطا فرمائی''۔ مختصر یہ کہ ختم الرسل ﷺ نے بحیثیت شوہر اور سربراہ خانہ امت کے لئے ایک روشن نمونہ اور مثالی اسوۂ حسنہ پیش فرمایا ہے جس کی اتباع میں ہمارے لیے رشد و ہدایت کا سامان موجود ہے۔

سیرت ہے تری جوہر آئینۂ تہذیب
روشن ترے جلوؤں سے جہان دل و دیدہ
تو روح زمن' رنگ چمن' ابر بہاراں
تو حسن سخن' شان ادب' جان قصیدہ
تجھ سا کوئی آیا ہے' نہ آئے گا جہاں میں
دیتا ہے گواہی یہی عالم کا جریدہ
مضمر تری تقلید میں عالم کی بھلائی
میرا یہی ایماں ہے یہی میرا عقیدہ

کھلی کچہری

# ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر کی آڑ میں اربوں روپے کی کرپشن کون روکے گا؟

## نام نہاد ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز اخبارات وجرائد میں بیرون ملک بھرتی کے بڑے بڑے اشتہارات دے کر کھلم کھلا لوگوں کو لوٹ رہے ہیں

## اتنی بڑی غیر قانونی کرپشن اور لوٹ مار کو روکنے پر بیورو آف امیگریشن، وزارت داخلہ، ایف آئی اے، پولیس بے بس کیوں؟

پاکستان باصلاحیت انتھک محنتی، جفاکش مین پاور سے مالا مال ہے۔ ہمارے ہاں ٹیکنیکل ایجوکیشن کی بہت ضرورت ہے تاکہ ہمارے پاکستانی لوگ زیادہ سے زیادہ ہنر سیکھ کر بیرون ملک جائیں وہاں سے کثیر زرمبادلہ اپنے وطن عزیز بھجوائیں افسوس ناک صورت حال یہ ہے ہماری حکومت نے مین پاور ایکسپورٹ کے شعبے کی طرف کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دی نہ ہی ملک میں ٹیکنیکل تعلیم کو عام کرنے کیلئے کو قابل ذکر اقدامات کئے گئے سوائے کاغذی سطح پر جمع تفریق کرنے کے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے مین پاور ایکسپورٹ میں کرپشن، لوٹ مار، دھوکہ دہی، فراڈ بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان میں بعض نام نہاد، برائے نام ٹریڈ ٹیسٹ سنٹروں کی آڑ میں اربوں روپے کی کرپشن ہو رہی ہے دوسرے لفظوں میں ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز پر سب ایجنٹوں نے اپنے مکروہ دھندے کیلئے کھول رکھے ہیں ان ٹریڈ ٹیسٹ میں زیادہ تر سب ایجنٹی ہو رہی ہے۔ بری طرح لوگوں کو لوٹا جا رہا ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ پاکستان کے اخبارات وجرائد میں ان بعض نام نہاد ٹریڈ ٹیسٹ سنٹروں کے بیرون ملک بھرتی کے بڑے بڑے غیر قانونی اشتہارات شائع ہو رہے ہیں۔ ان اشتہارات میں ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کا نام فون نمبر ایڈریس بڑے حروف میں شائع ہوتا ہے جبکہ جس پروموٹرز کی ڈیمانڈ پرمیشن پر بھرتی ہوتی ہے اکثر اشتہارات میں اس کا نام فون، ایڈریس تک درج نہیں کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے بھرتی کیلئے آنے والے لوگ ڈیمانڈر رکھنے والے اوورسیز پروموٹرز کے پاس جانے کی بجائے اشتہار میں درج ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز جاتے ہیں جہاں وہ سب ایجنٹوں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں جہاں انہیں بھیڑ بکریوں کی طرح ایجنٹ در ایجنٹ بے دردی سے لوٹا جاتا ہے ہمارے سروے کے مطابق اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کا کہنا ہے ٹریڈ ٹیسٹ کی اکثریت انھیں بلیک میل کرتی ہے جب ڈیلی گیشن بھرتی کیلئے

### ٹریڈ ٹیسٹ سنٹروں میں کرپشن ختم کرنے کیلئے آپریشن کلین اپ کیا جائے

آتا ہے تو اپنے لوگوں کو آگے لائنوں میں لگا کر بھرتی کروالیتے ہیں پھر ریٹ کم کرانے کے لئے بلیک میل کرتے ہیں جس کی وجہ سے پروموٹرز کو فائدہ ہونے کی بجائے الٹا نقصان ہو جاتا ہے اوورسیز پروموٹرز کا مزید کہنا تھا کہ زیادہ تر ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر سب ایجنٹی کر رہے ہیں پروموٹرز بڑی خطیر رقم انویسٹمنٹ کر کے بیرون ملک سے ڈیمانڈ لاتے ہیں پھر بڑے مناسب ریٹ اور کم پرافٹ پر لوگوں کو بھجواتے ہیں ٹریڈ سنٹرز اور سب ایجنٹ پروموٹرز سے کئی گناہ زیادہ رقوم وصول

### فراڈ اور جعلی ٹریڈ ٹیسٹ سنٹروں پر پابندی لگائی جائے


کرتے ہیں۔لوگ یہاں پروموٹرز کو زیادہ رقوم دینے کا بتاتے نہیں مگر باہر جا کر پروموٹرز کو زیادہ رقوم دے کر آنے کی شکایات کر کے بدنام کرتے ہیں جس سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ایمپلائز ناراض ہو جاتے ہیں۔79ء کے امیگریشن ایکٹ کے تحت سب ایجنٹی جرم ہے جس کی سزا موجود ہے۔ پاکستان میں زیادہ تر

### جو ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کے مطابق کام کر رہے ہیں انہیں رجسٹرڈ کر کے باقاعدہ لائسنس دیا جائے

سب ایجنٹوں نے بعض ریاستی اداروں کی پشت پناہی اور ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر کی آڑ میں بڑے وسیع پیمانے پر سب ایجنٹی شروع کر رکھی ہے۔ ہمارے ٹریڈ ٹیسٹ سنٹروں کے بارے میں سروے کے دوران دیکھا گیا زیادہ تر ٹریڈ سنٹرز جو ایک بڑے سائن بورڈ، موبائل فون اور بند عمارت یا دوکان تک محدود ہیں ان کا دھندہ صرف اخبارات وجرائد میں بڑے بڑے اشتہارات دینے اور موبائل کے ذریعے لوگوں کو بیرون ملک ملازمتوں کے سبز باغ دیکھا کر لوٹ مار، فراڈ کرنے تک محدود ہے اس غیر قانونی دھندے میں مقامی پولیس ایف آئی اے دیگر ایجنسیاں تماشائی بن ہوئی ہیں یا بے بس ہیں بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز میں ہونے والی غیر قانونی بھرتی کے حوالے بے بس نظر آ رہا ہے۔ بیرون ملک بھرتی کے اشتہارات میں ڈیمانڈ یافتہ پروموٹرز کے نام ایڈریس اور فون نمبر نمایاں حروف میں لکھوانے میں مکمل طور پر ناکام ہو رہا ہے حالانکہ غیر ملکی بھرتی کے سارے اشتہارات پروٹیکٹرز دفاتر کی پرمیشن اور بغیر پرمیشن سے شائع ہو رہے ہیں۔ چند ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کے علاوہ زیادہ تر نام نہاد سنٹرز صرف بیرون ملک کمپنیوں کا نام شائع کر کے دھڑا دھڑ بھرتی کرتے ہیں اگر 50 لوگوں کی ڈیمانڈ ہوتی ہے تو ایک ہزار لوگوں سے بھاری رقوم لے کر رفو چکر ہو جاتے ہیں کئی ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کے مالکان کے فراڈ اور دھوکہ دہی اور بھاری رقوم لے کر بھاگتے کی داستانیں مارکیٹ میں موجود ہیں ایسے فراڈ ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز کے خلاف حکومت کا ادارہ ایکشن نہیں لے رہا پولیس اور ایف آئی اے بیورو آف امیگریشن ان غیر قانونی فراڈ اشتہارات کے خلاف ایکشن نہیں لے رہی جس کی وجہ سے لاکھوں لوگ لٹ رہے ہیں حکومتی ادارے ان فراڈ اشتہارات کے خلاف ایکشن نہیں لیتے لاکھوں لوگ اپنی زندگی بھر کی پونچی سے محروم ہو رہے ہیں ٹریڈ سنٹرز لوگوں سے بھاری رقوم لے کر غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھجواتے ہیں وزارت انسانی ترقی وسائل،

# بھرتی کے وہ چند غیر قانونی اشتہارات جن کو دیکھ کر عوام لوٹ رہے ہیں

## بھرتی کی ڈیمانڈ پر پرمشن ایجنسی کا نام ایڈریس اور فون کہیں نظر نہیں آ رہا




بیورو آف امیگریشن، پروٹیکٹر دفاتر اتنی بڑی کرپشن اور لوٹ مار پر خاموش یا بے بس نظر آ رہے ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز سے کرپشن، فراڈ، لوٹ مار روکنے کیلئے ایک کھلا آپریشن کلین اپ کیا جائے فراڈ ٹریڈ ٹیسٹ کو فوری بند کیا جائے کیونکہ ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز ایک مافیا بن چکے ہیں حکومتی اداروں کے کنٹرول سے باہر ہو کر ایک کھلا چیلنج بن چکے ہیں اخبارات و جرائد کو پابند کیا جائے کہ بھرتی کے اشتہارات بغیر پرمیشن اور پروموٹرز ایجنسی کے نام، ایڈریس اور ٹیلی فون نمبرز کو نمایاں طور پر شائع کریں۔ جو ٹریڈ سنٹر انٹرنیشنل سٹینڈر کے مطابق اپنی اچھی کارکردگی اور اعلیٰ معیار رکھتے ہیں انہیں رجسٹرڈ کر کے باقاعدہ لائسنس دے کر قانونی دائرے میں لایا جائے۔ ضمانت اور تحفظ کیلئے مناسب سیکورٹی رکھی جائے جو نام نہاد برائے نام فراڈ ٹریڈ ٹیسٹ ہیں ان کے خلاف سخت ترین ایکشن لے کر بند کیا جائے سخت ترین سزائیں دی جائے۔ حکومت کی اجازت کے بغیر کسی کو ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر بنانے یا چلانے یا بھرتی کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کو بھی اپنی ڈیمانڈ کے سلسلے میں حکومت پاکستان کے رجسٹرڈ ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز سے بھرتی کرنے کا پابند کیا جائے ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر کی کارکردگی چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے جن ٹریڈ سنٹرز کی اچھی اور اعلیٰ کارکردگی نظر آئے ان کی حکومتی سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے انہیں گرانٹ میڈل دیئے جائیں حکومت خصوصاً وزارت انسانی وسائل ترقی، بیورو آف ایمیگریشن کی طرف سے ٹریڈ سنٹرز کے بارے میں سخت اور ٹھوس اقدامات سے مین پاور ایکسپورٹ سے کرپشن، فراڈ، لوٹ مار ختم ہونے سے مین پاور ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا اچھی شہرت کے حامل لوگ قومی خدمت کے جذبہ سے ٹریڈ ٹیسٹ سنٹرز بنائیں گے جس سے بیرون ملک جانے والوں اور بھجوانے والوں کو بھی فائدہ ہوگا۔ غیر قانونی انسانی سمگلنگ ختم ہوگی۔ کرپشن فراڈ لوٹ مار بند ہونے سے بیرون ملک جانے والے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ ریاستی اداروں کی ذمہ داری اور نیک نامی میں اضافہ ہوگا جس سے بیروزگاری ختم ہونے کے ساتھ زرمبادلہ کے ذخائر میں بھرپور اضافہ ہوگا۔



# مرحبا مرحبا آمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم



رَبیعُ الاوّل

بلغَ العلےٰ بکمالہٖ
کشف الدجی بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ و آلہٖ

ہم

## جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

کے پرمسرت و مبارک موقع
پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے **مبارک باد**
پیش کرتے ہیں



## Senator Seher Kamran

**Member Senat of Pakistan**

**President Center for Pakistan and Gulf Studies**

*Ex. Chairperson Pakistan English School Jeddah Saudi Arab*


Mob:00966505645438 Tel:+966-2-6720622 Ext:105
Fax:+966 2 6738670 Ext:104 P.O:4690-Jeddah 21412
Al Rehab District-Saudi Arabia Email:seharkamran@hotmail.com
Email:pakintschool@zajil.net



# دنیائے جہاں میں جشن عید میلاد النبی ﷺ منانے کا تاریخی جائزہ

غلام مصطفیٰ مغل (شارجہ)

افریقہ کے براعظم سے لے کر ابھرتے سورج کی سرزمین جاپان تک اور برصغیر پاک و ہند سے لے کر ناروے تک جہاں بسا اوقات چھ چھ ماہ تک سورج نہیں نکلتا ہر جگہ مسلمان آباد ہیں اور اپنے آقا و مولا ﷺ کی ولادت کا جشن بڑے تزک و احتشام اور جوش و خروش سے مناتے ہیں۔ پاکستان، بنگلہ دیش، برونائی اور بھارت یا افغانستان ہی نہیں جہاں یوم میلاد پر نہ صرف تعطیل کا اہتمام ہوتا ہے اور دن کا آغاز سرکاری اعمال اور حکمران خصوصی تقریبات سے کرتے ہیں نیز چراغاں، محافل درود و سلام اور میلاد کانفرنسوں کا اہتمام ہوتا ہے۔ لیکن ایسا صرف ان چند ممالک ہی میں نہیں ہوتا بلکہ ماریشس، انڈونیشیاء، ملائیشیاء، جنوبی افریقہ اور براعظم یورپ و امریکہ کے متعدد ممالک میں مقیم مسلم آبادی اپنے اپنے انداز سے یوم میلاد پر تقاریب کا اہتمام کرتی ہے۔ قدر مشترک پیدائش نبی اکرم ﷺ کی دھوم ہے۔ بقول اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ ہم حشر تک ڈالتے رہیں گے، امام احمد رضاؒ نے کیا خوب کہا ہے:


ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر
نہ مٹانے سے مٹے گا کبھی چرچا تیرا

پاکستان میں جشن میلاد کا سلسلہ تو روز اوّل سے ہی جاری ہے۔ اسے سرکاری سطح پر جشن کا درجہ غیر منقسم بنگال کی مسلم لیگ کے جوائنٹ سیکرٹری اسد اللہ نے دلوایا۔ انہوں نے پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں قرارداد پیش کی تھی جس میں انہوں نے ولادت مصطفیٰ ﷺ کا جشن سرکاری طور پر منانے کا مطالبہ کیا تھا اور یہ قرارداد منظور بھی ہوئی تھی۔ اسد اللہ ایڈووکیٹ غالباً 14 جون 1974ء کو انتقال کر گئے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد پہلے عید میلاد النبی ﷺ پر قائداعظمؒ نے کراچی بار ایسوسی ایشن کی خصوصی تقریب سے خطاب کیا تھا۔ اسی طرح بھارت میں بھی عید میلاد النبی ﷺ پر خصوصی تقاریب اور تعطیل کا اہتمام ہوتا ہے۔ تمام صوبوں میں جنہیں وہاں ریاست کہا جاتا ہے چراغاں، محافل، میلاد و نعت، جلوس اور ریلیاں اس تزک و احتشام کے ساتھ نکلتی ہیں کہ نظریں خیرہ ہو جاتی ہیں اور دلوں کو راحت و سکون میسر آتا ہے۔ چند برس قبل انڈونیشیاء میں جشن میلاد النبی ﷺ کو سرکاری طور پر منانے کی خبریں پاکستانی اخبارات میں شائع ہوئیں تو ان میں مذکور تھا کہ اس میں مسلم ممالک کے سربراہوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ پاکستانی خبر رساں ایجنسی این این آئی نے انڈونیشیاء کی نیوز ایجنسی انتار کے حوالے سے جکارتہ کی ڈیٹ لائن سے اپنی رپورٹ میں بتایا تھا کہ انڈونیشین حکومت نے بڑے پیمانے پر جشن میلاد منانے کا اہتمام کیا ہے جس میں درجن بھر عالمی شخصیات کو مدعو کیا گیا ہے پھر جب اس جشن کی تفصیلات شائع ہوئیں تو ان میں مذکور تھا کہ اس دوران وہاں سیرت مقدسہ کے مختلف پہلوؤں پر خصوصی خطاب ہوئے اور موجودہ عالمی صورتحال کے تناظر میں امت مسلمہ کے اتحاد اور اسے درپیش چیلنجز سے نمٹنے پر حکمت عملی بھی وضع کرنے پر زور دیا گیا۔

1977ء کے مارشل لاء دور کی نگران حکومت کے وفاقی وزیر اطلاعات مرحوم محمود اعظم فاروقی کی ایک تصویر پاکستان اخبارات میں شائع ہوئی تھی جس میں انہیں ملائیشیا میں جلوس میلاد کی قیادت کرتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ بلاشبہ دوسرے ملکوں میں بھی عید میلاد النبی اسی جوش جذبے سے منائی جاتی ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنما روزنامہ جسارت کے مدیر منتظم تھے۔ ممکن ہے انہوں نے اپنے مشاہدات و تاثرات اپنے کالموں میں رقم بھی کئے ہوں لیکن اس عہد کی فائلیں تلاش کرنے کا موقع نہیں ورنہ ان کے خیالات قارئین کی معلومات میں اضافے کا سبب بنتے۔

2000ء میں نائجیریا کے شمالی صوبے کانو میں نفاذ شریعت کا اعلان کیا گیا تو اس صوبے کے گورنر نے تاریخ نفاذ کیلئے 12 ربیع الاول کو چنا اور اسی دور کے اخبارا کے مطابق یہ فرمان سننے کیلئے وہاں 10 لاکھ عاشقان رسول ﷺ ایک مدان میں جمع تھے اور ان میں سے بیشتر نے سبز پرچم اُٹھائے ہوئے تھے جو گنبد خضریٰ کی مناسبت سے مسلمانوں کی شناخت ہوتا ہے۔ سرکار ﷺ کی ولادت کے ماہ میں انکے ذکر کی محفل میں کیا گیا یہ اعلان یقیناً وہاں دینی و دنیاوی نعمتوں کی نوید ثابت ہوگا۔

دنیا کے بیشتر ممالک کی طرح متحدہ عرب امارات میں بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ خصوصی طور پر منایا جاتا ہے۔ تمام ریاستوں میں تقاریب میلاد کو خصوصی





اہمیت حاصل ہوتی ہیں اور سرکاری سطح پر اہتمام کیا جاتا ہے۔

چند برس قبل دبئی کے ایک جریدے نے ''مولد النور'' کے عنوان سے خصوصی نمبر شائع کیا جس میں حضور اکرم ﷺ کی شان اقدس میں قصائد و مدح کے ساتھ ساتھ دیگر مضامین شامل تھے۔ اس جریدے نے خلافت عثمانیہ میں تعمیر روضہ رسول ﷺ کی تصویر بھی شائع کی تھی جبکہ دبئی کی المکتوم مسجد میں منعقدہ محافل میلاد بھی ایک روایت کا درجہ رکھتی ہیں جہاں ایک مرتبہ زینت القراء قاری غلام رسول نے تلاوت و اذان کا شرف حاصل کیا تھا۔ قاری موصوف نے جو ان تقریبات میں خصوصی طور پر شدرکت کیلئے امارات گئے تھے واپسی پر لاہور میں نوائے وقت کے نمائندہ خصوصی سے گفتگو کی اور بتایا تھا کہ ابوظہبی کی مسجد العظیم'' میں بارہ روزہ محافل میلاد کا اہتمام تھا جبکہ العین، دبئی، شارجہ اور دیگر خلیجی ریاستوں میں بھی مقدس محافل میلاد ما سلسلہ تزک واحتشام کے سواتھ پورے ماہ ہی جاری رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس برس وہاں سرکاری طور پر تمام ہوٹلوں میں 11 اور 12 ربیع الاول کو شراب کی فروخت اور شراب نوشی پر پابندی عائد تھی۔ اسی طرح صحرائی علاقے میں عمارات تعمیر کرنے والی کمپنی ''القطر'' نے بھی صحرا میں رات کے وقت خصوصی میلاد و نعت کی محافل منعقد کیں جہاں عقیدت و محبت کے روح پرور مناظر دیکھنے میں آئے۔ ایک اور اخباری رپورٹ کے مطابق افریقہ کی ریاست ماریشس میں ماہ ربیع الاول میں سرکاری طور پر میلاد مصطفی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں ریاست کے صدر، وزیراعظم اور دیگر حکومتی اہلکاروں کے علاوہ غیر ملکی سفارت کاروں نے بھی شرکت کی تھی۔

بنگلہ دیش، ماریشس، برطانیہ، امریکہ، متحدہ عرب امارات، برونائی، آسٹریلیا، مقبوضہ کشمیر، بھارت، سری لنکا، ترکی، جرمنی، جاپان اور کئی دیگر ممالک میں منائے گئے جشن میلاد النبی کی تصاویر اور رپورٹس اخبارات میں ہر سال نمایاں شائع ہوتی ہیں۔ سال گزشتہ بنگلہ دیش میں ایک تصویر یں علماء کو ایک جلوس کی قیادت کرتے دکھایا گیا تھا۔ کلمہ طیبہ والے سبز پرچم اٹھائے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد ان کے ہم رکاب تھی۔ یہ نئی نسل کی اسلام سے لگاؤ کی علامت سے پتہ چلتا ہے کہ بنگلہ بندھو کا سحر ٹوٹ رہا ہے اور عوام پھر سے اپنی اصل کی سمت لوٹ رہے ہیں جوان کی اپنے دین سے لگاؤ کی علامت ہے۔ اسی طرح مقبوضہ کشمیر میں تلواروں والے بینر لئے نوجوان آزادی کے نعرے لگاتے نظر آتے ہیں۔ ان میں نعرہ رسالت یا رسول اللہ ﷺ بھی شامل ہے اور نعرہ حیدری یا علیؑ بھی جو بھارتی فوجیوں پر برق بن کر گرتے ہیں کیوں نہ ہو کہ مدینہ کے والی اور خیبر کے فاتح کے نام ہی غیر مسلموں کو لرزا دیتے ہیں اور پھر نعرہ زن اور کشمیر ہوں جنہوں نے وادی چنار کو بھارتیوں سے پاک کرنے کا عزم کر رکھا ہو تو پھر اس نغمے کی گونج دلوں کو گرما دیتی ہے۔

اے وطن تیری جنت میں آئیں گے اک دن

امریکہ اور یورپ کے ممالک کی تصویروں میں محافل میلاد و نعت میں سکارت باندھے خواتین، حجاب پہنے لڑکیاں اور سروں پر ٹوپیاں رکھے نوجوان ادب سے کھڑے صلوٰۃ وصوم پڑھتے دکھائی دیتے ہیں۔ اس معاشرے میں جہاں چرچ خالی نظر آنے لگے ہیں اور حکومتیں سکارف وحجاب پہننے والی خواتین کو عتاب کا نشانہ بناتی ہیں۔ دین مصطفیٰ سے وابستگی کے یہ مظاہر اس ابدی صداقت کو ظاہر کرتے ہیں کہ دین مصطفی ﷺ بالآخر کرۂ ارض پر غلبہ پا کر رہے گا اور ایسا کیوں نہ ہو کہ حضرت محمد مصطفی ﷺ کی صورت قابل دید اور سیرت لائق تقلید ہے۔ ہجرت کے دوران جب آپ نے بنی خزاعہ کی اُم معبد کے خیمہ میں قیام کیا و چند ساتھیوں کی زیارت کے بعد شوہر کے معلوم کرنے پر کہ مقدس مہمان کیسے تھے۔ اس کے لفظوں کی بناوٹ کچھ یوں تھی ''میں نے ایسے شخص کو دیکھا جس کی لطافت نمایاں جس کا چہرہ تاباں اور جس کی ساخت میں تناسب تھا۔ پاکیزہ اور پسندیدہ خو نہ فربہی کا عیب نہ لاغری کا نقص نہ پیٹ نکلا ہوا نہ سر کے بال گرے ہوئے، چہرہ وجیہہ، تنومند اور قد موزوں تھا۔ آنکھیں سرمگیں، فراخ اور سیاہ تھیں، پتلیاں کالی اور ڈھیلے بہت سفید تھے۔ پلکیں کھلی اور لمبی تھیں۔ آبرو ہلالی باریک اور پیوستہ، گردن لمبی اور صراحی دار، داڑھی گھنتی اور گنجان، سر کے بال سیاہ اور گھنگریالے، آواز میں کھنک کے ساتھ لطافت، بات کریں تو رخ اور ہاتھ بلند فرمائیں، کلام شیریں اور واضح نہ کم سخن نہ بسیار گو، گفتگو اس انداز کی جیسے پروئے ہوئے موتی، دور سے سنو تو بلند آہنگ، قریب سے سنو تو دلفریب، کلام نہ طویل نہ بے مقصد بلکہ شیریں، جامع اور مختصر کمی بیشی الفاظ سے معراء خاموشی اختیار کرے تو پُر وقار اور پر تسکین نظر آئے، قد نہ درازی سے بدنما اور نہ اتنا پست کہ نگاہ بلند تر اُٹھے۔ لوگوں میں بیٹھے تو سب سے جاذب، دور سے نظر ڈالیں تو بہت بارُعب، دو نرم و نازک شاخوں کے درمیان ایک شاخ تازہ جو دیکھنے میں خوش منظر، چاند کے گرد ہالے کی طرح رفیق گرد و پیش۔ جب کچھ کہے تو وہ سراپا گوش، حکم دے تو تعمیل میں ایک دوسرے پر سبقت لے جائیں۔ سب کا مخدوم، سب کا مطاع، مزاج میں اعتدا دتندی اور سختی سے دور۔''

اُردن، لیبیا اور شام و عراق میں بھی میلاد النبی ﷺ کے مقدس موقع پر نعت کی محافظ اور میلاد کے اجتماع منعقد ہوتے ہیں۔

لیبیا کے مرحوم قائد معمر قذافی نے بھی 2000ء سے سرکاری طور پر جشن میلاد منانے کا آغاز کیا تھا ہر سال دنیا بھر سے علماء کرام' مشائخ عظام' صوفی' مذہبی سکالرز' اسلامی دانشور' صحافی شریک ہوتے۔ عربی' انگلش' فرانسیسی' ڈچ' اردو زبان میں میلاد کے حوالے سے تقاریر ہوتیں پاکستان سے بھی ہر سال انٹرنیشنل میلاد کانفرنس

(باقی صفحہ نمبر 76 پر)



دیکھی نہیں کسی نے اگر شان مصطفیٰ — دیکھے کہ جبرئیلؑ ہے دربان مصطفیٰ

لطف خدائے پاک کی تصویر کھینچ گئی — پھرنے لگے جب آنکھ میں احسان مصطفیٰ




# Medcon International

# میڈکان انٹرنیشنل

**OEP LICENCE NO. LHR/1066**

**Management and Recuritment Consultants**



Ch. khalid J. cheema
B.Com.MBA
Chief Executive

**Head Office:**

Sameer Plaza, 3-C/1, Civic Center faisal Town, Lahore-Pakistan
Tel: 0092-35160603-35169986 Fax: 0092-42-35169986
E-mail: medcon@medcon.com.pk www.medconit..com

# عاشق رسولؐ چوہدری نورالحسن تنویر کا دبئی میں روح پرور محفل میلاد کا انعقاد



عاشق رسولؐ چوہدری نورالحسن تنویر روح پرور محفل میلاد سے خطاب کررہے ہیں

دبئی (خصوصی رپورٹ) دبئی میں مقیم نامور محبّ وطن پاکستانی چوہدری نورالحسن تنویر نہ صرف عاشق رسولؐ کے بیٹے ہیں بلکہ خود بھی عاشق رسولؐ ہیں۔ ہر سال باقاعدگی کے ساتھ دبئی (یواے ای) میں عید میلادالنبیؐ کی پروقار محفل کا انعقاد کرتے ہیں۔ جشن عید میلادالنبیؐ کی محفل میں پورے یو اے ای سے لوگ جوق در جوق شرکت کرتے ہیں۔ اس سال بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے عید میلادالنبیؐ کے سلسلہ میں روح پرور خوبصورت محفل کا اہتمام دبئی کے سوڈانی کلب میں ہوا جس کا اہتمام عاشق رسولؐ چودھری نورالحسن تنویر صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) گلف نے کیا تھا جس میں پانچ سو سے زائد عاشقان رسولؐ نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان‘ سعودی عرب اور گلف ریجن کے دیگر ممالک سے نعت خوان حضرات ہدیہ عقیدت نچھاور کرنے تشریف لائے تھے۔ رات نو بجے شروع ہونے والی تقریب اگلی صبح تین بجے تک جاری رہی جس میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ عید میلادالنبیؐ کے اس پروگرام میں شرکت کرنے والوں میں محمد افتخار بٹ‘ ایم پی اے آزاد علی تبسم‘ چودھری محمد شفیع‘ خواجہ عبدالوحید پال‘ عبدالستار پردیسی‘ میاں محمد سعید‘ جاوید ملک‘ عبدالقیوم شاہ‘ پرنس اقبال‘ سید وقار حسین گردیزی‘ سردار الطاف‘ راجہ ظہیر سملالوی‘ غلام مصطفیٰ مغل‘ ذوالفقار شاہ‘ ملک دوست محمد اعوان‘ غلام عباس بھٹی‘ محمد جاوید‘ محمد افضل‘ ملک شہزاد‘ ملک ریاض‘ محمد یونس پراچہ جبکہ نعت خوان حضرات میں الحاج منیر ہاشمی‘ سرور حسین نقشبندی‘ اصغر علی چشتی‘ ناصر حسین قادری‘ مقصود تبسم اور ڈاکٹر اکرم شہزاد شامل ہیں۔ ربیع الاول سرکار دو عالم کی ولادت باسعادت کا مہینہ ہے۔ 12 ربیع الاول خوشی کا وہ دن ہے جسے بطور خاص منایا جاتا ہے۔ یہ دن نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں جہاں جہاں مسلمان آباد ہیں‘ بڑے ذوق وشوق اور احترام سے مناتے ہیں جبکہ اس دن کے احترام اور خوشی میں متحدہ عرب امارات میں سرکاری سطح پر چھٹی بھی کی جاتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت سے قبل عالم عرب اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا۔ ہر طرف ظلم وستم کا راج تھا۔ سفاک لوگ بیٹیوں کو زندہ درگور کررہے تھے۔ عورت کی کوئی حیثیت وعزت نہ تھی‘ برائیاں اور آپس کی لڑائیاں ہر طرف عام تھیں۔ بت پرستی کا دور تھا۔ جہالت عروج پر تھی‘ کفر وشرک عام تھا‘ بداخلاقی‘ بداعمالی کا دور دورہ تھا۔ عرب کے ریگزار آگ اگل رہے تھے لیکن سرکار کی آمد پر کفر اور جہالت کے اندھیرے چھٹ گئے۔ ریگستان نخلستان میں بدل گئے۔ برائی کفر وشرک کا خاتمہ ہوگیا۔ لوگوں کو امن وچین نصیب ہوگیا۔ بڑے بڑے بت سرنگوں ہوگئے۔ انسان کو انسانیت نصیب ہوئی۔ ظلم وستم کا خاتمہ ہو گیا بلکہ ہر طرف اللہ پاک کی رحمت کا نزول ہونے لگا۔ 12 ربیع الاول کا دن تمام مسلمانوں کیلئے بڑی اہمیت کا حامل ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔ آپؐ تمام نبیوں کے سردار ہیں آپ کی سیرت طیبہ اس قدر حسین وجمیل ہے کہ اس کی تعریف لکھنے کیلئے اگر سارے درخت قلم اور سارے سمندر سیاہی بن جائیں تب بھی حضور اکرم ﷺ کی تعریف وتوصیف ختم نہ ہوگی۔ (سبحان اللہ)

حضور اکرم ﷺ کی حیات طیبہ مکمل ضابطہ حیات اور رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ آپ کی تعلیمات سے نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ آپؐ کی ذات طیبہ کا ہر پہلو امت مسمہ کو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی فراہم کرتا ہے آپ کی سیرت طیبہ وہ عملی سرچشمہ حیات ہے جس میں تمام انسانی مسائل کا حل موجود ہے۔ آپ ﷺ کے اعمال اپنا کر اور آپؐ کی سیرت کو مشعل راہ بنا کر ہم اپنی دین دنیا سنوار سکتے ہیں۔

جشن عید میلادالنبی ﷺ منانا اور آپؐ سے سچی محبت کا دم بھرنا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ اتباع رسولؐ اختیار کی جائے اور سنت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہو جائے۔

دبئی کے سوڈانی کلب میں ہونے والی اس روح پرور تقریب میں پاکستان‘ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے آئے ہوئے ثناخوانوں نے اپنی عیقدت کے پھول نچھاور کئے اور خوبصورت

(باقی صفحہ نمبر 75 پر)



دبئی میں سوڈانی کلب میں روح پرور محفل میلاد میں میزبان چوہدری نورالحسن تنویر اور معزز مہمان سٹیج پر بیٹھے ہیں

# 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر مینار پاکستان میں 30 ویں سالانہ میلاد کانفرنس کی تصویری جھلکیاں
















Over 200 YEARS Since 1794
Hashmi Surma
ہاشمی
عرقِ گلاب
آنکھیں Sparkling
چہرہ Glowing
گلاب کی تازہ پتیوں سے کشید کردہ ہاشمی عرقِ گلاب
کا روزآنہ استعمال آنکھوں اور چہرے کو
شدید موسمی حالات، گرد، دھول، دھوئیں وغیرہ سے
نجات دلاکر ٹھنڈک، تروتازگی اور ماحول کے
معطر ہونے کا احساس عطا کرتا ہے۔
Hashmi
Arq-e-Gulab
Spray
Refreshing Rose Water
Pure & Natural
ہاشمی
عرقِ گلاب
Rose Water
Mohammad Hashim Tajir Surma
E-mail: a.hashmi@cyber.net.pk Web: www.hashmisurma.com
All logos and typography of Hashmi are internationally registered trademarks & ©Copyright protected.
SINCE 1794
ISO 9001 : 2008 CERTIFIED COMPANY

# شہر مقدس مدینہ منورہ کے 94 نام

مدینہ مقدس شہر راحت وعظمت ہے۔ خلق خدا کا مجاہ ماویٰ ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا دارالہجرت اور مسکن آخر ہے۔ اس کا قدیم نام یثرب تھا جواب ہر مسلمان کی روح میں بسا ہوا ہے۔ اس نام کے علاوہ اس شہر کے متعدد اور نام بھی ہیں۔ جو قرآن مجید اور احادیث رسول ﷺ میں مختلف مقامات پر آئے ہیں۔ حدیث میں آتا ہے۔

''اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں مدینہ کا نام الطابہ رکھوں۔''

صاحب الوفاء نے اس مقدس شہر کے 94 نام گنوائے ہیں۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدینہ کے 50 سے زائد اسمائے مقدسہ کا ذکر کیا ہے۔ جو اس شہر کی عظمتوں، برکتوں اور فضیلتوں کے مظہر ہیں۔ یہاں چند مقدس اسمائے مقدسہ پیش کیے جاتے ہیں:

العروض: مدینہ منورہ کو عروض کا نام اس لئے دیا گیا کہ نجد کی تمام بستیاں خط مستقیم کی طرح طول میں اور مدینہ منورہ ان کے کنارے پر واقع ہے۔

الغابلة: وہ بستی جو اپنے محاسن کے ساتھ دنیا کی تمام بستیوں پر فوقیت یا غلبہ پائے ہوئے ہے۔

بدارادہ لوگوں کی کمر توڑ دینے والا شہر۔

القاصمة: الرسول اللہ کے رسول ﷺ کی بستی۔

قریة الرسول: المدینہ قبلة السلام۔

قبلة الاسلام: المدینة قبلة السلام۔

قلب الایمان: مدینہ منورہ ایمان کا دل ہے۔

دارالسلامہ: وہ گھر جس میں سلامتی ہی سلامتی ہے۔

ذات الحجر: محفوظ چار دیواری والا شہر جہاں نیکیوں کو پناہ ملتی ہے۔

الطابة: قلبی مسرتیں بخشنے والا، گناہوں کی بدبو سے پاک وصاف۔

الطیبة: اخلاق حسنہ سے معطر شہر۔

ذات الحوار: رگوں میں اعمال حسنہ کیلئے لہو گرم رکھنے والا شہر۔

ذات النخل: سرسبز و شاداب درختوں کا شہر۔

السلفہ: فتح وکامرانی کا مرکز شہر۔

سیدة البلدان: شہروں کا سردار شہر۔

الشافیہ: انسان کو روحانی وجسمانی بیماریوں سے شفا بخشنے والا شہر۔ حدیث نبوی ''الترابھا شفاء من کل داء'' اس کی مٹی شفا بخش ہے۔

ظباب: مستطیل قطعہ زمین۔

العرا: بغیر کوہان کے اونٹنی کی طرح خوشنما۔

العاصمة: قدیم امن بخش مقام، جہاں موسیٰ علیہ السلام اور داؤد علیہ السلام کے لشکر مقیم ہوئے۔

العذرا: قدیم ظالم وجابر لوگوں کے غلبوں کو کالعدم قرار دے کر امن وسلامتی کا آزاد شہر۔

الغراء: گھوڑے کی پیشانی پہ سفیدی، ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔

حسنہ: مدینہ منورہ حسنات (نیکیوں) کا گھر ہے۔

دارالابرار: نیک لوگوں کا گھر۔

الحیرة: انوار میں اتنا درخشاں کہ دیکھنے والے کی آنکھیں چندھیا جائیں۔

الخیرة: بھلائیوں میں یہ شہر مکہ معظمہ سے بڑھ کر ہے۔

دارالاخیار: بھلائیاں بانٹنے والوں کا گھر۔

دارالانصار: بھلائیوں کی امداد کرنے والوں کا گھر۔

دارالسنة: وہ گھر جس میں حضور ﷺ کے اعمال حسنہ کی یادوں کا خزانہ ہے۔

دارالایمان: ایمان ویقین سے آباد گھر۔

المحبہ: یہ شہر محبتوں کا شہر ہے۔

المحببہ: اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کا شہر۔

المحبوبة: المحبوبة: یہاں کی فضاؤں میں محبت ہی محبت ہے۔

المحبوۃ: اس شہر اور حدود حرم کی زمین سے اگنے والے ثمرات اور نعمتیں دنیا کے تمام ارضی ثمرات سے افضل ہیں۔

الحرمة: یہ قابل احترام ہے۔

المحفوظة: یہ مامون فساد ہے۔

المحفوفة: یہ شہر محفوظ بلیات ہے۔


المختارة: اس شہر کو مختار و آزاد احساس عمل کا خمیر حاصل ہے۔

☆☆☆☆





# نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں نافرمان غلام..............



تحریر: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

**ماں باپ اپنی اولاد پر اتنی شفقت نہیں کر سکتے جتنی شفقت حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی امتیوں پر رہی ہے کیسے ہی نافرمان اور بدتوفیق سہی مگر نام لیوا تو انہی کے ہیں**

چہروں پہ گناہوں کی سیاہی لئے کس منہ سے حاضر ہوں گا میرے آقا رحمۃ اللعالمین بھی تو ہیں یہی سوچ کر دل کو ڈھارس بندھی ''مزدور ساتھ ہے۔ قصد ہے اور کہاں حاضری کا قصد ہے؟ وہاں کا، جہاں کی تمنا اور آرزو نے بزم تصور کو سدا آباد رکھا ہے۔ خوشی کی کوئی انتہا نہیں۔ جس کے روئیں روئیں سے مسرت کی خوشبو سی نکل رہی ہے۔ خوشی کے ساتھ ساتھ دل پر ہی دوسرا عالم بھی طاری ہے۔ یہ چہرہ جس پر گناہوں کی پھری ہوئی ہے، کیا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مواجہہ شریف میں لے جانے کے قابل ہے۔ اے آلودہ گناہ! اے سر تا بقدم معصیت ! اے مجسم گندگی ! اے غفلت شعار! ان کے حضور جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعد پاکی و تقدیس، عصمت اور عظمت، بس انہی کو سزاوار ہے، کس منہ سے روضہ اقدس کے سامنے، السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہے گا۔ اس زبان نے کیسی کیسی فحش باتیں بکی ہیں۔ ان لبوں کو کتنی بری بری باتوں کے لئے جنبش ہوئی ہے۔ ان آنکھوں نے کیسی کیسی قانون شکنیاں کی ہیں۔ اے نافرمان غلام! اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں جانے کی جرأت کس بات پر کر رہا ہے۔ ان کی اطاعت سے کس کس طرح سے گریز کیا ہے۔ ان کے حکم کو کس کس عنوان سے توڑا ہے۔ ان کے اسوہ حسنہ سے تیری زندگی کو کوئی دور کی بھی نسبت رہی ہے!

اے روسیاہ! تیرے برے اعمال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس کو اذیت ہی پہنچاتے رہے ہیں۔ یہ تو پاکوں اور نیکوں کی سرزمین ہے۔ یہاں تجھ جیسے گندے آدمی کا کیا کام؟ مگر شرم و ندامت کے اس احساس کے ساتھ میرا خیال بھی آیا کہ میرے آقا رحمۃ اللعالمین بھی تو ہیں، گناہ گاروں اور سیاہ کاروں کی جائے پناہ وار ہے کہاں؟ ان سے شفاعت نہ چاہیں تو اور کس سے چاہیں۔ قیامت کے دن لواء الحمد انہی کے ہاتھ میں ہوگا۔ تمام انبیاء ''نفسی نفسی'' کہتے ہوں گے مگر ''امتی امتی'' صرف ان کی زبان دہراتی ہو گی۔ ہزار نافرمان اور لاکھ گناہ گار سہی مگر کہلاتے تو انہی کے ہیں۔ یہ کوئی معمولی نسبت ہے؟

### ذرہ آفتاب تابانیم

نیکوں کی تو سبھی جگہ پوچھ ہوتی ہے، بروں کو تو انہی کے دامن رحمت میں پناہ ملتی ہے۔ ہم جیسے گناہ گاروں، سیاہ کاروں اور غفلت شعاروں ہی کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم راتوں کو رو رو کو دعائیں مانگتے تھے۔ رافت و رحمت کے جذبہ کی کوئی انتہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو رؤف و رحیم کے خطاب سے سرفراز کیا اور جن کی ذات جمادات، نباتات اور چرند و پرند کے لئے رحمت ہے، کیا اپنے غلاموں اور امتیوں کے لئے رحمت نہ ہوگی؟ ہوگی ورسب کے مقابلے میں بڑھ کر ہوگی۔

ماں باپ اپنی اولاد پر اتنی شفقت نہیں کر سکتے جتنی شفقت حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی امتیوں پر رہی ہے۔ کیسے ہی نافرمان اور بدتوفیق سہی مگر نام لیوا تو انہی کے ہیں۔ کلمہ تو انہی کا پڑھتے ہیں۔ درود تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی پر بھیجتے ہیں۔ ہم لاکھ کمینے او چھے، کم ظرف اور نالائق سہی لیکن جن کے غلام ہیں، وہ تو سب کچھ ہیں۔ خدا کے بعد عظمت و برتری کا کون سا عنوان ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات و صفات میں شامل نہیں ہے۔ جس نے خون کے پیاسے دشمنوں کو معافی دے دی۔ اس کی وسعت ظرف، مروت، عفو و کرم اور درگزر کی بھلا کوئی حد و نہایت ہے۔ مدینہ کی طرف اپنے آپ کو 'متقی' نیکوکار اور پرہیزگار سمجھ کر ہم کب چلے تھے! اپنی پارسائی کا دعویٰ کسے ہے، یہاں تو بھاگے ہوئے غلاموں کی طرح حاضر ہوئے ہیں۔ ایک ایک آنسو کی بوند میں پشیمانی اور ندامت کے طوفان بند ہیں!

اسی عالم خیال و تصور میں ''باب السلام'' سے داخل ہوئے اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں جا پہنچے۔ یہ سر قامت ستون، یہ مصفا جھاڑ فانوس، یہ نظر افروز نقش و نگار۔ ایک ایک چیز آنکھوں میں کھبی جا رہی ہے اور اس ظاہری چمک دمک سے بڑھ کر جمال و رحمت کی فراوانی جیسے مسجد کے در و دیوار سے رحمت کی خنک شعاعیں نکل رہی ہیں!

داماں نگہ تنگ و گل حسن تو بسیار
گل چیں بہار تو ز داماں گلہ وارد

کی معنونیت آج سمجھ میں آئی۔ ☆☆



# ایسے ہیں میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم



صباحت احسان

12 ربیع الاول کو وہ بوریا نشین بادشاہ اس ہنگامہ خیز دنیا میں تشریف لایا جس نے فقیری میں بادشاہی کی، جس نے محبت کی تلوار سے ملکوں کو ہی نہیں بلکہ دلوں کو بھی فتحکر لیا، اس کے ماننے والے رشتہ اخوت میں اس طرح بندھے جس طرح وہ ماں جائے بھائی، یہ چیز بھی آپ ﷺ کی ذات اقدس ہی کے ساتھ مخصوص ہے کہ صرف آپ ﷺ ہی کی زندگی ہے جو پوری کی پوری باتمام وکمال جزئیات اعمال وکردار کے ساتھ محفوظ ہے اور ہر حال کے انسان کیلئے آئینہ حق رہنما لیے جس میں اس کے کدوخال نظر آئیں تاکہ کسی شعبہ زندگی میں کسی دوسرے رہنما کی ضرورت نہ پڑے آپ کے بچپن کو ہی دیکھ لیں ایک ایسے دور میں ایک بچہ پیدا ہوا جس کے سر سے باپ، ماں اور دادا کا سایہ عافیت کمسنی میں ہی اٹھ جاتا ہے۔ ایک طرف عرب جہالت کے دلدل میں پڑا ہوا ہے اور دوسری طرف جب اس بچے کا کوئی سرپرست نہ رہا تو تعلیم وتربیت کا کیا ذکر، دائی حلیمہ کے پاس تھے تو ان کے بچوں کو بکریاں چراتے دیکھ کر ان کے کام میں ان کا ساتھ دیا۔ سن شعور سے پہلے ہی چچا ابو طالب کی غربت دیکھ کر بدوں لڑکوں کے ساتھ بکریاں چرانے لگتے ہیں۔

معاشرہ ہر طرح سے بگڑا ہوا ہے، بے حیائی بدکلامی جزو زندگی بن چکی ہے۔ اس محاول میں رہ کر بھی نہ کبھی جھوٹ بولا، نہ بدکلامی کی، نہ کبھی چوری کی بلکہ سرتاپا مجسم وشرم وحیا نظر آتے ہیں۔ دیانتدار ایسے کہ دشمن بھی ''امین'' کے لقب سے پکارتے ہیں، جوان ہوتے ہیں مکہ کے تاجروں کے ہاں مزدوری اور کبھی کبھی نفع میں حصہ پر کام کرنا شروع کرتے ہیں۔ اس طرح 25 سال کی عمر تک کام کیا اس مزدوری میں کچھ حصہ ملتا تھا، جو یقیناً بہت کم تھا اپنی گزر اوقات کرتے ہیں اسی پر شاکر نظر آتے ہیں۔ مکے کی ایک مالدار خاتون ان کی ایمانداری سے متاثر ہو کر نکاح کا پیغام بھیجتی ہیں۔ آپ ﷺ کے پاس کچھ نہیں اس لیے ابو طالب نے بھی جو خطبہ حضرت خدیجہؓ کے ساتھ آپ ﷺ کے نکاح کے موقع پر دیا اس میں حضور ﷺ کے اخلاق اور شرافت کے ذکر کے ساتھ اس بات کا ذکر بھی تھا کہ وہ دولت دنیا آپ ﷺ کے پاس نہیں۔

شادی کے بعد دس سال آپ ﷺ خود بازار میں تجارتی لین دین کرتے ہوئے ملتے ہیں۔ بی بی خدیجہؓ اور قریش کے دوسرے تاجروں کا مال لے کے سفر تجارت کرتے ہیں اور اپنی اجرت حاصل کرتے، چالیس سال کی عمر میں پہلی وحی نازل ہوتی ہے قریش کی طرف سے ظلم کے پہاڑ توڑے جاتے ہیں مگر پائے ثبات میں لغزش نہیں آتی۔ اپنے چچا ابو طالب سے فرماتے ہیں ''اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور ایک پر چاند بھی رکھ دیں تو بھی میں حق کے اعلان سے باز نہ آؤں گا'' سالہا سال کے ظلم وستم اور تکلیفوں کے بعد کبھی ایک لمحے کو مایوسی آپ ﷺ کے دل میں جگہ نہ بنا سکی۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ''مدینہ کے زمانہ قیام کے دوران حضور ﷺ نے کبھی دو وقت سیر ہو کر کھانا نہ کھایا''۔



آپ ﷺ جو وعدہ کرتے اسے پورا کرتے۔ سچائی اس درجہ تھی کہ دشمن بھی جھوٹا نہ کہہ سکے۔ سادگی طبیعت بے انتہا تھی۔ کھانے پینے اٹھنے بیٹھنے، رہنے سہنے میں ذرا تکلف نہ تھا۔ گفتگو فرماتے تو ٹھہر ٹھہر کر کبھی بے ضرورت بات نہ کرتے، ہنسی آتی تو مسکرا دیتے۔ نماز میں سراپا نیاز بن جاتے۔ نرم دل اتنے کہ کسی کی تکلیف دیکھی نہ جاتی۔ غرض کہ جس پہلو سے دیکھئے ایک مکمل ذات کا سچا پیکر۔

اگر آج کی زندگی میں ہدایت لینی ہو تو آپ ﷺ ہر شعبہ زندگی میں نمونہ بن کر ہماری ہدایت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ بچہ اور نوجوان آپ ﷺ کی ابتدائی زندگی سے سبق لے۔ مزدور دیکھنا چاہیں تو خندق اور مسجد نبوی کے مزدوروں کے سردار کو ضرور دیکھیں، زاہد و عابد درس لینا چاہیں تو غار حرا کے معتکف کو دیکھ لیں۔ خطیب دیکھنا چاہیں خطبہ حجۃ الوداع دیکھ لیں اگر کسی فوجی افسر کو طریقہ جنگ کے اصول سیکھنا ہو میدان بدر اور خندق کے اعلیٰ افسر کو دیکھ لے۔ امرا، لیڈر اور سیاستداں اپنانا چاہیں تو مدینہ کی مثالی زندگی کو اپنے لیے مثال بنا لیں۔ غریب ومساکین مدینہ کے فاقہ کرنے والے کائنات کے مالک کی ہمت وعزم سے حالات کا مقابلہ سیکھیں۔ غرض زندگی کے ہر شعبے میں آپ ﷺ نے ہدایت کا سامان پیدا کر دیا جو ہمارے ہر دور کے ہر عمر کے اور ہر طبقے کے لیے مثال کا درجہ رکھتی ہے۔

ان کی تعریف اور خوبیوں میں یہ ایک چھوٹا سا مضمون اس طرح ہے گویا چھوٹا منہ اور بہت بہت بڑی بات اور میں سوچنے پر مجبور

(باقی صفحہ نمبر 76 پر)


نثار تیری چہل پہل پہ ہزاروں عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں
تمام اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبی ﷺ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
ربیع الاول
اللہ اکبر
محمد رسول اللہ
الحمد للہ رب العالمین
سید ریاض حیدر بخاری
صدر پاکستان پیپلز پارٹی
سعودی عرب
فون نمبر: 00966-504681951




# ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت

## اس نازک مسئلے کو سلجھانے میں قرآن مجید ہماری بھرپور رہنمائی کرتا ہے، حیران کن انکشافات

مولانا عبدالعزیز چشتی قادری

رسول اللہ ﷺ پر غیر مسلموں کی طرف سے جو اعتراض کیے جاتے ہیں ان میں سے ایک مال غنیمت کے لیے جہاد کرنا ہے اس حوالے سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ غزوہ بدر میں کفار مکہ کے ستر آدمی قیدی بنا لیے گئے تو ان سے فدیہ لیا گیا۔ خاتم النبیین پر غیر مسلموں نے جتنے بھی اعتراضات کیے ہیں اس کا ماخذ خود ہم مسلمانوں ہی کی تحریروں کو پایا گیا ہے۔ اس معاملے میں بھی سارا مواد سیرت کی کتابوں سے لیا گیا۔ اس ضمن میں ایک بہت ہی معترف کتاب کے بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ بدر کے قیدیوں کے ساتھ جب معاملہ کرنے

> صحابہ کرامؓ کو قبول فدیہ پر سزا نہیں دی گئی بلکہ صرف سرزنش کی گئی اور یہ بھی اس لیے کہ انہوں نے کفار کو اچھی طرح کچلنے سے پہلے قیدی بنا لیا تھا

کا مرحلہ آیا تو حضرت ابوبکرؓ نے یہ مشورہ دیا:

''یہ لوگ چچیرے بھائی اور کنبے قبیلے کے لوگ ہیں۔ میری رائے سے ہے کہ آپؐ ان سے فدیہ لے لیں اس طرح جو کچھ ہم لیں گے وہ کفار کے خلاف ہماری قوت کا ذریعہ ہوگا اور یہ بھی متوقع ہے کہ اللہ انہیں ہدایت دے دے اور یہ ہمارے بازو بن جائیں''۔ (الرحیق المختوم، ص313)

اس کے برعکس حضرت عمرؓ نے یہ مشورہ دیا کہ چونکہ یہ مشرکین کے قائدین ہیں اس لیے ان قیدیوں کو ان کے اہل ایمان رشتے داروں کے حوالے کر دیا جائے تا کہ وہ ان کی گردنیں مار دیں۔ حضرت عمرؓ کا منشا یہ تھا کہ اس سے ایمان کی آزمائش بھی ہو جائے گی اور قبائلی دشمنی کا اندیشہ بھی نہیں ہوگا۔ اس کے بعد کیا ہوا، یہ اس کتاب ہی کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں!

> ''کسی انسان کو یہ زیبا نہیں کہ اللہ اس کو کتاب، قوت فیصلہ اور منصب نبوت عطا فرمائے اور وہ لوگوں کو یہ دعوت دے کہ لوگو اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ''

''حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکرؓ کی بات پسند فرمائی اور میری بات پسند نہیں فرمائی۔ چنانچہ قیدیوں سے فدیہ لینا طے کر لیا اس کے بعد جب اگلا دن آیا تو میں صبح صبح رسول اللہؐ اور ابوبکر کی خدمت میں حاضر ہوا وہ دونوں رو رہے

> گستاخان رسول آپؐ پر ایسی ایسی زبان طعن دراز کرتے ہیں کہ نہ ہمارا ایمان ان کو نقل کرنے کی اجازت دیتا ہے اور نہ ہماری غیرت گوارا کرتی ہے کہ ان بدظنوں کی غلاظت سے ہم اپنا قلم آلودہ کریں

تھے میں نے کہا ''اے اللہ کے رسولؐ! مجھے بتائیں آپؐ اور آپؐ کے ساتھی کیوں رو رہے ہیں''۔ رسول اللہؐ نے فرمایا: ''فدیہ قبول کرنے کی وجہ سے تمہارے اصحاب پر جو چیز پیش کی گئی ہے اسی وجہ سے رو رہا ہوں''۔ آپؐ نے ایک قریبی درخت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ''مجھ پر عذاب اس درخت سے بھی زیادہ قریب پیش کیا گیا اور اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی ''کسی نبی کے لیے درست نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں یہاں تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح خون ریزی کر لے۔ تم لوگ دنیا کا سامان چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے اگر اللہ کی طرف نوشتہ سبقت نہ کر چکا ہوتا تو لوگوں نے جو کچھ لیا ہے اس پر تم کو سخت عذاب پکڑ لیتا''۔ (سورہ انفال 67-68) اور اللہ کی طرف سے جو نوشتہ سبقت کیا جا چکا تھا وہ یہ تھا ''یعنی مشرکین کو جنگ میں قید کرنے کے بعد یا تو احسان کرو یا فدیہ لے لو'' (سورہ محمد 4) چونکہ اس نوشتے میں قیدیوں سے فدیہ لینے کی اجازت دی گئی ہے اس لیے صحابہ کرامؓ کو قبول فدیہ پر سزا







نہیں دی گئی بلکہ صرف سرزنش کی گئی اور یہ بھی اس لیے کہ انہوں نے کفار کو اچھی طرح کچلنے سے پہلے قیدی بنا لیا تھا' اور اس لیے بھی کہ انہوں نے ایسے ایسے مجرمین جنگ سے فدیہ لینا قبول کر لیا تھا جو صرف جنگی قیدی نہ تھے بلکہ جنگ کے ایسے اکابر مجرمین تھے جنہیں قانون بھی مقدمہ چلائے بغیر نہیں چھوڑتا اور جن کے متعلق مقدمہ کا فیصلہ عموماً سزائے موت یا عمر قید کی صورت میں نمودار ہوتا ہے''۔ (الرحیق المختوم۔ ص313-314)

علامہ شبلی نعمانی نے اپنی کتاب سیرت النبی میں اس موضوع پر وہی روایات دہرائی ہیں جو مذکورہ کتاب کے حوالے سے اوپر بیان کی گئی ہیں البتہ شبلی نعمانی کا کہنا ہے کہ عتاب کی وجہ قیدیوں کی جان بخشی کر کے ان سے فدیہ لینا نہیں۔ (سیرت النبیؐ جلد اول ص194) تفہیم القرآن میں شبلی نعمانی ہی کی موافقت اختیار کی گئی ہے اور تسلیم کیا ہے کہ حضورؐ کی طرف عتاب کی نسبت بڑی سخت بات ہے چنانچہ اخبار احادیث کی بنیاد پر ایسے رائے قائم نہیں کی جاسکتی۔ (تفہیم القرآن' جلد دوم' ص120-121)

چنانچہ ان آراء کی آڑ میں گستاخان رسول آپ پر ایسی ایسی زبان طعن دراز کرتے ہیں کہ نہ ہمارا ایمان ان کو نقل کرنے کی اجازت دیتا ہے اور نہ ہماری غیرت گوارا کرتی ہے کہ ان بدظنوں کی غلاظت سے ہم اپنا قلم آلودہ کریں لیکن یہ بات اپنی جگہ ایک کڑوی حقیقت ہے کہ مذکورہ روایات کو پیش نظر رکھ کر ان آیات کی درج بالا تاویل ہی ممکن ہے لیکن اگر قرآن ہی کو سامنے رکھا جائے اور نظم کلام کا لحاظ رکھا جائے تو متذکورہ بالا مفہوم کسی طور بھی اخذ نہیں کیا جاسکتا کیونکہ:

سورانفال کی یہ آیات ''ماکان'' کے الفاظ سے شروع ہوتی ہیں تفسیر تدبر قرآن کے مصنف مولانا امین احسن اصلاحی اس ضمن میں لکھتے ہیں کہ یہ اسلوب قصور وار ٹھہرانے اور الزام دور کرنے کے لیے قرآن مجید میں آیا ہے۔ جب بات پیغمبروں کی ہوگی تو وہاں الزام دور کرنے کا مطلب لیا جائے گا اور جب کفار کا ذکر ہوگا تو قصور وار ٹھہرانے کا مفہوم لیا جائے گا۔ مثلاً سورہ آل عمران آیت 161 میں ہے:

''اور کسی نبی کی یہ شان نہیں کہ وہ خیانت کرے' خیانت تو بھی کرے گا وہ قیامت کے دن اپنی خیانت کے ساتھ حاضر ہوگا''۔

اسی طرح آل عمران ہی کی آیت 79 میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوالے سے ارشاد ربانی ہے کہ انہوں نے کبھی لوگوں کو اپنی عبادت کرنے کے لیے ہرگز نہیں کہا وہ ایسا کر ہی نہیں سکتے کیونکہ:

''کسی انسان کو یہ زیبا نہیں کہ اللہ اس کو کتاب' قوت فیصلہ اور منصب نبوت عطا فرمائے اور وہ لوگوں کو یہ دعوت دے کہ لوگو اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ''۔

چنانچہ آیت زیر بحث میں قرآن کے اسلوب کو پیش نظر رکھنے سے یہی مفہوم لیا جاسکتا ہے کہ جب مشرکین مکہ نے حضورؐ اور ان کے صحابہ کرام پر الزام لگایا کہ آپ نعوذ باللہ اپنے ہم قبیلہ لوگوں کی خون ریزی اور ان کا مال لوٹنے میں ملوث ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اس الزام کو رفع کیا کہ ہوس زر میں یہ مشرکین مبتلا ہیں قوم میں خون ریزی کے ذمہ دار یہ خود ہیں یہ ان لوگوں کا وطیرہ ہے کہ اپنے بھائیوں کو قید کرتے ہیں اور ان کا مال لوٹتے ہیں۔ یہ طریقہ کار کسی بھی نبی' کسی رسول کا نہیں ہوسکتا۔

دراصل قرآن مجید کا اسلوب ایک اعلیٰ خطیب کی تقریر کا اسلوب ہے اور خطیب اپنے مخاطبین میں سے جس سے چاہتا ہے خطاب کرتا ہے۔ کسی جلسے کی مثال لیں تو تقریر کرنے والا کبھی خواتین سے مخاطب ہوگا کبھی مردوں سے' کبھی نوجوانوں سے تو کبھی بزرگوں سے۔ ان کے لیے دو لفظ ''آپ یا تم'' ہی استعمال کرے گا۔ قرآن میں اس کی بہترین مثال سورۃ یوسف کی آیت 29 ہے:

''یوسف تم اس سے اعراض کرو اور تم (زلیخا) اپنے گناہ کی مغفرت چاہو' بے شک تو ہی خطا کاروں میں سے ہے''۔

یاد رہے آیت کے اس مفہوم میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ لہٰذا یہ ضروری نہیں کہ ہم زیر بحث مسئلے میں سورہ انفال کے الفاظ ''تم دنیا

**''لو لا کتب من الله'' کے الفاظ جب بھی قرآن میں آئے ہیں اس کا مطلب اللہ کے اس قانون کی طرف اشارہ ہوتا ہے جس کے تحت انکار رسالت کی پاداش میں کفار اور منافقین پر عذاب نازل ہوتا ہے**

کے طالب ہو' اور ''پس کھاؤ مال غنیمت'' میں دونوں کا مخاطب ایک ہی یعنی صحابہؓ اور رسول اکرم کو مانیں بلکہ سیاق کلام دلیل ہے کہ یہاں کفار کے سوا کوئی اہل ایمان ان کا مخاطب ہو ہی نہیں سکتا لیکن اگر ذہن روایات میں الجھا ہو تو آدمی اس کی بھی پرواہ نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ محمد رسول اللہؐ اور صدیق اکبرؓ پر عتاب کرے گا تو پھر باقی کون بچے گا؟ مزید یہ کہ ''لولا کتب من اللہ'' کے الفاظ جب بھی قرآن میں آئے ہیں اس کا مطلب اللہ کے اس قانون کی طرف اشارہ ہوتا ہے جس کے تحت انکار رسالت کی پاداش میں کفار اور منافقین پر عذاب نازل ہوتا ہے۔ یہ قرآن کا مخصوص اسلوب ہے اس کا مخاطب نعوذ باللہ صحابی اور رسول اللہؐ کو کسی صورت قرار نہیں دیا جا سکتا۔

چنانچہ ان حقائق کی موجودگی میں اسیران غزوہ بدر کے معاملے کو قرآن مجید ہی کی روشنی میں دیکھنا چاہیے۔ چنانچہ جن مفسرین اور سیرت نگاروں نے اسے قرآن کی روشنی میں سمجھا ہے وہ زیر بحث آیات کا ترجمہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''کوئی نبی اس بات کا روادار نہیں ہوتا کہ اس کو قیدی ہاتھ آئیں یہاں تک کہ وہ اس کے لیے ملک میں خون ریزی برپا کر دے (یعنی یہ کسی نبی کی شان نہیں کہ وہ قیدی بنانے کی خاطر ملک میں خون ریزی کرے) یہ تم (کفار) ہو جو دنیا کے سروسامان کے طالب ہو' اللہ تو آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے اگر اللہ کا نوشتہ (اللہ کا یہ قانون کہ رسولوں کا انکار کرنے والوں پر اسی دنیا میں عذاب نازل ہوگا' لیکن حتمی عذاب سے پہلے مہلت بھی دی جائے گی) پہلے سے موجود نہ ہوتا تو جو روش (اے کافرو) تم نے اختیار کی اس کے باعث تم پر ایک عذاب عظیم آ دھمکتا (اور تم میں سے ایک ایک کی گردن مار دی جاتی) پس (اے مسلمانو) جو مال غنیمت تم نے حاصل کیا اس کو حلال وطیب سمجھ کر کھاؤ اور (ان کافروں کی باتوں کی پرواہ نہ کرو بلکہ) اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے اے نبی! تمہارے قبضے میں جو قیدی ہیں ان سے کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی پائیگا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اس سے بہتر وہ تم کو عطا فرمائے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے اور اگر تم سے یہ (گرفتار کافر) بدعہدی کریں گے (تو پھر نہیں بخشے جائیں گے کیونکہ) اس سے پہلے انہوں نے اللہ سے بدعہدی کی تو اللہ نے تم کو ان پر قابو دے دیا (غزوہ بدر کی طرف اشارہ ہے) اور اللہ علم والا اور حکمت والا ہے۔

ان آیات کی روشنی میں یہ اہل علم زیر بحث معاملے کو اس طرح دیکھتے ہیں کہ غزوہ بدر میں جب مسلمانوں کے ہاتھوں کفار کو عبرت ناک شکست ہوئی تو کفار نے یہ شور مچایا کہ یہ کیسے اللہ کے رسول ہیں جو جنگیں لڑتے ہیں اپنے ہم قبیلہ بھائیوں کو قید کرتے ہیں۔ ان کا مال لوٹتے ہیں اللہ کے پیغمبر تو تو صرف عبادت وغیرہ میں مصروف رہتے ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید نے غزوہ بدر سے ملتی جلتی جنگ کا حوالہ دے کر انہیں بتایا کہ اس سے قبل حضرت داؤد علیہ السلام نے بھی جالوت کو قتل کیا اور زمین کو فساد سے پاک کیا۔ (بقرہ



250-251) لہٰذا اللہ کا طریقہ یہی رہا ہے کہ وہ زمین پر فساد مچانے والوں کو ختم کرتا رہتا ہے اور اس مقصد کیلئے لڑی جانے والی جنگ کے ذمے دار وہی لوگ ہوتے ہیں جو پیغمبر کو جنگ پر مجبور کرتے ہیں لہٰذا اس زہریلے پراپیگنڈے کو ختم کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے کفار سے کہا کہ اللہ کے نبی کی یہ شان کے خلاف ہے کہ وہ سامان دنیا حاصل کرنے کے لیے خون ریزی کرے اگر ایسا ہوتا ہے تو اس کے ذمہ دار تمہارے جیسے فسادی ہیں جنہوں نے اللہ کے رسول کو اس کے گھر سے نکالا' اللہ کا نام لینے والوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا اور ظلم وستم کی ہر صورت ان پر روا رکھی۔ ایسے فسادیوں اور شر انگیزوں کے لیے اللہ نے اپنا یہ قانون مقرر کر رکھا ہے کہ وہ ایک مقررہ مہلت کے بعد ان پر اپنا عذاب نازل کر ڈالتا ہے۔ لہٰذا دنیا کے طالب ہمارے رسول اور اس کے ساتھی نہیں' تم ہو اور اگر تمہاری مہلت کے دن ابھی باقی نہ ہوتے تو تم سب کافروں کو غزوہ بدر سے اگلا دن دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ پھر مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے انہیں تسلی دی گئی کہ تم ان کفار کے پراپیگنڈے کا کوئی اثر قبول نہ کرو اور ان سے حاصل کردہ مال غنیمت کو حلال وطیب سمجھ کر کھاؤ اور اللہ سے تقویٰ کی روش کو جاری رکھو۔ پھر اللہ کے رسول سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ ان قیدیوں سے بھی کہہ دیں کہ اگر وہ ایمان قبول کر کے توبہ کر لیں گے تو جو مال ان سے لیا گیا ہے اللہ اس سے بہتر انہیں عطا کرے گا لیکن اگر انہوں نے بدعہدی کی تو وہ دوبارہ اسی طرح بندھے ہوئے اونٹوں کی طرح اہل ایمان کے قابو میں دے دیے جائیں گے۔

یوں زیر بحث مسئلے کی ان تمام الجھنوں کو قرآن مجید نے ختم کر دیا جو حضورؐ اور صحابہؓ کو اللہ کے عذاب کا نشانہ بننے پر پیدا ہوتی ہیں اور دشمنان اسلام جن کی آڑ میں حضورؐ اور صحابہؓ کی شان میں گستاخیاں کرتے ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ ان روایات کا اصل معنی کیا ہے تو امت کے تمام اہل علم اس بات پر متفق ہیں کہ قرآن کو اولیت دی جائے گی اور ان حدیثوں کا انکار کرنے کے بجائے ان پر خاموشی اختیار کی جائے گی حتیٰ کہ واضح ہو جائے گا کہ ان حدیثوں کا اصل مطلب کیا ہے یا یہ واضح ہو جائے گا ان کی نسبت ہی درست نہیں ہے لیکن قرآن اور ناموس رسالت کے خلاف کوئی چیز نہیں مانی جائے گی!

یوں ہر صاحب عقل وشعور دیکھ سکتا ہے اس دور میں اگر کوئی چیز حضورؐ کے ناموس کی حفاظت کر سکتی ہے تو وہ اللہ کی کتاب ہے۔ اسی ایک مثال سے یہ بات آسانی سے سمجھی جا سکتی ہے کہ مدینے سے بنو قریظہ کی جلاوطنی اور قتل کا اعتراض ہو یا کعب بن اشرف کو ذاتی وجہ سے ہلاک کرانے کا الزام' حضورؐ پر غلامی کو جائز کرنے کا اتہام ہو یا چار سے زیادہ بیویوں کا قضیہ' سیدہ عائشہؓ سے کم سنی میں اور سیدہ زینبؓ کا طلاق کے بعد حضورؐ سے نکاح کا واقعہ' ان سب اعتراضات اور الجھنوں کو قرآن مجید کی واضح اور دو ٹوک آیات حتمی طور پر ختم کر دیتی ہیں اور اس شان سے ختم کرتی ہیں انسان قرآن ہی کے حکم کی تعمیل میں درود وسلام بھیجنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد۔ ☆☆☆



# نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کی فضیلت

نہ دولت میں نہ جاہ میں نہ رسم و راہ میں ہے
اس زندگی کا کیف و سرور صل علیٰ میں ہے

درود شریف ایک مقبول ترین اور مفید ترین وظیفہ ہے۔ دور حاضر کا انسان مختلف پریشانیوں، مسائل، ذہنی دباؤ اور ذہنی تناؤ جیسی کیفیات سے نہ صرف دوچار ہے بلکہ مصائب و آلام کی ایسی وادیوں میں سرگرداں ہے جس سے بچ نکلنا اسے مشکل ہی نہیں محال نظر آتا ہے۔ ان ناگفتہ بہ حالات میں جب تک انسان اپنے نفس میں طاقت پاتا ہے حالات سے نبرد آزما ہونے اور ان سے چھٹکارا پانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس سعی لاحاصل کے بعد بھی جب وہ تھک جاتا ہے تو آخر اسے ایک ہی در دکھائی دیتا ہے جہاں اس کے سارے مسائل کا حل موجود ہوتا ہے۔ وہ در ایک خداوند قدوس کا در ہے اور اس در سے روشناں کرانے والی ذات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ ہے۔ چنانچہ اس عظیم ہستی کا اس احسان عظیم کے بدلہ میں ہمارے اوپر حق ہے کہ ہم اس ذات مقدسہ پر کثرت سے درود شریف بھیجیں اور ان کے بلندئ درجات کیلئے دعا کریں ﷺ پھر اس میں فائدہ بھی انسان کی اپنی ذات ہی کا ہے کہ درود شریف ہموم وغموم اور افکار و ساوس سے نکلنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ مناسب ہے کہ درود شریف سے پہلے تھوڑا استغفار کر لیا جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور اکرم ﷺ پر بکثرت درود شریف بھیجنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی برکات ہم سب کو دنیا و آخرت میں نصیب فرمائے۔ (آمین)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم صل علیٰ محمد
وعلیٰ آل محمد کما صلیت
علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم
انک حمید مجید
اللّٰھم بارک علیٰ محمد وعلیٰ
آل محمد کما بارکت علیٰ
ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم
انک حمید مجید

(1) فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے جس مجلس میں کچھ لوگ بیٹھیں اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کریں اور اپنے نبی ﷺ پر درود نہ بھیجیں تو یہ مجلس ان لوگوں کیلئے قیامت کے روز حسرت کا سبب ہوگی۔ اگرچہ ثواب کیلئے جنت میں داخل ہو جائیں۔

(2) حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

☆☆☆


نثار تیری چہل پہل پہ ہزاروں عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں
تمام اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مبارک ہو
ربیع الاول
AL-MUZAMMIL
Lic # 1454/MPD/LHR
Recruuiting Agency
1st Floor, 282-B-Block Main Boulevard
Sabzazar Scheme Lahore-Pakistan
Tel:0092-42-35425050-35415487
Fax:0092-42-35432613-35410049
Email:almuzmmil_pk@yahoo.com
Email:aimz@almuzammil.pk
website:www.almuzammil.pk
Muhammad Anwar Mughal
General Manager
Muhammad Nasir Mughal
Managing Director


الصلوٰۃ والسلام علیک سیدی یا رسول اللہ
جشن ولادت مبارک
جشنِ
عیدِ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مبارک ہو
ASIAN STAR
9-G Markaz, Block 28, Flat # 5, 2nd Floor, Allah Wala Plaza, Karachi Company
Islamabad-PAKISTAN Tel: +92-51-2261182, 226429, Fax: +92-51-2261181
E-mail: asian_star1992@hotmail.com
Muhammad Afzal Qureshi
Managing Director

# حکمرانوں اور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا سے دردمندانہ اپیل

میری صدر پاکستان جناب ممنون حسین' وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف' وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف' علمائے کرام' مشائخ عظام اور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا سے ایک اہم ایشو پر دردمندانہ اپیل ہے۔ ہم قومی ذرائع ابلاغ الیکٹرانک پرنٹ میڈیا میں کئی کئی گھنٹے لاحاصل موضوعات پر فضول بحث کرتے ہیں جن کا کوئی فائدہ نہیں۔ ہم یہ بات کیوں نہیں کرتے۔ ہم انسان کیوں ہیں' مسلمان کیوں ہیں' کیوں وضو کرتے ہیں کیوں نماز پڑھتے ہیں' کیوں روزہ رکھتے ہیں' کیوں زکوٰۃ دیتے ہیں کیوں حج وعمرہ کرتے ہیں؟

ہم حج وعمرہ کی قومی ذرائع ابلاغ' الیکٹرانک' پرنٹ میڈیا پر تعلیم وتربیت اور گائیڈنس کیلئے پروگرام شروع کیوں نہیں کرتے؟

دوران حج وعمرہ ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ صبر وتحمل نہایت عجز وانکساری کیساتھ نہایت مہذبانہ طریقہ سے حج وعمرہ کیوں نہیں کرتے بحثیت پاکستانی ہم قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیوں نہیں کرتے۔ ہم ایسے مقدس مقام پر بھی پروٹوکول کیوں ڈھونڈتے ہیں۔ پیدل چل کر دعائیں مانگتے ہوئے حج وعمرہ کے فرائض کیوں ادا نہیں کرتے۔ اللہ اور اس کے رسول کو راضی کرنے کی بجائے موبائل کیمروں سے تصویریں بنانے میں کیوں لگے رہتے ہیں۔

میری ان تمام اینکر پرسنز' اخبارات کے صحافیوں سے خصوصی اپیل ہے کہ اپنے چینلز اور اخباروں اور جرائد میں حج وعمرہ گائیڈ کے پروگرام شروع کریں۔ حج وعمرہ زائرین کو یہ بات پہنچائیں کہ فرائض کی ادائیگی کے وقت موبائل کیمرے ساتھ لے کر نہ جائیں۔ اپنی تمام تر توجہ تصویروں کی بجائے حج وعمرہ ادا کرنے کی طرف لگائیں اور زیادہ سے زیادہ دعائیں مانگیں۔ قوم کو حجاج کے مسائل سے آگاہ کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ پروگرام کریں۔

حج وعمرہ کے معاملے میں جہاں میڈیا وزارت مذہبی امور اور ٹور آپریٹر کو موردالزام ٹھہراتا ہے وہاں پاکستانی حجاج کو بھی گائیڈ کرے۔ پاکستانی حجاج کو بتائے کہ حج و عمرہ کیسے کرنا چاہیے کیا کبھی پاکستانی حجاج کو وہاں ملک کی شان کے خلاف نازیبا حرکات پر سزا دی گئی ہے۔ ہمارے وی آئی پیز حج کیلئے جاتے ہیں وہاں اکثر سینہ تان کر اور بھرپور پروٹوکول سے حج کرنا چاہتے ہیں میں نے وہاں بڑے بڑے لوگوں کو دیکھا ہے جو بڑے عہدوں پر ہونے کے باوجود بڑی عاجزی وانکساری سے حج کرتے ہیں۔ میں نے سابق وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف' وزیر مملکت مذہبی امور امین الحسنات کو حاجیوں کے ساتھ پیدل چلتے دیکھا حاجیوں میں گھل مل کر ان کے مسائل حل کرتے دیکھا جو لوگ حج وعمرہ کیلئے جاتے ہیں ان کا اصل مقصد اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو راضی کرنا ہونا چاہئے نہ کہ اصل عبادت کی طرف توجہ دینے کی بجائے دھیان موبائلوں اور کیمروں سے تصویریں بنانے کی طرف ہونا چاہئے۔



منجانب

**الحاج منیر احمد انصاری**

چیف ایگزیکٹو

سفینۃ الحجاج کراچی


سابق چیئرمین حج وعمرہ آرگنائزیشن سندھ/کراچی


# پاکستان سیاحتی مقامات سے مالامال ہے' ترقی کیلئے ٹورازم کو وفاقی حکومت کے سپرد کیا جائے

## یحییٰ پولانی

## حکومت حج پالیسی کا جلد اعلان کر کے پچھلے سال پرائیویٹ سیکٹر کے کم کیے گئے حج کوٹہ کو بحال کرے

### حکومت پاکستان سے ایوارڈ یافتہ نامور سوشل' بزنس مین شخصیت محمد یحییٰ پولانی چیئرمین پولانی گروپ سے خصوصی انٹرویو





حاجی مسعود پاریکھ کی دعوت کے موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف اور یحیٰ پولانی کا گروپ فوٹو

ٹریولنگ' حج وعمرہ اور مین پاور ایکسپورٹ جیسے شعبہ جات میں محمد یحیٰ پولانی کی ہمہ گیر اور ہمہ جہت شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کا شمار پاکستان کی نامور محبّ وطن سماجی اور عظیم کاروباری شخصیات میں ہوتا ہے۔ قومی خدمت کے جذبہ سے معمور آپ تاجر کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور سوشل سرگرمیوں میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ 40 سال سے آپ اپنی اعلیٰ و ارفع اخلاقی خوبیوں اور ہر دلعزیز پرکشش شخصیت کے مالک ہونے کے ناطے نہ صرف حکومتی وعوامی حلقوں میں مقبول عام ہیں بلکہ ہر شعبۂ زندگی میں آپ ایک وسیع حلقہ احباب بھی رکھتے ہیں۔

آپ نہ صرف پولانی گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین ہیں بلکہ مختلف اوقات میں مندرجہ ذیل خدمات بھی سرانجام دیتے آرہے ہیں۔

1-فیڈریشن آف چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریزFCCI کی سول ایوی ایشن کے چیئرمین

2-وائس چیئرمین میمن خدمت فورم

3-چیئرمین کونسل آف پروموشن آف انگش ان پاکستان

4-پیٹرن انچیف ورلڈ میمن آرگنائزیشن

5-سابق سنٹرل چیئرمین ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن (ٹیپ)



محمد یحیٰ پولانی کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز

آپ کی گرانقدر سماجی' معاشی اور کاروباری خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان نے آپ کو تغمۂ امتیاز جیسے قومی اعزاز سے نوازا ہے۔ قارئین یوتھ انٹرنیشنل کے پرزور اصرار اور دیرینہ خواہش کی تکمیل کی غرض سے ایڈیٹر انچیف یوتھ انٹرنیشنل میگزین جناب صدیق القادری نے آپ کا طویل انٹرویو کیا ہے تاکہ موجودہ ملکی حالات اور اہم موضوعات پر محمد یحیٰ پولانی صاحب کی ماہرانہ رائے' نظریات اور مشوروں سے مستفید ہوسکیں۔

# حج کرایوں میں کمی کیلئے حکومت دیگر ایئر لائنوں کو حج آپریشن کی اجازت دے یحییٰ پولانی

صدیق القادری: آئندہ حج پالیسی 2014ء کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

یحییٰ پولانی: سب سے پہلے تو میں وفاقی وزیر مذہبی امور جناب سردار یوسف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے گزشتہ حج آپریشن کی بذات خود نگرانی کی۔ ذاتی کاوش اور گہری دلچسپی سے حاجیوں کے ساتھ رابطے میں رہے۔ ان کے فروعی مسائل حل کرنے میں تگ و دو کرتے رہے۔ آپ کی شب و روز محنت سے وزارت حج کی کارکردگی بہتر ہوئی اور حاجیوں کا اعتماد بحال ہوا۔ کسی قسم کا سکینڈل بھی منظر عام پر نہیں آیا۔ یقیناً وزارت مذہبی امور کی اس اعلیٰ کارکردگی کے مظہر میں جناب سردار یوسف کے ہمراہ وزیر مملکت امین الحسنات بھی لائق تحسین و قابل داد ہیں۔

گزشتہ حج سیزن 2013ء کے دوران ایسا محسوس ہوتا تھا کہ وزارت مذہبی امور نے پہلی مرتبہ عازمین حج کی خدمت کا مظاہرہ کیا ہے اور حسب سابق وحسب روایت بزنس نہیں کیا۔ منافع خوری سے اجتناب کیا ہے۔ مکۃ المکرّمہ میں ڈائریکٹر حج جناب ابو کیف بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔ ایسے ایماندار اور محنتی افسران کی تقرری سے وزارت مذہبی امور کی کارکردگی اور ساکھ میں اضافہ ہوا ہے۔

امسال میری سردار یوسف سے بھی ملاقات ہوئی ہے۔ میں نے وزارت مذہبی امور کو مشورہ دیا ہے کہ حج پالیسی 2014ء کا اعلان جلد سے جلد کیا جائے۔ پچھلے سال جو پرائیویٹ سیکٹر کا حج کوٹہ کم کیا گیا تھا۔ اسے بھی فوراً بحال کیا جائے۔ وزارت مذہبی امور جلد از جلد مکۃ المکرّمہ اور مدینہ منورہ میں حاجیوں کیلئے رہائشی عمارتیں حاصل کرے تاکہ حاجیوں کو سستی اور حرمین شریفین کے قریب ترین اقامت گاہیں میسر آ سکیں۔

صدیق القادری: کیا آپ موجودہ وزیر مذہبی امور کی کارکردگی سے اب بھی مطمئن ہیں؟

یحییٰ پولانی: گزشتہ حج آپریشن کے دوران وزارت مذہبی امور کے قابل قدر اقدامات سے اس کی نیک نامی میں اضافہ ہوا ہے۔ پہلی مرتبہ حاجیوں نے وزارت مذکورہ کو دعائیں دی ہیں۔ جناب وزیر اعظم نواز شریف صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے جناب سردار یوسف صاحب جیسے بے لوث، قومی خدمت کے جذبہ سے سرشار انسان کو ہی وزیر مذہبی امور کا قلمدان دیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ امسال بھی وہ حج کے بہتر انتظامات بطریق احسن کریں گے۔

صدیق القادری: حج کوٹہ کم ہونے سے پرائیویٹ سیکٹر کس قدر متاثر ہوا تھا؟

یحییٰ پولانی: 2013ء میں عازمین حج کا کوٹہ محدود کرنے پر پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کو کافی زیادہ مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑا۔ میں توقع کرتا ہوں کہ مکۃ المکرّمہ میں توسیعی پروگرام کے تحت ہونے والی کنسٹرکشن مکمل ہونے کے بعد حج کوٹہ مزید بڑھ جائے گا جس سے نئے ٹور آپریٹرز کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی۔ انہیں بزنس ملے گا۔

**بدعنوان، کرپٹ ٹور آپریٹرز رشوت، سفارش کے بل بوتے پر اپنے فیملی ممبران اور ملازموں کے ناموں پر درجنوں لائسنس حاصل کر کے ہزاروں حاجیوں کا کوٹہ الاٹ کراتے ہیں**

صدیق القادری: کیا حج کوٹہ کی خرید وفروخت جائز ہے؟

یحییٰ پولانی: حج کوٹہ کی خرید وفروخت ہرگز جائز نہیں ہے۔ یہ حاجیوں کے ساتھ سراسر ظلم اور ناانصافی ہے کہ انہیں جانوروں کی طرح ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ فروخت کر دیا جائے۔ حکومت اس کا نوٹس لینا چاہئے اور کرپٹ ٹور آپریٹرز کے لائسنس منسوخ کرنے چاہئیں۔ بدعنوان ٹور آپریٹرز نے رشوت اور سفارش کے بل بوتے پر اپنے فیملی ممبرز اور ملازموں کے ناموں سے درجنوں لائسنس حاصل کر کے حج کوٹہ الاٹ کر دیا۔ حکومت کو حج کوٹہ کی تقسیم کا منصفانہ شفاف اور فول پروف طریقہ وضع کرنا چاہئے۔

صدیق القادری: کیا حج آپریٹرز کا وزارت مذہبی امور کیخلاف کورٹ میں جانا جائز تھا اور ناجائز کوٹہ تقسیم روکنے کیلئے کیا اقدامات ہونے چاہئیں؟

یحییٰ پولانی: حج کوٹہ کی تقسیم کا عمل وزارت حج کے ذریعے ہونا چاہئے تھا نہ کہ کورٹ کے ذریعے۔ جج صاحبان کا حج کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں بنتا۔ جب ہمارے ساتھ ناانصافی ہوئی تو ہم نے احتجاجاً اور حصول انصاف کے لئے عدالتوں سے رجوع کیا۔ کرپٹ مافیا سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت ایک بااختیار غیر جانبدار اور غیر سیاسی اعلیٰ سطحی کوٹہ الاٹمنٹ کمیٹی تشکیل دے جس میں پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کو بھی نمائندگی دی جائے اور ہر ٹور آپریٹر کی سابقہ کارکردگی کی بنیاد پر اسے کوٹہ الاٹ کیا جائے۔ جس ٹور آپریٹر کیخلاف شکایات وصول ہوں۔ اس کیخلاف ضابطہ کی کارروائی ہونی چاہئے۔ حکومت بھاری جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ ساتھ اسے بلیک لسٹ بھی قرار دے تاکہ عازمین حج دوران سفر حجاز مصائب وآلام اور مسائل کا شکار نہ ہوں۔

صدیق القادری: جناب! حج کرایوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اسکی وجہ



# کرپٹ مافیا سے بچنے کیلئے وزارت غیر جانبدار شخصیات پر ایک اعلیٰ سطحی حج کوٹہ الاٹمنٹ کمیٹی بنائے: یحییٰ پولانی



کیا ہے؟

یحییٰ پولانی: چونکہ حاجیوں کی سعودی عرب روانگی اور واپسی کی ذمہ داری صرف اور صرف دو ہوائی کمپنیوں کے پاس ہے۔ سعودی ائیر لائن اور پی آئی اے مسابقت نہ ہونے کی وجہ سے یہ دونوں ائیر لائنز ہر سال کرایوں میں اضافہ کر دیتی ہیں۔ اگر دیگر ائیر لائنز مثلاً گلف ائیر لائن' قطر ائر لائن' اتحاد ائیر ویز' امارات ائیر ویز اور دیگر ایشین یا یورپین ہوائی کمپنیوں کو بھی دوراج حج اس روٹ پر فلائی کرنے اور حاجیوں کو سروس دینے کی اجازت دی جائے تو اس روٹ پر ائیر فیئر میں خاطر خواہ کمی ہو سکتی ہے۔

صدیق القادری: عازمین حج کو مزید سہولیات فراہم کرنے کیلئے وزارت مذہبی امور کو کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔ اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

یحییٰ پولانی: میرے خیال میں وزارت حج سرکاری کوٹہ بھی اچھی ساکھ اور شہرت رکھنے والے پرائیویٹ حج آپریٹرز میں تقسیم کر دے اور صرف دوران حج ان پرائیویٹ اداروں کی سکروٹنی کرے تاکہ ان پرائیویٹ اداروں کے درمیان صحت مندانہ مسابقت اور مقابلے کی فضا پیدا ہو اور وہ حاجیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کریں۔ تمام کوٹہ پرائیویٹ سیکٹر کو منتقل کرنے سے حاجیوں کی تمام شکایات کا ازالہ ہو سکتا ہے۔

صدیق القادری: تو کیا اس طرح حاجیوں کی خرید و فروخت کو روکا جا سکتا ہے اور کیا پرائیویٹ سیکٹر کیخلاف حاجیوں کی شکایات رفع ہو جائیں گی؟

یحییٰ پولانی: حج تکلیف' پریشانی اور صبر و تحمل کا نام ہے۔ حجاج کرام کو اپنی کم عملی' لاعلمی' غفلت اور غلطی سے پیدا ہونے والے مسائل وزارت مذہبی امور کے کھاتے میں نہیں ڈالنے چاہئیں۔ جس کا عام طور پر عملی مظاہرہ دیکھنے کو ملتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے مسائل کے حل کیلئے حاجیوں کو فراخ دلی سے کام لینا چاہئے اور پرائیویٹ ٹور آپریٹر کو مورد الزام نہیں ٹھہرانا چاہئے۔ اگر کوئی سیریس مسئلہ ہو انفرادی نہیں' اجتماعی ہو جس کا تعلق مفاد عامہ اور حکومتی نااہلی سے ہو اس کی شکایت وزارت مذہبی امور کے ڈائریکٹوریٹ میں لازماً رجسٹر کرانی چاہئے۔ جہاں تک حاجیوں کی خرید و فروخت کے خاتمے کا سوال ہے اس کیلئے حکومت کو چاہئے کہ پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کیلئے حاجیوں کا کوٹہ کم از کم 100 یا اس سے زیادہ کرے۔ پچاس حاجیوں کے کوٹہ میں کوئی بھی ٹور آپریٹر اپنے اخراجات اور آمدنی میں توازن قائم نہیں رکھ سکتا۔ مجبوراً وہ اپنے حاجیوں کو کسی دوسرے ٹور آپریٹر کو فروخت کرے گا۔ نااہل اور ناتجربہ کار ٹور آپریٹرز کو ہرگز کوٹہ نہ دیا جائے۔ ان کے پاس نہ اپنا دفتر ہوتا ہے اور نہ ہی ملازمین۔ نگرانی کا نظام بہتر بنایا جائے اور ایماندار افسران کے سپرد کیا جائے۔ اگر میری ان تجاویز پر متعلقہ وزارت عمل کرے تو حاجیوں کی خرید و فروخت ختم ہو جائے گی اور ان کی شکایات کا ازالہ بھی ہو جائے گا۔

صدیق القادری: آپ پاکستان میں ٹورازم کو کیسے دیکھتے ہیں؟

یحییٰ پولانی: ملائیشیا میں سالانہ 21 کروڑ 7 لاکھ افراد سیر و سیاحت کی غرض سے جاتے ہیں جن میں ستر سے اسی ہزار پاکستانی بھی شامل ہیں۔ پاکستان میں بیرونی سیاحوں کی آمد کا سلسلہ سات ہزار سال پرانا ہے۔ یاں دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں آریا اور گندھارا کے آثار قدیمہ و عجائبات کے علاوہ دنیا کی بلند ترین فلک بوس چوٹیاں موجود ہیں۔ امن و امان کی انتہائی خراب صورتحال' سفری سہولتوں کا فقدان' سیاحتی مقامات کی غیر ذمہ دارانہ دیکھ بھال اور ہوٹلوں کی ناکافی موجودگی ہمارے ملک میں ٹورازم کے شعبہ کی زوال پذیری کی اہم وجوہات ہیں۔ پاکستان میں نہایت شاندار وسیع اور متنوع تاریخی ورثہ کے علاوہ پرکشش جنت نظیر شمالی علاقہ جات میں قدرتی مناظر ہونے کے باوجود پاکستان کورازم انڈسٹری دنیا میں سب سے پیچھے ہے۔

صدیق القادری: آپ کے خیال میں پاکستان میں ٹورازم انڈسٹری کے فروغ اور بہتری کیلئے موجودہ حکومت کو کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔

یحییٰ پولانی: اس سلسلے میں چند تجاویز پیش کرتا ہوں جن پر عمل پیرا ہو کر موجودہ حکومت شعبہ سیاحت کو ترقی دے کر اربوں ڈالر سالانہ کمانے کے علاوہ لاکھوں افراد کو روزگار بھی مہیا کر سکتی ہے۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ٹورازم کا محکمہ وفاقی حکومت کے پاس ہونا چاہئے۔ صوبائی سطح پر منتقل کر کے اس شعبہ کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ موجودہ جمہوری حکومت' خاص طور پر وزیراعظم نواز شریف جو ایک باصلاحیت قومی لیڈر ہیں اور ملکی ترقی کے لئے پرعزم بھی کو چاہئے کہ ترجیحی بنیادوں پر ملک کے تمام حصوں میں امن و امان کی صورتحال قائم کرے۔ شمالی علاقوں میں سڑکوں کا جال بچھائے اور ان علاقوں کو پورے ملک کی اہم شاہراہوں سے لائے۔ ہوٹل' موتل' گیسٹ ہاؤسز اور سیاحتی مقامات پر رہائشی سہولیات مہیا کرے۔ علاوہ ازیں سیاحتی مقامات و عمارات کی بین الاقوامی سطح پر تشہیر' ٹورازم فیسٹیول کا انعقاد پروفیشنل' محنتی اور ایماندار عملہ کی تقرری جیسے اقدامات بھی ضروری ہیں۔ اس سلسلے میں مخیّر حضرات کی خدمات کا حصول بھی ضروری ہے۔ میمن کمیونٹی پاکستان میں ٹورازم کی بحالی کیلئے بے لوث اور بلا معاوضہ خدمات پیش کرتی ہے۔ اگر موجودہ حکومت سنجیدگی سے ان تجاویز پر عمل کرے تو میں دعوے سے کہتا ہوں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں پاکستان دنیا کے 9 امیر ترین ملکوں میں شامل ہو جائے گا۔ ☆☆

WVIMS

# WORLD VISION INSTITUTE OF MODERN STUDIES

Trade Testing Board Govt. of KPK-Pakistan

Foreign Affairs Attested & Govt. Recognized AFFILIATED WITH TTB & SDC

ہنرمند افراد کے لئے گورنمنٹ کا ڈپلومہ پروگرام 1 سے 2 سالہ ڈپلومہ کسی بھی فیلڈ میں حاصل کریں۔

تجربہ کے حامل افراد مختصر مدت میں ڈپلومہ حاصل کریں۔

Distance Learning Education Program
Home Based Study
Assignment Based
Experience Based

## MANAGEMNET DIPLOMA'S

Rs. 9,000/- (1 Year) Rs. 16,000/- (2 Year)

Diploma in Project Management
Diploma in Human Resource Management (HRM)
Diploma in Accounting and Finance
Diploma in Health & Physical Education
Diploma in Education Planning & Management
Diploma in Health, Safety & Environment (HSE)
Diploma in General Banking
Diploma in Auditing Management
Diploma in Computerized Accounting System
Diploma in Taxation Management
Diploma in Advertising & Promotion
Diploma in Drawing Master
Diploma in Early Childhood Care & Education
Diploma in School Management
Diploma in Library Management
Diploma in Dress Making & Fashion Design
Diploma in Business & Labor Law Diploma in
Diploma in Commercial corporate law
Diploma in Criminology
Diploma in Computer networking
Diploma in Database management
Diploma in Management information system
Diploma in Web design & development
Diploma in Fire Safety management
Diploma in Islamic Banking
Diploma in Takaful (Islamic Insurance)
Diploma in Hotel Management
Diploma in Material Management
Diploma in Public Administration
Diploma in International Relations
Diploma in Sale and Marketing
Diploma in Mass Media & Public Relation
Diploma in Journalism & Media Management
Diploma in TV News Reporting & Production
Diploma in Conflict Management
Diploma in Risk Management
Diploma in Leadership & Team Management
Diploma in Procurement Store & Materials Mgt
Diploma in Production & Operation Management
Diploma in Office Administration & Management
Diploma in Business Administration (DBA)

## ENGINEERING AND TECHNOLOGIES DIPLOMA'S

Rs. 15,000/- (1 Year) Rs. 23,000/- (2 Year)

Diploma in Logistics & Supply Chain MGT
Diploma in Geographic Information System (GIS)
Diploma in Disaster Management
Diploma in Public Health (DPH)
Diploma in Ultrasound Diagnostic
Diploma in International Montessori Education
Diploma in Human Diet & Nutrition
Diploma in Hospital Management & HRM
Diploma in Clinical Physiology
Diploma in Dermatology
Diploma in Public Health Administration
Diploma in Medical Education
Diploma in Pain Management
Diploma in Bio Informatics
Diploma in AutoCAD
Diploma in Automotive Engineering
Diploma in Environmental Engineering
Diploma in Chemical Engineering
Diploma in Civil Engineering
Diploma in Civil Surveying
Diploma in Computer Engineering
Diploma in Modern Construction Mgt
Diploma in Building Construction
Diploma in Industrial Engineering
Diploma in Telecommunications
Diploma in Material Engineering
Diploma in Quantity Surveying
Diploma in Safety & Security Management
Diploma in Petroleum Engineering
Diploma in Information Technology (DIT)
Diploma in Software Engineering
Diploma in Textile Engineering
Executive Manager in Business Administratio (EMBA)
Diploma in Safety Management

## MEDICAL DIPLOMA'S

Rs. 18,000/- (1 Year) Rs. 30,000/- (2 Year)

Diploma in Medical Technician
Diploma in Clinical Assistant
Diploma in Laboratory Assistant
Diploma in Dental Technician
Diploma in X-Ray Technician
Diploma in Pharmacy
Diploma in O.T Technician
Diploma in Med Wife
Diploma in LHV (2Year)

A Candidate can apply for max 2 courses at a time


## Education Diploma

- M.Ed
- B.Ed
- C.T
- P.T.C
- D.M
- J.D.P.E
- S.D.P.E
- T.T
- A.T

اس کے علاوہ اپنے تعلیمی مسائل کے حل کیلئے ہمارے ہیلپ لائن پر رابطہ کریں 0311-9955933

Head Office: 13-2nd Floor Panorama Center G-11 Markaz Islamabad
Tell: +92 51-2830422 Mob: + 92 333-9192626

Branch Office: FF-524 Deans Trade Center
Peshawar Cantt. Ph: + 915006617 Mob: + 92 321 9302566




# رحمتوں اور برکتوں سے بھرا جشن عید میلاد النبی ﷺ کا بابرکت دن



چوہدری نورالحسن تنویر

پیکر دل ربا بن کے آیا روح ارض و سماء بن کے آیا
سب رسول خدا بن کے آئے وہ حبیبؐ خدا بن کے آیا

اللہ رب العزت کی ذات مقدس نے ارشاد فرمایا کہ ''میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا سوچا کہ جانا جاؤں' پہچانا جاؤں سو ہم نے اپنے آپ کو ظاہر کرنے کے لیے اپنے ''نور'' سے اپنے محبوب کو تخلیق کیا اور جہانِ رنگ و بو آب و گل کی زینت اور تمام جہانوں کیلئے ''رحمت'' بنا کر اس دنیا میں بھیجا۔

یہی وجہ ہے کہ جونہی ربیع الاول شریف...... کے ماہ مقدس کا آغاز ہوتا ہے تو عاشقان رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوشی سے جھوم اٹھتے ہیں اور اس پورے ماہ مقدس کو انتہائی عقیدت واحترام اور شایان شان طریقے سے مناتے ہیں...... گھر گھر محافل جشن عید میلاد النبیؐ کا انعقاد ہوتا ہے گلیوں اور بازاروں کو دلہن کی طرح سجادیا جاتا ہے مساجد اور بلند و بالا عمارات پہ چراغاں کے خوبصورت مناظر آنکھوں کو فرحت آنگیں نظارے پیش کرتے ہیں درود وسلام کی بے مثل اور خوب صورت صدائیں سماعتوں سے ٹکرا کر کانوں میں رس گھولتی ہیں...... گھر گھر صدقات وخیرات اور لنگر کا وسیع اہتمام وانتظام کیا جاتا ہے سکول اور کالجز کی سطح پر تقاریر اور نعت خوانی کے مقابلے ہوتے ہیں۔ پوری دنیا میں سرکاری وغیر سرکاری سطح پر ''سیرت النبیؐ'' کے موضوع پر سیمینارز اور تقریبات منعقد کی جاتی ہیں پرنٹ میڈیا خصوصی ایڈیشنز شائع کرنے اور الیکٹرانک میڈیا خصوصی نشریات اپنے ناظرین کیلئے پیش کرنے کا اہتمام کرتا ہے...... شکرانے کے نوافل ادا کیے جاتے ہیں اور ایک دوسرے کو خوشی کے اس موقع پر ''جشن آمد رسولؐ'' کی مبارکبادیں دینے کا عظیم سلسلہ چل نکلتا ہے۔


یہ سارے اہتمام وانتظامات کس لیے ہوتے ہیں اس لیے کہ آج کے دن ہی پروردگار عالم نے حضور سید عالمؐ سرور کائناتؐ فخر موجوداتؐ ہادی عالمؐ رحمت عالمؐ آقائے نامدارؐ حبیب خدا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو اس دنیا میں مبعوث فرما کر امت مسلمہ پر ایک بہت بڑا احسان فرمایا...... خداوند قدوس نے واضح ارشاد فرمایا کہ

''اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم آپ فرمادیں کہ جب تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت ہو تو خوش ہوا کرو' تمہارا خوشیاں منانا اس سے بہتر ہے' جو تم اپنے لیے جمع کیے رکھتے ہو؟''

اور جگہ رب کائنات نے ارشاد فرمایا کہ ''پس! یاد کرو تم اللہ کی نعمتیں' تاکہ تم فلاح پاؤ''۔ اسی طرح اور ایک مقام پر رب قدوس نے ارشاد فرمایا ''اور اپنے پروردگار کی نعمت کو خوب کھول کر بیان کرو''۔

کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر بھی کوئی ''نعمت'' کوئی ''فضل'' اور کوئی ''احسان'' ہوسکتا ہے؟ یقیناً نہیں!

آپؐ کی آمد کی خوشیاں منانا تو ہر جن و بشر ہی اپنے لیے باعث اعزاز اور سرمایہ حیات سمجھتا ہے اگر کوئی بدقسمتی سے خوشیاں نہیں مناتا اور اس دن سے بغض رکھتا ہے تو وہ فقط شیطان ہی ہے کہ وہ رب رحمٰن کی طرف سے عطا کردہ ''نعمت عظمیٰ'' پہ خوشیاں نہیں مناتا اور رب کریم کے فضل' رحمت اور نعمت کا کھل کر بیان اور اعلان نہیں کرتا۔ جب ہم اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد کرتے ہیں یا اس کا اعلان اور بیان کر رہے ہوتے ہیں تو گویا ہم اپنے پروردگار عالم کا شکر ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب ''تفسیر مظہری'' جلد 4 صفحہ 330 پر لکھتے ہیں کہ ''یعنی نعمت کو یاد کرو' نعمت کی یاد موجب شکر ہوگی اور شکر موجب فلاح''۔



اور ایسی ''نعمت'' کہ جس کے صدقے سے زندگی کے شب و روز ہی بدل جائیں اور جس کے باعث ''مولا کریم'' مل جائے۔ کون نہیں جانتا کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی




حیات پاک کا ایک ایک لمحہ...... نہ صرف امت مسلمہ کیلئے' بلکہ پوری انسانیت کیلئے "مینارہ نور" کی حیثیت رکھتا ہے گویا رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دنیا میں آمد...... ایک بہت بڑا انقلاب تھا اور ایسا انقلاب کہ جس کے انتظار میں یہ سسکتی بلکتی انسانیت صدیاں تڑپتی اور ترستی رہی...... کہ کوئی عظیم رہنما...... کوئی عظیم ہستی...... کوئی عظیم مسیحا اس دنیا میں تشریف لائے اور ہماری تاریک اور اندھیروں میں ڈوبی ہوئی زندگیوں کو روشنی بخش دے...... بے راہ روی سے ہٹا کر "صراط مستقیم" پہ چلا دے...... اللہ رب العزت کا پتا دے...... دلوں پہ لگے زنگ کو اتار دے اور گرد آلود روح کو نکھار دے اور سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ

آخر کار رب کائنات کو "انسانیت" پر ترس آیا اور ذات باری تعالیٰ نے 12 ربیع الاول کی صبح سعادت کو وہ "نور" عطا فرمایا کہ جس کی تابندہ کرنوں سے پوری کائنات جگمگا اٹھی اور جس کی خوشبو سے سارا عالم معطر ہو گیا محبتوں کے بے مثل پھول کھل اٹھے خلوص و پیار کے چراغ روشن ہو گئے...... چاند' سورج اور ستاروں کو ضوفشائی نصیب ہوئی دریاؤں اور سمندروں کو روانی ملی...... خوشبوؤں کو پاکیزہ احساس ملا...... ہواؤں اور فضاؤں کو جینے اور سنورنے کا سلیقہ آیا...... تہذیب و تمدن پہ روپ آیا"۔

حضور سید عالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام و مرتبہ سب سے جداگانہ اور منفرد ہے۔ یقیناً آپؐ کی ذات گرامی صورت میں اجمل اور سیرت میں اکمل ہے۔ حضور اقدس کی سیرت طیبہ ہمارے لیے ایک بہترین نمونہ ہے پروردگار عالم کی پاک ذات نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا کہ ترجمہ: "یعنی تمہارے لیے نبی کریمؐ کی زندگی مبارک میں بہترین نمونہ ہے"۔

اور دوسری طرف دیکھیں کہ شیطان صفت انسان اور احسان فراموش لوگ یزیدی قوتوں کے ہاتھوں بکتے ہوئے توہین رسالتؐ کے قانون کو ختم کرنے کی تجویز پیش کرتے ہیں کسی بھی نبی اور رسول کی ذراسی بھی گستاخی' سراسر بربادی اور جہنم کا ایندھن بننے کا باعث ہے اور پھر وہ نبی کہ جس کی امت میں شامل ہونا حضرت عیسیٰ ایسے جلیل القدر نبی بھی متمنی تھے اور پھر وہ نبیؐ جو رسولوں کے تاجدار' نبیوں کے امام' بے قرار دلوں کے چین' امت کے غم خوار' جانِ جہان' شافعی محشر اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جو حبیب خدا ٹھہرے۔ اس حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی اور بے ادبی رب کریم بھلا کیسے برداشت کر سکتا ہے۔

لب پہ نعت پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
میرے نبیؐ سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
پست وہ کیسے ہو سکتا ہے حق نے جس کو بلند کیا
دونوں جہاں میں ان کا چرچا کل بھی تھا اور آج بھی ہے
بتلا دو گستاخ نبیؐ کو غیرت مسلم زندہ ہے
دین پہ مر مٹنے کا جذبہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

یہ گستاخ رسول اور گستاخ کی حمایت میں بولنے والے عقل کے اندھے لوگ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس فرمان مقدس پر کان کیوں نہیں دھرتے؟ کہ "اور جو لوگ اللہ کے رسول کو دکھ دیتے ہیں ان کیلئے دردناک عذاب ہے"۔ (سورۃ توبہ) اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ "جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر اللہ دنیا و آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کیلئے اس (اللہ) نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے"۔

اللہ رب العزت...... کو تو آپؐ کی آواز مبارک سے زیادہ اونچا بولنا بھی گوارا نہیں۔ اللہ ارشاد فرماتا ہے کہ "اے اہل ایمان! اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے اونچی نہ کرو اور جس طرح آپس میں ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو اس طرح انؐ کے روبرو زور سے نہ بولا کرو کہ تمہارے اعمال ضائع کر دیے جائیں اور تمہیں اس بات کی خبر بھی نہ ہو"۔

یاد رکھیں! تاریخ اسلام پہ اگر نظر دوڑائیں تو یہ گستاخانِ رسولؐ اپنے برے انجام کو پہنچتے آئے ہیں اور انشاءاللہ موجودہ دور میں بھی شانِ رسول عربی کی گستاخی کے مرتکب اور ان کے حامی افراد ضرور اپنے برے انجام کو پہنچیں گے اور نہ صرف دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی سزا پائیں گے کیونکہ یہ اللہ کا وعدہ ہے فکر اقبالؒ کے حامی حضرت غازی علم دین شہید اور عامر چیمہ شہیدؒ ایسے فرزندانِ اسلام ابھی اس قوم میں موجود ہیں۔

شان حبیب کبریاؐ تو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے رسول عربیؐ کی ذات صفات تو اس دنیا کیلئے رحمت ہیں اور جب یہ دنیائے فانی ختم ہو جائے گی اور روز قیامت ہوگا اس روز بھی انہی کی ذات کریمؐ ہم گنہگاروں کیلئے رحمت کا آسرا ہو گی اور ہماری بخشش کیلئے رب قدوس کے ہاں سفارش فرمائیں گے۔ بے شک رب کریم اپنے حبیبؐ کے صدقے سے اپنے گنہگار بندوں

(باقی صفحہ نمبر 75 پر)






وماارسلنک اِلا رحمتہ العالمین
تمام اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
ربیع الاول
Blue Moon Enterprises
Overseas Employment Promoters
Moon Plaza, Main Airport Road Rawalpindi Cantt.
Tel:5584644 Fax:5566213 Res:5590818
Sardar Altaf Hussain





ربیع الاول
Like Gumbad-e-Khizra
ہم جشن عید میلاد النبی ﷺ کے پرمسرت ومبارک موقع پرتمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں
DAHLAWI MANPOWER
RECRUITING
O.E.P. Lic # 2161/KAR
Suite # M-1, mezzanine Floor, Rahat Jo Dero, Opp. Rehmania Masjid Tariq Road,
Block-2, P.E.C.H.S. Karachi - Pakistan, Tel: +92-21-34389874, 34389884,
Fax: +92-21-34389885, Mob: +92-321-2410410 E-mail: dahlawi2161@hotmail.com
dahlawi4@hotmail.com dahlawi4u@yahoo.com www.dahlawi.com.pk
Branch Office: 3, 1st Floor 78/A Ali Arcade 6th Road Satellite Town Rawalpindi.
Tel: +92-51-4843896-97, Faz: +92-51-4843898
Agha Zullfiqar Dhalwai
Managing Director
Agha Safdar Dahlawi
Chief Exective

# پی آئی اے میں سیاسی مداخلت ختم کر کے صرف ٹیکنیکل سسٹم اپنایا جائے: انوار شمسی

## پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز ہر دلعزیز سوشل، ایجوکیشنل شخصیت انوار شمسی کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی گفتگو







انوار شمسی پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز ہر دلعزیز سوشل، ایجوکیشنل شخصیت ہیں جن کی زیادہ لائف مختلف ممالک میں گزر رہی ہے۔ آپ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ایف سی ٹوبہ ٹیک سنگھ، گورنمنٹ کالج لاہور، انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور سے میکینکل انجینئرنگ کرنے کے بعد 1967ء میں پی آئی اے کو جائن کیا۔ کویت ایئرویز میں 8 سال رہے پھر ملائیشیا چلے گئے۔ تین سال رہنے کے بعد 14 سال بحرین میں گلف ایئر میں رہے ہیں۔ کمیونٹی خدمات کی بناء پر سکول بورڈ کے ممبر رہے۔ کویت میں بھی پانچ سال سکول بورڈ ممبر رہے۔ ان دنوں ابوظبی میں رائل ایئر میں بحیثیت سینئر افسر گزشتہ چار سال سے کام کر رہے ہیں۔

پی آئی اے کی ناقص کارکردگی کے حوالے سے ہمارے سوال کے جواب میں انور شمسی نے کہا کہ پی آئی اے میں سیاسی مداخلت ختم کر کے صرف ٹیکنیکل سسٹم اپنایا جائے۔ ٹیکنیکل لوگوں کو پی آئی اے میں لایا جائے۔ کراچی بہترین ٹرانزٹ سیکٹر تھا۔ حکومت کی غلط پالیسیوں سے کراچی کا ٹرانزٹ سیکٹر ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ شروع میں بڑی بڑی ایئرلائنوں کے کراچی سٹاپ ہوتے تھے۔ پی آئی اے کی مینجمنٹ اپنی ذمہ داریاں اچھی طریقے سے نبھائے۔

پی آئی اے کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ امارات ایئرلائن، یمن ایئر لائن، رائل جارنز، سنگاپور، صومالی ایئرلائن، ملائیشیا، ایئر مالٹا، سپین ایئر لائن کو کامیاب کرانے میں بھرپور سپورٹ کی۔ پی آئی اے قومی خدمت کا ادارہ ہے۔ اس کا سب سے اچھا کامیاب دور ایئر مارشل ریٹائرڈ نور خان کا تھا۔ پی آئی اے انتظامیہ کو میرٹ پر رکھا جاتا اور چیک اینڈ بیلنس ہوتا تو یہ دنیا کی بہترین ایئرلائنوں میں شمار ہوتی۔

یواے ای بہت اچھا پرکشش جنت نظیر ملک ہے۔ مینا انور شمسی پاکستان کمیونٹی میں بہت متحرک سوشل خاتون ہیں اوور سیز پاکستانیز لیڈیز ہیں۔ ایجوکیشن کے فروغ اور سوشل سیکٹر میں کافی سرگرم عمل ہیں۔

انوار شمسی کی شریک حیات ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی سے سکالوجی میں ماسٹر کرنے کے بعد مختلف ملکوں میں پاکستانی لیڈیز کیلئے متحرک ہے۔ کویت میں سیکرٹری ویمن، ملائیشیا میں ویمن آرگنائزر رہی۔ مینا شمسی کا کہنا ہے عورت کو ایجوکیشن دی جائے اور جاب کریٹ کی جائے۔ یہاں دن بدن ترقی اور خوشحالی، پرامن، پرسکون ماحول سے بہت خوش ہیں۔ یہاں کے لوکل اماراتی بہت اچھے لوگ ہیں۔ ☆☆



انوار شمسی اپنی اہلیہ مینا انور شمسی کے ہمراہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کرتے ہوئے



ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری انوار شمسی کا انٹرویو کرتے ہوئے

# پرموٹرز کو آپس میں اتحاد و اتفاق سے مین پاور ٹریڈ کی ترقی کیلئے کام کرنا چاہئے: امیر زیب خان عامر

## پوپا کو کامیاب بنانے کیلئے اچھے بے لوث' خدمت کا جذبہ رکھنے والے پرموٹرز کو آگے آنا چاہئے

### پوپا کی سنٹرل باڈی کے ممبر' نامور نوجوان محبِّ وطن پرموٹر امیر زیب خان عامر پروپرائیٹر المرجان انٹرپرائزز کراچی سے انٹرویو





امیر زیب خاں عامر کا آبائی تعلق در شخیلہ بالا تحصیل مٹہ وادی سوات سے ہے۔ آپ کے والد حاجی سید مرجان 35 سال سے مین پاور ایکسپورٹ کے بزنس سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے 1992ء میں المرجان انٹرپرائزز کے نام سے اپنا لائسنس حاصل کیا۔ گریجویشن الخیر یونیورسٹی' بی بی اے آنرز ایچ آر (ہیومن ریسورس) کراچی یونیورسٹی ایچ آر میں ایم بی اے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ہزاروں لوگوں کو بیرون ملک بھجوا چکے ہیں۔ پوپا کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹے کے ممبر ہیں۔ امیر زیب خاں عامر بہت اچھے سلجھے ہوئے اعلیٰ تعلیم یافتہ باصلاحیت بے لوث خدمت کے جذبہ سے سرشار پرموٹرز ہیں۔ پرموٹرز برادری کے اجتماعی کاموں اور مسائل حل کرانے کیلئے آگے آگے رہتے ہیں۔

مین پاور ایکسپورٹ کے بزنس کے بارے میں سوال کے جواب میں امیر زیب خاں عامر نے کہا مین پاور ایکسپورٹ دنیا کا بہترین بزنس ہے اور قومی خدمت ہے۔ کسی کو روزگار دلانا عبادت ہے۔ ملک کو قیمتی زرمبادلہ دلوانا قومی خدمت ہے۔ یہ دونوں کام پاکستان کے اوورسیز پرموٹرز کر رہے ہیں۔ اتنی بڑی خدمت کے باوجود حکومت پاکستان اوورسیز پرموٹرز سے سوتیلی ماں کا سلوک کرتے ہوئے مین پاور ڈیمانڈ یا کوٹہ کیلئے کسی قسم کی کوئی ہیلپ نہیں کر رہی۔ نہ ہی بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے' قونصل خانے وہاں متعین سفارت کار' خصوصی سی ڈبلیو اے پرموٹرز کی گائیڈنس نہیں کرتے بلکہ پرموٹرز سے ملنا تک گوارا نہیں کرتے۔ حکومت پاکستان کے تمام ادارے پرموٹرز کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کرے تو پاکستانی ہنرمند پانچ لاکھ سے بیس لاکھ تک بیرون ملک جا سکتے ہیں۔ ملک کو زرمبادلہ کے ذخائر 14 ارب ڈالر سے بڑھ کر 30 ارب ڈالر تک لے جائے جا سکتے ہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ مین پاور ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔ حکومت پاکستان مین پاور ایکسپورٹ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرے۔ پرموٹرز کے مسائل حل کرنے کیلئے اوورسیز پرموٹرز کا ملک گیر کنونشن منعقد کیا جائے۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ اور وزارت خارجہ میں پاور ایکسپورٹ کا خصوصی ڈیسک قائم کیا جائے۔ سی ڈبلیو اے کی بجائے انتہائی تجربہ کار محنتی افسران کو بیرون ملک مین پاور پروموشن افسر مقرر کیا جائے۔ انہیں باقاعدہ ٹارگٹ دیا جائے جن کی ذمہ داری مین پاور ایکسپورٹ کی مارکیٹنگ اور جاب کے ذرائع ڈھونڈنا ہو۔

جدید تقاضوں کے مطابق مین پاور ایکسپورٹ کے آرڈیننس 79 میں ترامیم کر کے نئی مین پاور پالیسی ترتیب دی جائے جو سفارت کار پاکستانیوں کیلئے سب سے زیادہ جاب کے ذرائع ڈھونڈے انہیں گولڈ میڈل دیئے جائیں۔ اندرون ملک جو اوورسیز پرموٹرز سب سے زیادہ مین پاور ایکسپورٹ کرتے ہیں پہلے ٹاپ ٹین کو حوصلہ افزائی کیلئے گولڈ میڈل' ایوارڈ' شیلڈ دی جائے انہیں وی آئی پی کا درجہ دیا جائے تاکہ پرموٹرز قومی خدمت میں جوش و جذبے کے ساتھ آگے بڑھیں۔

گروپ بازی کے سوال پر انہوں نے کہا کہ گروپ بازی' مفاد پرستی' کرپشن اور لوٹ مار نے پرموٹرز برادری کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ میرے خیال میں مخالفت برائے مخالفت کی بجائے ٹریڈ کی ترقی کیلئے پرموٹرز کو ایک

(باقی صفحہ نمبر 76 پر)


امیر زیب خان عامر یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کرتے ہوئے


امیر زیب خان عامر کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز


ربیع الاول
وماارسلنک اِلا
رحمتہ العالمین
اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
RAHEEL ENTERPRISES
Overseas Employment Promoters
Licence No: MPD/2115/MLK
Basement Birmingham Plaza Rest House Road Timergara Disstt: Dir Lowre.
Ph: 0945-822997, 626774 Fax: 0945826020 Al-Riyadh: 0559046662, 0503206751
Website: www.raheelenterprises.com
Sultan Hameed Khan
Chief Executive
Chairman POEPA
Malakand Zone


میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
ربیع الاول
ہم
جشن عید میلاد النبیؐ
کے پر مسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے
مبارک باد
پیش کرتے ہیں
TAJJAK CRPORATION
OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS
LICENCE # MPD/1389/MLK
Rest House Road, timergara Distt: Dir (L) NWFP Pakistan. Ph: +92-945-822010-823082
Fax: +92-945-825552, Mob: +92-300-5916450 E-mail: taj@tajjakcorporation.info
web: www.tajjakcorporation.icnfo
Abdul Qayum
Managing Director

بلغ العلےٰ بکمالہٖ حسنت جمیع خصالہٖ
کشف الدجی بجمالہٖ صلوعلیہ وآلہٖ

تمام اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبیؐ
مبارک ہو

ربیع الاول



**HI TECH** Trade Test & Technical Training Centre

Overseas & Local Employments

H # 237, 7th Road Satellite Town Main P.T.C Exchange Rawalpindi Pakistan Tel: 0092-51-4845577-4844477 Fax: 0092-51-4844677

Email-hitechcentrepk@yahoo.com hitechcentrepk@gmail.com

Malik Sajjad Sabir
CHAIRMAN
Cell: 0321-5155722



بلغ العلےٰ بکمالہٖ حسنت جمیع خصالہٖ
کشف الدجی بجمالہٖ صلوعلیہ وآلہٖ

ربیع الاول

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

تمام اہل اسلام کو جشن عید میلاد النبیؐ مبارک ہو



**FAHAD MUNIR**
O.E.P Lic#1307/LHR ENTERPRISES

P.O Box 2804 Daska Road Near Pull Aik
Anwar Khawaja Chowk Fateh Garh Sialkot
Tel:052-3256484,3554747,3558484
Fax:052-3553484 Mob:0300-8613484
Email:info@fmepromoters.com
fahadm@gjr.paknet.com.pk
Web:www.fmepromoters.com



Ch. Jamil Hussain
M.D

Murid Hussain Munir
Chairman

# زرعی اصلاحات کے بغیر پاکستان میں ترقی نہیں ہو سکتی عبدالرحمٰن شاہین

## پاکستان میں ہنر مند تیار کر کے بیروزگاری ختم کی جا سکتی ہے، ہمارا ملک قدرتی وسائل سے مالا مال ہے

## عبدالرحمن شاہین کی یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ساتھ خصوصی گفتگو




دبئی کی پاکستانی کمیونٹی میں عبدالرحمٰن شاہین کا نام ایک محبّ وطن، ایماندار اور دیانتدار انسان کے طور پر جانا جاتا ہے۔ لوگوں کی خدمت کا جذبہ ان کے اندر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ اپنے قومی تہوار عبدالرحمٰن شاہین انتہائی جوش و جذبے سے مناتے ہیں اور دل کھول کر پیسہ خرچ کرتے ہیں۔ آپ دبئی میں ایک کنسٹرکشن کمپنی کو انتہائی کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ ان کا تعلق آزاد کشمیر کے علاقے تراڑ کھل سے ہے۔ یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی گفتگو میں انہوں نے بتایا کہ پنجاب یونیورسٹی سے پولیٹیکل سائنس میں گریجوایشن کرنے کے بعد 92ء میں دبئی آ گیا اور یہاں آ کر دن رات محنت کر کے یہ مقام حاصل کیا۔ اللہ کا بہت شکر ہے کہ تعمیراتی کمپنی کو کامیابی سے چلا رہا ہوں اور اس کے ذریعے دبئی میں اپنے ملک و قوم کا نام روشن کر رہا ہوں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ دنیا کے کئی ممالک کے دورے کر چکا ہوں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا اور ہمارا ملک قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ اب ضرورت صرف ان وسائل کو استعمال کرنے کی ہے جس کیلئے ہمارے حکمرانوں کو کوشش کرنی چاہئے جب تک پاکستان میں زرعی اصلاحات نہیں ہونگی۔ ملک ٹھیک نہیں ہوگا۔ اس کا علاوہ اس وقت سے بڑا مسئلہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ یو اے ای نے اپنے تمام تر قومی وسائل بروئے کار لا کر ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لا کھڑا کیا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی اس وقت ترقی ہوگی جب یہاں قانون انصاف اور لوگوں کو روزگار ملے گا۔ پاکستان میں ہنرمندوں کو تیار کر کے بیروزگاری ختم کی جا سکتی ہے۔ ☆☆


عبدالرحمٰن شاہین کے انٹرویو کے دوران خوبصورت انداز


ربیع الاول
مرحبا مرحبا آمد مصطفیٰ ﷺ
اہل اسلام کو
جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
بلغ العلےٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ وآلہٖ
JAWAD SAFDAR ENTERPRISES
O.E.P Lic # MPD 1638 Lhr
Travel Consultants
Moon Center Haji Pura Daska Road Sialkot- Pakistan
Ph: 0092-52-3253014 Fax: 0092-52-3253015
Email: info@jawadsafdarent.com Web-site: www.jawadsafdarent.com
Muhammad Safdar
Chief Executive
Ex. Chairman POEPA Lahore Zone


ربیع الاول
بلغ العلےٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ وآلہٖ
اہلِ اسلام کو
جشنِ عیدِ میلادُ النبیؐ
مبارک ہو!
Luna Corporation
Overseas Employment Promoters
Lic # 0669/LHR
Luna Travels & Tours
Hajj & Umrah Services خدمات حج و عمرہ
16-Ferozepur Road (Mozang Chungi)Lahore-Pakistan
Tel:042-37533791-94 Fax: 37533795 Cell:0322-4481265
Email:info@luna.pk Web: www.luna.pk
Shahid Latif Sandhu
Director
Zahid Latif Sandhu
M.D


ربیع الاول
میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
امت محمدیہ کو جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
Sajid Brothers
Overseas Employment Promoters
Lic # MPD/2741/KAR
M-6/1 Mehran Estates Mezzaine Floor Dr Dawood Pota Road Station Cantt
Karachi-Pakistan Tel:+92-21-35622668 Fax:+92-21-35656618 Mob:+92-300-2020176
Email: majidairtravel@yahoo.com
Sajid Hussain
Proprietor



ربیع الاول
امت محمدیہ کو
جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں
مبارک ہوں
مرحبا مرحبا
آمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
Mohsin Faiz Brothers
Overseas Employment Promoters
Lic # 2715/KAR
Mehran Estates M-1\A, Mezzanine Floor Dr Dawood
Pota Road Cant Karachi-Pakistan Ph:+92-21-35214586
35224298, 35214346 Fax:+92-21-35224297 Mob:+92-300-2170222
Faiz Arabi
Proprietor

# پوپا کے پرانے ممبرز کو ووٹ کا حق دینے کیلئے میمورنڈم میں تبدیلی کرائی جائے — محمد عثمان

## جب پروموٹرز کی اکثریت رائے سے پوپا کی قیادت آئے گی وہی مسائل حل کرائے گی

### ٹریولنگ، مین پاور شعبے کی مشہور و معروف شخصیت محمد عثمان چیئرمین عثمان گروپ آف کمپنیز سے انٹرویو

ٹریولنگ، مین پاور کے ایکسپورٹ کی دنیا میں محمد عثمان کی شخصیت کسی رسمی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ ان کا شمار پاکستان کی ایسی اچھی شہرت رکھنے والی اہم شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے قومی خدمت کے جذبہ سے اس فیلڈ میں دن رات انتھک محنت کر کے اپنی بے پناہ صلاحیتوں اور توانائیوں کا لوہا منوایا۔ آج ان کے عثمان گروپ آف کمپنیز میں عثمان برادرز، عثمان ایئر ٹریولز، ارباز انٹر پرائزز، ارباز حج وعمرہ سروسز، زین ایئر ٹریولز، فاروق اینڈ برادرز جیسے قابل اعتماد ادارے کام کر رہے ہیں۔ ہزاروں لوگوں کو حج، عمرہ، ملازمتوں پر بیرون ملک بھجوا چکے ہیں۔






پوپا کی اہمیت کے بارے میں سوال کے جواب میں محمد عثمان نے کہا کہ پوپا پر ہر پروموٹرز ممبر کا حق ہے کہ وہ الیکشن میں اپنے ووٹ کا حق استعمال کرے۔ اپنے ضمیر کے مطابق اپنی قیادت منتخب کرے۔ پرانے ممبر سے کوئی حق چھین نہیں سکتا۔ موجودہ پوپا کے نئے لائسنس میں پروموٹر کو ممبر بننے کے تین سال بعد ووٹ کا حق دیا گیا ہے۔ یہ سب لائن گروپ کے پروموٹرز جن کی اکثریت ہے انہیں پوپا سے باہر رکھنے کیلئے کیا گیا ہے جس سے پوپا ایک جمہوری ادارہ بننے کی بجائے ایک لمیٹیڈ کمپنی بن گئی ہے۔ یہ کمپنی سی صورت میں پروموٹرز برادری کی نمائندہ جمہوری پلیٹ فارم نہیں ہے جس کی وجہ سے پوپا کی اہمیت کم ہوگی کسی جگہ بھی پھر کیا کوئی نہیں پوچھا جس کی وجہ سے پروموٹرز کے مسائل میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے۔ لہٰذا پروموٹرز برادری کے بہترین مفاد میں ہے کہ پوپا کو ہر پروموٹرز کی نمائندہ ایسوسی ایشن بنایا جائے اس کیلئے ضروری ہے کہ پوپا کے موجودہ لائسنس میں ایک جنرل باڈی کا اجلاس بلا کر ترامیم کی جائیں۔ ہر پرانے ممبر کو ووٹ کا حق دیا جائے۔ مثال کے طور پر حج گروپ آرگنائزیشن ہوپ نے پرانے ممبر کو ووٹ کا حق دیا ہے۔ اسی طرح موجودہ پوپا میں ہر پرانے ممبر کے ووٹ کے حق کو تسلیم کیا جائے جس طرح پہلے پوپا کے الیکشن میں پروموٹرز اپنی ممبر شپ نہیں ادا کر کے ووٹ ڈالتے تھے۔ وہی طریقہ کار اپنایا جائے تاکہ پوپا کے الیکشن میں ہر ممبر کو ووٹ ڈالنے کا حق مل سکے۔ پوپا میں پروموٹرز کی ممبر شپ زیادہ کرنے سے ہی اس اہمیت اور افادیت میں اضافہ ہوگا جب پوپا کی باڈی میں سارے پروموٹرز کی نمائندگی ہوگی تو اس کو سب پروموٹرز کی نمائندہ سمجھا جائے گا جب تک پوپا کو مضبوط منتخب جمہوری ادارہ نہیں بنایا جائے گا اس وقت تک پروموٹرز کی آواز موثر نہیں ہوگی۔ 2005ء سے 2011ء پوپا بہت متحرک تھی۔

پوپا کے اصل مقاصد کے بارے میں سوال کے جواب میں چیئرمین عثمان گروپ آف کمپنیز محمد عثمان نے کہا کہ پوپا کا مقصد پاسپورٹ جمع کرانا نہیں ہے بلکہ اس کا اصل مقصد ٹریڈ کی ترقی اور پروموٹرز کے مسائل حل کرا کے پروموٹرز کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں پہنچانا ہے پروموٹرز برادری کے اجتماعی اور مشترکہ مفادات کا تحفظ کرتا ہے۔

لائن گروپ کی پوپا میں نمائندگی کے بارے میں سوال پر محمد عثمان سابق چیئرمین پوپا نے کہا کہ لائن گروپ پاکستان میں پروموٹرز کا اکثریتی نمائندہ گروپ ہے پوپا کی قیادت لائن گروپ کے پاس تھی جب ایک سازش کے تحت پوپا کا لائسنس کینسل کر کے منتخب باڈی کو ختم کیا گیا۔ اس کے باوجود ہم پوپا کو مضبوط اور فعال دیکھنا چاہتے ہیں۔ پوپا کو پروموٹرز برادری کا متفقہ ادارہ بنانا چاہتے ہیں۔ پوپا کو پروموٹرز برادری کی متفقہ باڈی بنانے سے اس کی اہمیت میں بھرپور اضافہ ہوگا۔ پروموٹرز کی عزت و احترام میں اضافہ ہوگا۔ پوپا کو عوامی جمہوری منتخب ادارہ بنانے میں سینئر پروموٹرز اپنا کردار ادا کریں۔ پروموٹرز

(باقی صفحہ نمبر 76 پر)


محمد عثمان یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ہمراہ




محمد عثمان کے یوتھ انٹرنیشنل میگزین کو دوران انٹرویو مختلف انداز


میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
ہم
جشن عید میلاد النبیؐ
کے پرمسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں
Pak Jeddah Travels
Please Contact for world wide tickheting Visa Information
Office: Dostt Bar Plaza Kuchery Chowk Near G.P.O Gujrat
Ph: 0092-53-3608237-3608263 Fax: 0092-53-3606852
Cell: 0300-6233123 / 0345-6221400
Email: jeddahtravells@hotmail.com
Ch Muhammad Anwar
(ADV)
Chief Executive


میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
ربیع الاول
ہم
جشن عید میلاد النبی ﷺ
کے پرمسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں
PAKEEZA CORPORATION
Overseas Employment Promoters
Lic#1501/MTN
3605/F 4-Railway Road Multan Tel:061-4570005,4570006
Fax:061-4580066 Mob:0300-8639192
Email:pakeezacorporation@hotmail.com
Web:www.pakeezcorporation.com
Muhammad Feroz Khan
Ex. Chairman POEPA Multan Zone

# سعودی عرب ہمارا برادر اسلامی ملک ہے ہر مشکل میں ہمارا ساتھ دیتا ہے اظہر ایوب

## سونیری گروپ کراچی/راولپنڈی کے چیئرمین کا یوتھ انٹرنیشنل میگزین کو خصوصی انٹرویو



کراچی میں اظہر ایوب خان کا نام ٹریولنگ' مین پاور ایکسپورٹ اور حج وعمرہ کے حوالے سے کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ آپ کا شمار باصلاحیات اور کام سے لگن رکھنے والے لوگوں میں ہوتا ہے۔ اظہر ایوب کی شخصیت اتنی متاثر کن ہے کہ ان کے دوستوں کا حلقہ سعودی عرب سمیت دنیا کے کئی ممالک میں موجود ہے۔ اظہر ایوب کا تعلق بھمبر آزاد کشمیر سے ہے' ہم نے یوتھ انٹرنیشنل کیلئے ان سے گفتگو کی جو نذر قارئین ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ بحثیت اوورسیز پروموٹرز 2005ء میں سونیری اوورسیز کے نام سے لائسنس لیا اور گزشتہ 10 سال سے سونیری ٹریول اینڈ ٹورز حج وعمرہ آگنائزر کی حیثیت سے لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ مین پاور ایکسپورٹ کے حوالے سے اظہر ایوب نے بتایا کہ سونیری گروپ کے پاس سعودی ایمبیسی کیلئے پاسپورٹ بکس منظور شدہ ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب ہمارا برادر اسلامی ملک ہے۔ ہر مشکل میں ہمارا ساتھ دیتا ہے۔ حج وعمرہ کے دوران لاکھوں پاکستانی زائرین کو سہولتیں فراہم کرتا ہے اور اس کے علاوہ روزگار کے مواقع بھی فراہم کر رہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں اظہر ایوب نے کہا کہ سعودی سفارتکار بہت اچھے ہیں۔ ان کی شبانہ روز محنت سے پاکستانی سعودی عرب ملازمتوں پر جا رہے ہیں۔ جب سے موجودہ سفیر عبدالعزیز اور کراچی میں سعودی قونصل خانے میں قونصل جنرل فالح محمد آئے ہیں ان کی خصوصی توجہ سے سعودی سفارتخانہ اسلام آباد اور کراچی کی کارکردگی میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ لوگوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ حج وعمرہ زائرین اور ایمپلائمنٹ ویزے لگ رہے ہیں۔

## سعودی سفارتکار بہت اچھے اور محنتی ہیں: اظہر ایوب



عبداللہ السجاف انچارج ویزا ایمپلائمنٹ سعودی قونصلیٹ کراچی اظہر ایوب اور محمد عثمان کا گروپ فوٹو



میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے    دو جہاں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے
ربیع الاول
ہم جشن عید میلاد النبیؐ
کے پرمسرت و مبارک موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی
اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد
پیش کرتے ہیں
LIC # MPD/1176/KAR
NAUREEN INTERNATIONAL
OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS O.E.P.
Mehran Residency: Opp. Overseas Employment Corporation, Dr. Daud Pota road, Cantt. Karachi-75530 (Pakistan)
Ph: 35216808-35217385-35217108-35652520-35652524-35652527-35652528-35652529, Fax: (92-21) 35676575
Direct: 35670286, E-mail: naureen_international@hotmail.com, Website: www.geocities.com/naureen_int
IQBAL NADEEM
Proprietor
Mob: 0300-8220326
President Promoters Welfare Foundation




ربیع الاول
بلغ العلےٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلو علیہ و آلہٖ
اہلِ اسلام کو
جشنِ عیدِ میلادُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مبارک ہو!
RAHNUMA ENTERPRISES
Overseas Employment Promoters
Lic # MPD/1502/RWP
Flat # 5&6 Adil Plaza Service Road Near Khanna Pull (Westren) Rawalpindi
Ph:+92-51-4479660-4479742 Fax:+92-51-4479736 Cell:0322-5112329-0333-5112329
Email:rahnuma1@isb.comsats.net.pk Web:www.rahnumaent.com
Ch Muhammad Yousaf Ghumman



# پنجاب یوتھ فیسٹیول......
# طلبہ کی ثقافتی سرگرمیوں کو اجاگر کرنے کا آئینہ دار



رپورٹ: تنویر القادری

اللہ تعالیٰ نے وطن عزیز کو نہ صرف بیش بہا قدرتی وسائل سے نوازا ہے بلکہ پاکستانی نوجوانوں نے ہر میدان میں اپنے ہنر کو عالمی سطح پر منوایا ہے۔ بیرون ملک عالمی مقابلوں کے دوران کھیل کے میدانوں میں لہراتا ہوا سبز ہلالی پرچم دیکھنے والوں اور کھیلنے والوں کے جذبات میں ہیجان اور سنسنی کے ساتھ ساتھ وطن سے محبت کا جذبہ بیدار کرتا ہے۔ سماجیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی قوم کی تعمیر وترقی کا دارومدار نوجوانوں کی بہتر تعلیم وتربیت اور عمدہ صحت پر ہوتا ہے۔ صحت مند افرادی قوت ہی معاشی میدان میں فاتح قرار پاتی ہے۔ نسل نو کی بہتر تعلیم وتربیت کے ساتھ ساتھ ان کی جسمانی صحت اور تفریح پر توجہ دینا حکومت وقت کی اہم ذمہ داری ہے۔ بدقسمتی سے ماضی میں نوجوان حکومت کی بے اعتنائی کا شکار رہے ہیں اور کھیل کے میدانوں میں مٹی دھول اڑتی رہی۔ خادم پنجاب نے نوجوانوں کو پنجاب یوتھ فیسٹیول کے انعقاد سے صحت مند سرگرمی کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین موقع فراہم کیا۔ پنجاب یوتھ فیسٹیول کی کامیابی اور مقبولیت سے متاثر ہو کر دوسرے صوبے بھی مختلف فیسٹیول شروع کروانے پر مجبور ہو گئے۔


گاؤں، یونین کونسل، تحصیل، ضلع، ڈویژن اور صوبائی سطح پر مقابلوں میں 23 لاکھ سے زیادہ افراد کی شرکت نے پنجاب یوتھ فیسٹیول کی عوامی مقبولیت پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ پاکستان کے نوجوانوں نے یوتھ فیسٹیول میں بھرپور شرکت کر کے ملکی وقار پوری دنیا میں بلند کر دیا اور ثابت کر دیا کہ پاکستانی قوم کھیل سے محبت کرنے والی اور پرجوش قوم ہے۔ یوتھ فیسٹیول کی تقریبات میں غیر ملکی کھلاڑیوں اور گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے نمائندے گیرتھ ڈیوز اور ان کی ٹیم کی موجودگی میں دنیا بھر میں پاکستان کا سافٹ امیج نمایاں کیا۔ سماجی، معاشی اور ذہنی مسائل سے گزرنے والی قوم کے نوجوانوں نے اپنی خداداد صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا جس سے کھلاڑیوں میں نیا ولولہ پیدا ہوا اور قومی سطح پر عمدہ ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آیا۔ موقع ملنے پر یہی نوجوان کھیل کے عالمی مقابلوں میں ملک وقوم کا نام روشن کریں گے اور دنیا کے ہر میدان میں سبز ہلالی پرچم نمایاں ہوگا۔ کادم اعلیٰ کی طرف سے یوتھ فیسٹیول کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کو جرائم اور منفی سرگرمیوں سے بچانے کیلئے کھیل کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کے بھرپور اظہار کا موقع دینا اور صحت مند نسل نو کی تشکیل ہے۔ یوتھ فیسٹیول میں خواتین کھلاڑیوں کی شرکت نے صنفی امتیاز کے منفی رجحان کی نفی کی اور بچیوں نے بڑھ چڑھ کر اسلامی اور سماجی روایات کے مطابق کھیلوں میں بھرپور حصہ لیا۔ کسی بھی صحت مند معاشرے کا لازمی حصہ ہوتے ہیں اور ان کے ذریعے اس معاشرے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھاتے ہیں لیکن کھیلوں کا ایک مسلمہ اصول یہ بھی ہے کہ ہم میدان میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں لیکن میدان سے باہر ہمیشہ دوست بن کر رہتے ہیں۔ کھیل انسان میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ سپورٹس مین سپرٹ کا مظاہرہ کرنے کا بھی درس دیتے ہیں۔ اس سپرٹ کی ضرورت صرف کھیل کے میدان میں نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں ہے۔ ایک دہائی سے پاکستانی قوم کو بہت سے بحرانوں کا سامنا ہے۔ مگر پاکستانی قوم کی زندگی دلی برقرار ہے۔ جیت کا جذبہ ماند نہیں پڑا۔ عالمی سطح پر پاکستانی ٹیموں کی کامیابیاں ثابت کرتی ہیں کہ پاستانی قوم کسی بھی لحاظ سے دیگر اقوام سے پیچھے نہیں۔

پاکستان کے تعلیمی اور دیگر نجی اداروں نے عالمی سطح کے کھلاڑی متعارف کرائے۔ حکومت پنجاب نے سکول، کالج، یونیورسٹیز اور اداروں کے درمیان کھیلوں کے مقابلے منعقد کرائے۔ نوجوانوں کو کھیلوں میں شرکت کا موقع دینے کیلئے نہ صرف نئے گراؤنڈز تعمیر کئے بلکہ پہلے سے موجودہ میدانوں کی تعمیر ومرمت کے منصوبے مکمل کئے اور اضلاع کی سطح پر سپورٹس کمپلیکس بھی تعمیر کئے جا رہے ہی۔ صوبہ بھر کے تمام بڑے اور نمایاں شہروں میں کرکٹ، فٹبال، ہاکی، بیڈمنٹن، والی بال اور دیگر کھیلوں کیلئے گراؤنڈز اور جمنازیم بنائے جا رہے ہیں۔

پنجاب یوتھ فیسٹیول میں پہلی بار پانچ کروڑ روپے سے زائد خطیر رقم کھلاڑیوں کو بطور انعام دی گئی۔ نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں 256 سپورٹس ایونٹس کا انعقاد بجائے خود ایک ریکارڈ بن گیا۔ کرکٹ، فٹبال، ہاکی، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، والی بال، بیس بسال، دیسی کسٹی، بلیئرڈ، میٹ ریسلنگ، سوئمنگ، باکسنگ، سائیکلنگ، تائیکوآنڈو، نیزہ بازی، پاور لفٹنگ، میراتھن، کار ریس، رگبی اتھلیٹکس کی 8، دیسی کشتی کی 3 اور کراٹے کی 3 کیٹگریز کے مقابلوں میں سکول، کالجز، یونیورسٹی، جنرل پبلک، بار ایسوسی ایشنز، کارپوریٹ سیکٹر، مختلف محکموں اور پریس کلبوں کے کھلاڑیوں کے درمیان مقابلے منعقد ہوئے۔











مختلف ڈویژن میں حسن قرات، نعت خوانی، خطاطی، بیت بازی، مشاعرے، کوکنگ، ڈریس میکنگ، صحت مند بچوں اور شطرنج کے مقابلوں میں فاتحین کو لاکھوں روپے کے نقد انعامات دیئے جا رہے ہیں۔ پنجاب سپورٹس بورڈ کے مطابق محلّہ اور دیہات کی سطح پر بارہ لاکھ یونین کونسل لیول پر 28 لاکھ تحصیل لیول پر 38 لاکھ افراد حصہ لے چکے ہیں جبکہ ضلع، ڈویژن اور صوبائی سطح کے مقابلے بھی جاری ہیں۔

نیشنل ہاکی سٹیڈیم لاہور میں 24 ہزار طلباء نے دنیا کا سب سے بڑا پرچم بنانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ 70 ہزار لوگوں نے ایک ساتھ قومی ترانہ پڑھ کر ریکارڈ توڑ دیا۔ پنجاب یوتھ فیسٹیول 2013ء میں مجموعی طور پر 11 عالمی ریکارڈ پاکستان کی طرف سے گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کیے گئے۔ تقریب میں گیارہ سالہ بچی نے شطرنج کی چال بچھا کر ورلڈ ریکارڈ قائم کیا۔

زیادہ سے زیادہ روٹیاں پکانے، مونچھوں سے 1700 کلو وزنی گاڑی کھینچنے کے مقابلے، ریموٹ کنٹرول جہازوں کی اڑان، اونٹوں، گھوڑوں کے رقص، لڈی اور دیگر علاقائی و ثقافتی شوز کو عوام کی طرف سے بھرپور پذیرائی ملی۔

دلچسپ امر یہ ہے کہ لاہور کے حجام صادق علی نے 10 چھوٹی قینچیوں کی مدد سے عالمی ریکارڈ بنانے والے اسرائیلی حجام کا ریکارڈ چیلنج کر دیا ہے۔ ڈی جی سپورٹس نے صادق علی کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے 13 قینچیوں سے بیک وقت ہیر کٹنگ کا ریکارڈ قائم کرنے کیلئے نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں بھجوا دیا ہے۔



پنجاب یوتھ فیسٹیول میں 2014ء کی رنگارنگ تقریب کے انعقاد کے لئے نیشنل ہاکی سٹیڈیم اور دیگر میدانوں کی تزئین و آرائش جاری ہے۔ لائٹنگ، ڈیکوریشن کے علاوہ سٹیڈیم کے مرکزی دروازے پر منفرد انداز سے پھول سجائے گئے ہیں۔ دنیا کے سب سے بڑے ہاکی سٹیڈیم میں سکیورٹی نظام کو بہتر بنانے کیلئے فول پروف انتظامات کئے جا رہے ہیں جبکہ پنجاب یوتھ فیسٹیول کیلئے رضا کاروں کی رجسٹریشن کے عمل میں نوجوانوں نے بھرپور حصہ لیا ہے۔ پانچ ہزار سے زائد افراد کی رجسٹریشن کے بعد بھی رجسٹریشن مراکز پر عوام کا تانتا بندھا ہے۔ ڈی جی سپورٹس عثمان انور نے بتایا کہ منتخب رضا کاروں کو سپورٹس ایونٹ کے انعقاد کیلئے خصوصی تربیت دی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ کی سربراہی میں ایم این اے حمزہ شہباز شریف، صوبائی وزیر کھیل رانا مشہود احمد خان، سیکرٹری سپورٹس محمد خان کھچی اور ڈی جی سپورٹس عثمان انور سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور اہلکار پنجاب یوتھ فیسٹیول کے انعقاد اور کامیابی کیلئے کوشاں ہیں۔ عوام بالخصوص نوجوانوں کی پرجوش شرکت پنجاب یوتھ فیسٹیول کی عوامی مقبولیت اور کامیابی کی ناقابل تردید دلیل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف دو ارب روپے کی لاگت سے سپورٹس ڈویلپمنٹ فنڈ قائم کر چکے ہیں جس سے نہ صرف کھلاڑیوں کو جدید ترین سپورٹس سہولتوں کی فراہمی ممکن ہوگی بلکہ گراؤنڈز اور جمنازیم بھی تیار ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نے یوتھ پالیسی 2012ء کے تحت مستقبل کے معماروں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے جامع اقدامات اٹھائے ہیں۔ نوجوان نسل کو نہ صرف تعلیم بلکہ کھیل کے میدان میں بھی خداداد صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین مواقع فراہم کرنے کیلئے دوررس پالیسیوں پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ یوتھ فیسٹیول مستقبل قریب میں پنجاب کی ثقافتی روایات کا حصہ بن جائے گا اور عالمی سطح پر پاکستان کی امن پسندی کی خوبصورت مثال بھی ہوگا۔ رنگارنگ تقریبات میں لاکھوں افراد کی شرکت اس امر کا ناقابل تردید ثبوت ہے کہ پاکستانی قوم کھیلوں سے محبت کرنے والی اور پرامن قوم ہے۔

☆☆☆





# داتا دربار سے ریگل چوک تک 16واں سالانہ مشعل بردار جلوس

عید میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں مرکزی میلاد کمیٹی حزب الاحناف کے زیراہتمام نماز مغرب کے بعد داتا دربار سے ریگل چوک تک 16 واں سالانہ مشعل بردار جلوس نکالا گیا۔ جلوس میں علماء و مشائخ دینی مدارس کے ناظمین اور اہلسنت تنظیموں، وکلاء، طلباء، تاجر اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کے علاوہ لاہور کے گردونواح سے عاشقان مصطفیٰ ﷺ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تمام راستے میں قصیدہ بردہ شریف، درودوسلام کا ورد کیا گیا اور سرکار ﷺ کی آمد مرحبا، مرحبا، پتی پتی پھول پھول یارسول ﷺ، جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارکباد کے نعروں سے فضا گونجتی رہی۔ عاشقان مصطفیٰ نعرے لگاتے رہے۔ جلوس کا افتتاح صوبائی وزیر خوراک بلال لیسین نے کیا۔ اس موقع پر مرزی میلاد کمیٹی پاکستان کے چیئرمین سید مختار اشرف رضوی، مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ پیر سید شاہد حسین گردیزی، پیر سید مصطفیٰ اشرف رضوی، محمد عارف اعوان ایڈووکیٹ، علامہ سید نثار اشرف رضوی، پیر سید معصوم نقوی، علامہ نعیم عارف نوری اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سچا مسلمان کبھی دہشتگرد نہیں ہوسکتا۔ اسلام میں دہشتگردی کی کوئی گنجائش نہیں۔ دہشت گردی اسلام دشمن قوتوں کے ایجنٹ ہیں۔ دہشتگردی کا توڑ نظام مصطفیٰ اور خلافت راشدہ کا نفاذ ہے۔ حضور اکرم ﷺ اور سلامتی کا پیغام لے کر دنیا میں تشریف لائے اور دنیا کو جہالت کے اندھیروں سے نکالا اور تعلیم کے چراغ سے روشن کیا۔ انہوں نے مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو قرآن و حدیث کی تعلیم سے روشناس کروائیں۔ جلوس میں حکمرانوں سے مطالبہ کیا گیا کہ گلے کاٹنے والی قاتل بسنت پر پابندی لگائی جائے اور عدلیہ کے فیصلے پر عمل کیا جائے۔ بادشاہی مسجد سے چوری ہونے والے نعلین مبارک بازیاب کروائے جائیں۔ جلوس کے اختتام پر میلاد کیک تقسیم کیا گیا اور پاکستان کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ جلوس میں صاحبزادہ پیر سید مسعود احمد رضوی، پیر سید ادریس شاہ زنجانی، صاحبزادہ سید ندیم اشرف رضوی، صاحبزادہ سید علی مجتبیٰ رضوی ایڈووکیٹ صاحبزادہ سید حیدر مصطفیٰ رضوی، میاں قیصر اقبال، میاں وحید، ملک کلیم اللہ، قاری محمد عارف سیالوی، مفتی غلام حسن، مولانا محمد اصغر نورانی، منیر کھوکھر، سعید بٹ، رضائے مصطفیٰ نقشبندی، علامہ آصف برکاتی، پیر سید انعام الحسنین نے بھی شرکت کی۔ ☆☆

# سعودی حکومت نے درخواست قبول کی تو حج اخراجات مزید کم کردینگے: سردار یوسف

نئی حج پالیسی کے تحت جس کا اعلان گزشتہ بدھ کو کیا گیا حج اخراجات میں جو کمی کی گئی ہے۔ وزارت حج اس پیکج میں مزید کمی کا ارادہ رکھتی ہے اگر سعودی حکومت ہر حاجی کو ایک جیسی خوراک فراہم کرنے کے بارے میں پابندی ہٹا دے۔ وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے یوتھ انٹرنیشنل کو بتایا کہ حکومت پاکستان کی طرف سے بھیجے جانے والے پہلے خط میں کی گئی درخواست کے مسترد ہونے کے بعد وزارت حج کے حکام نے اسلام آباد میں سعودی سفیر سے ملاقات کی اور ان کو دوسری مرتبہ یہ درخواست پہنچائی ہے کہ پاکستانی عازمین حج اپنے معیار اور ذائقوں کے مطابق کھانا پسند کرتے ہیں اور انہیں وہاں کے مقامی کھانے سے کوئی رغبت نہیں اس لئے پاکستانی حج کمپنیوں کو اس پابندی سے مستثنیٰ کیا جائے اور اگر سعودی حکومت اس درخواست کو قبول کر لیتی ہے تو وزارت مذہبی امور ہر حاجی کے اخراجات پیکج میں مزید کمی کر دے گی ورنہ جن اخراجات کا اعلان کیا گیا ہے انہی کے اندر تمام حجاج کرام کو دوران حج خوراک فراہم کرے گی۔ سردار یوسف نے کہا کہ انہوں نے صرف اس بات کو یقینی بنایا کہ حج جیسے مقدس فریضہ میں کوئی بھی وزارت، حج کا اہلکار کرپشن نہ کر سکے۔ وزیر مذہبی امور کو پورا یقین ہے کہ سعودی حکومت پاکستان کی درخواست ضرور قبول کر لے گی اور آئندہ حج سیزن کے دوران حج پر روانہ ہونے والوں کو مزید سہولتیں فراہم کی جاسکیں گی۔ وزیر مذہبی امور کا کہنا ہے کہ دراصل سعودی حکومت حرم شریف کی جاری توسیع کے ذریعے ہر سال ایک کروڑ حجاج کیلئے گنجائش پیدا کرنے کے متمنی ہیں اس لئے یہ کمی اس وقت تک عارضی ہے جسے برداشت کرنا ہے، لیکن جب یہ توسیع مکمل ہوجائے گی تو یہ حج کوٹہ بڑھ کر دگنا بھی ہوسکتا ہے۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی کے سلسلے میں ان کی وزارت کئی ایک پروگرام ترتیب دے رہی ہے جن سے مختلف مذاہب کے ماننے والے پاکستانیوں کو ایک دوسرے کے قریب لانا مقصود ہے، اس کے علاوہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی پیدا کرنے کیلئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں جن میں ملکی سطح کی ایک ہمہ گیر علماء و مشائخ کونسل قائم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ توہین رسالت کے قانون پر کسی کو اعتراض نہیں البتہ بعض معاملات میں اس پر عملدرآمد پر اعتراضات موجود ہیں جنہیں دور کیا جانا ضروری ہے اور اس مقصد کیلئے قانون میں تبدیلیاں کی جاسکتی ہیں۔ ☆☆

# سعودی سفیر کی اہلیہ الجوہرہ کا خصوصی بچوں کے ادارے کیلئے 10 لاکھ کا عطیہ

سعودی عرب کے سفیر کی اہلیہ الجوہرہ عبداللہ العریفی نے خصوصی بچوں کے ادارے کو دس لاکھ کے عطیہ کا چیک ادا کر دیا۔ سعودی سفیر کی رہائشگاہ پر ہونے والی ایک تقریب میں سعودی سفیر کی اہلیہ نے ایک غیرسرکاری تنظیم کی نگرانی میں چلنے والے خصوصی بچوں کے ادارے ''امید نور'' کو گزشتہ دنوں اپنے دورے کے دوران وعدہ کی ہوئی رقم ادا کردی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بچوں کو سعودی عرب اپنے ملک کے بچے سمجھتا ہے اور ان کی مدد کر کے خوشی محسوس ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سعودی سفیر کی اہلیہ نے خصوصی بچوں کی تعلیم تربیت کے ادارہ نور کے بچوں کیلئے تحائف اور دس لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا تھا۔

☆☆☆

# حج پالیسی کا اعلان، درخواستیں 21 اپریل سے طلب

وزیر اعظم نواز شریف کی منظوری کے بعد حج پالیسی 2014ء کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ جس کے تحت گورنمنٹ سکیم کے تحت پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر 21 اپریل سے حج درخواستوں کی وصولی شروع کی جائے گی۔ حج پالیسی کا اعلان وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے بدھ کی شام ہنگامی پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال مجموعی طور پر ایک لاکھ 43 ہزار پاکستانی عازمین حج فریضہ حج پر جائیں گے۔ سرکاری سکیم کے تحت 56600 اور پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 86400 عازمین حج جائیں گے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ ہم نے شمالی ریجن سے حج اخراجات میں 23 ہزار روپے اور جنوبی ریجن سے 33 ہزار روپے کی کمی کی ہے۔ جنوبی ریجن یعنی کراچی، کوئٹہ سکھر سے جانے والے عازمین حج 262231 روپے اور شمالی ریجن یعنی لاہور، اسلام آباد، فیصل آباد اور سیالکوٹ وغیرہ سے 272231 روپے دیں گے البتہ اسلامک بینک کے ذریعے قربانی کرنے والوں کو 14500 روپے اضافی جمع کرانے ہوں گے۔ فضائی کرایہ جنرل ریجن کیلئے 97700 روپے اور شمالی ریجن کیلئے 107700 مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ حرم میں توسیع کے باعث اس سال بھی 20 فیصد کم حج کوٹہ ملا ہے اس لئے 143368 عازمین حج جائیں گے۔ اگرچہ گورنمنٹ سکیم اور پرائیویٹ سکیم کا کوٹہ 50,50 فیصد یعنی نصف نصف ہے۔ سرکاری سکیم کے تحت نصف حجاج براہ راست مدینہ منورہ جائیں گے جبکہ نصف جدہ جائیں گے۔ پرائیویٹ سکیم کے تحت صرف ان کمپنیوں کو حج کوٹہ دیا جائے گا جنہوں نے 2013ء میں فرائض انجام دیئے تھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ نجی کمپنیاں جنہیں سعودی حکومت نے بلیک لسٹ کر دیا ہے یا وزارت مذہبی امور نے غیر معیاری سہولتیں دینے اور شکایات پر سزا دی ہو وہ حج 2014ء کیلئے نااہل تصور کی جائیں گی۔ ہر حاجی کو پانچ سو ریال ذاتی اخراجات کیلئے ساتھ رکھنے کی اجازت ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت 53 حج آرگنائزر کیخلاف شکایات کا جائزہ لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران جس نے حج کیا ہے وہ اس سال حج پر نہیں جاسکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ حج پالیسی 2014ء کا ڈرافٹ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائمہ کمیٹی نے بنایا ہے اور اسے قومی اسمبلی اور سینٹ کی مجالس قائمہ میں پیش کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت ہذا نجی کمپنیوں کے کاغذات کی چھان بین کرنے کے بعد چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرمز کی سفارشات اور ان کمپنیوں کی قابلیت کے مطابق مخصوص حج کوٹہ الاٹ کرے گی۔ حج 2014ء کی بابت حجاج کی فلاحی خدمت کیلئے وزارت ہذا 450 طبی معاونین، 300 معاونین حجاج، 270 سیزنل سٹاف اور 400 مقامی خدام الحاج کی تعیناتی کرے گی۔ وزارت ہذا نے حجاج محافظ سکیم کے تحت حج پالیسی 2014ء میں معاوضہ تین لاکھ سے بڑھا کر پانچ لاکھ کر دیا ہے۔

# لیبیا ایمبیسی اسلام آباد نے لیبر ویزہ کا اجراء شروع کر دیا

اسلام آباد میں موجود لیبیا ایمبیسی نے ایک ماہ کے بعد دوبارہ پاکستانی مزدور بھائیوں کیلئے لیبر ویزہ کا اجراء کر دیا۔ چونکہ اس سے قبل لیبیا ایمبیسی F-10 اسلام آباد سیکٹر میں کام کر رہی تھی۔ اب لیبیا ایمبیسی F-7 میں منتقل ہوگئی ہے اور لیبیا ایمبیسی اسلام آباد نے (OEPs) رجسٹریشن بھی مکمل کر لی ہے اور اب تک 123 سے زائد (OEPs) کو رجسٹرڈ کیا گیا ہے اور تمام انفرادی ویزہ حاصل کرنے والوں کیلئے بھی لیبیا ایمبیسی نے واضح احکامات جاری کئے ہیں کہ انفرادی ویزہ حاصل کرنے والی مین پاور بھی رجسٹرڈ (OEPs) کے ذریعے ہی اپنا ویزہ پراسس کریں۔ اس وقت لیبیا کی مختلف کمپنی سے نمائندے بھی اسلام آباد میں موجود ہیں اور پاکستان سے کوالٹی مین پاور حاصل کرنے کیلئے ٹیسٹ اور انٹرویو کر رہے ہیں چونکہ لیبیا میں پاکستانی مین پاور کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ لیبیا ایمبیسی کے اہلکار بھی پاکستانی مین پاور کیلئے دن رات کام کر رہے ہیں اور لیبیا ایمبیسی کی طرف سے تمام (OEPs) کو مکمل تعاون کا یقین دلایا گیا ہے تاکہ ویزہ کے حصول کیلئے کسی قسم کی پریشانی اور دشواری پیش نہ آئے۔ ایمپلائمنٹ ویزا کے اجراء سے لیبیا جانے والوں کی شکایت میں کمی آئے گی۔ پروموٹرز کے مسائل بھی کم ہوں گے۔

# امریکہ اور انٹیل پاکستان کا تعلیم، خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے معاہدہ

امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) پنجاب کے صوبائی ڈائریکٹر جیفرے بیکن اور انٹیل پاکستان کے کنٹری منیجر نوید سراج نے پاکستان میں تعلیم اور خواتین کو بااختیار بنانے میں مدد دینے کی غرض سے ٹیکنالوجی کے استعمال کیلئے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے۔ اس ایم او یو میں جن تعلیمی پروگراموں کا احاطہ کیا گیا ہے ان میں ڈیجیٹل نصاب کا فروغ، مواد کے نظاموں اور ان کے حل کی دیکھ بھال اور موبائل کمپیوٹروں کی مدد سے حساب کتاب کرنا شامل ہے۔ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں کاروبار کے لئے اعانت، افرادی قوت کی مہارتوں کے فروغ کیلئے تربیت اور کمپیوٹر کی تعلیم کے پروگراموں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ دستخط کرنے کی تقریب میں جیفرے بیکن نے کہا کہ مجھے انٹیل کے ساتھ اشتراک شروع کرنے پر بہت مسرت ہے۔ جس سے جدید ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے ترقی کو مہمیز دینے کے طریقوں کو کام میں لایا جائے گا۔ نوید سراج نے دونوں تنظیموں کی مشترکہ کاوشوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ یو ایس ایڈ کے ساتھ انٹیل کا اشتراک ہمارے نوجوانوں کیلئے جو اپنی زندگیوں میں تبدیلی لانے کیلئے جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کو استعمال کر سکتے ہیں۔ مفاہمت کی اس یادداشت پر دستخط کے بعد پاکستان اس بین الاقوامی حلقے میں شامل ہوگیا ہے اور یہ پاکستانی عورتوں اور نوجوانوں کے خوشحال مستقبل کے حوالے سے اس کے مضبوط عزم کی غمازی ہے۔ امریکی حکومت نے یو ایس ایڈ کے توسط سے لاکھوں بچوں اور نوجوانوں کو تعلیمی مہارتیں حاصل کر کے اپنی کامیابی کو فروغ دینے کیلئے پاکستان کے ساتھ اشتراک کر رکھا ہے۔ امریکہ طالبعلموں کو سکولوں میں بھیجنے اور ابتدائی جماعتوں کی تعلیم کیلئے پاکستان کی کوششوں میں معاونت کر رہا ہے۔


امت محمدیہ کو جشن عید میلاد النبیؐ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ
The Master Trade Test Center
Heavy Machinery Operators Training Institue
Site Office: Opposite Toyota Motors Show Room, Back Afzal Plzaz
Tarnol Islamabad-Pakistan Tel:0336-5566288, 0321-5566288
Head Office: House # 41/B/1, Opposite Benazir (General) Hospital , Murree Road, Rawalpindi-Pakistan.
Tel: 051-4571215, 4571222, Fax: 051-4571298
Site Office # Motor Way Chowk,Jhangi Saidan, Islamabad. Mob: 0306-5566288, 0336-5566288
Dilawar Abbas Malik
Chairman


نوری محفل پہ چادر تنی نور کی
نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
ربیع الاول
امت محمدیہ کو
جشن عید میلاد النبی ﷺ
کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں
Zubair & Sons
Overseas Employment Promoters
Lic # 0679/KAR
Off # 1, First Floor Hilal Chamber, Shabbirabad
Shahid-e-Millat Road Karachi
Tel:021-34395363-4, 34528434
Fax:021-34395109 Email:Zubairands@cyber.net.pk
Abdul-Rehman
Chief Executive
0300-9260764
Hafiz M.Akbar
General Manager

# تعلیم کی بدحالی کے اسباب

عظیم اللہ جندران



تعلیم کی بدحالی کے ذمہ دار ہمارے طلبہ، اساتذہ اور والدین ہیں یا حقیقت میں اس کے پیچھے دوسری چھپے ہوئے ہاتھ بھی ہیں۔ اس کے اسباب جانچنے کے لئے ہمارے یہاں روزانہ بڑے ہوٹلوں میں وزراء اور دانشور حضرات کی زیر صدارت اجتماعات اور کانفرنسیں ہوتی رہتی ہیں اور تعلیمی بدحالی پر سب عقلمند، مفکر، دانشور اور وزیر صاحبان ٹھنڈی آہیں بھر کے گھروں پر جا کر چین کی نیند سوتے ہیں لیکن دیکھا یہ گیا ہے کہ اس سارے مسئلے کا ذمہ دار اساتذہ اور طلبہ کو قرار دیا جاتا رہا ہے۔

کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں اس ہی موضوع پر ایک سیمینار میں شرکت کا موقع ملا جس میں اکثر تعلیمی ماہرین کی جانب سے طلبہ کو قصوروار ٹھہرانے کا سلسلہ جاری تھا کہ وہ محنت نہیں کرتے، تعلیمی اداروں کا ماحول بگاڑتے ہیں اور غنڈہ گردی کر کے تعلیم کا بیڑہ غرق کر رہے ہیں۔ کئی کی رائے تھی کہ اساتذہ کی نظریں کلاس میں موجود وال کلاک/ گھڑی اور دل تنخواہ میں اٹکا رہتا ہے، وہ درس و تدریس کے عمل میں سچے نہیں ہیں اور فرض نبھانے میں کوتاہی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے سیمینار میں تعلیم کی بدحالی کا ذمہ دار اساتذہ تنظیموں اور ملک کے سیاستدانوں کو قرار دیا۔ ان کا خیال تھا کہ سیاست دان طلبہ کو بیکار کے نعروں میں الجھا کر ان کا بیڑہ غرق کر دیتے ہیں اور اپنے مقاصد کے حصول کیلئے انہیں بلی کا بکرا بنا کر ان کی زندگی ویران کر دیتے ہیں۔ اس حوالے سے مذکورہ بالا آراء کسی حد تک درست بھی ہوسکتی ہیں لیکن یہاں میں چند باتیں واضح کرنا چاہوں گا جو ہمارے تعلیمی نظام کی خرابی کی اصل وجوہات ہیں۔

ہمارے ملک میں تعلیم کے دو نظام رائج ہیں۔ پہلا سرکاری دوسرا نجی۔ دونوں کے نصاب، ماہانہ فیس اور اساتذہ بالکل ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اگر بڑے شہروں میں دیکھا جائے تو ان میں امیر و کبیر لوگوں اور فوجی افسران کے بچوں کے لیے بنائے گئے سرکاری اسکول بھی مختلف ہیں بلکہ زیادہ تر امراء کے بچے تو پڑھتے ہی ملک سے باہر ہیں۔ اس بات کو چھوڑ کر اگر نجی اسکولوں کا جائزہ لیا جائے تو ان میں معیاری اسکولوں میں پڑھنے والے طالب علم کی فیس پانچ ہزار روپے ماہانہ سے لے کر بیس ہزار روپے ماہانہ تک بھی ہے۔ یہ فیس دیہات میں کام کرنے والے مزارعین اور مزدوروں کی سالانہ آمدنی سے بھی زیادہ ہے۔ ایسے نجی اسکولوں میں اساتذہ کو بھاری بھرکم معاوضہ دیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ سہولتیں الگ۔ یہ اساتذہ بچوں کے ساتھ کبھی بھی پاکستان کی قومی زبان میں بات نہیں کرتے۔ ایسے اسکولوں کا نصاب پاکستان کے قومی اداروں کے مقرر کردہ نصاب سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ ایسے اداروں سے تعلیم حاصل کرنے والوں کے لیے پیشگی غیر ممالک میں تعلیم کا بندوبست ہو چکا ہوتا ہے اور پھر یہ بین الاقوامی اداروں میں پڑھ لکھ کر اور سپر مین بن کر وطن واپس آتے ہیں تو کروڑوں پاکستانیوں کی قسمت کا فیصلہ کرتے ہیں۔ ایک طرف تو ان نجی تعلیمی اداروں میں اعلیٰ ماحول، جدید سہولتیں، کمپیوٹرائزڈ تعلیمی نظام اور جدید تدریسی ساز و سامان جبکہ دوسری طرف ہمارے تھکے ہوئے سرکاری اسکول جن میں اکثر اساتذہ مقررہ وقت پر آنے یا جانے کی زحمت تک نہیں کرتے۔ میں سرکاری اسکولوں کی حالت زار کی تفصیل میں جانا بالکل بیکار سمجھتا ہوں۔ ملک بھر کے دیہی علاقوں میں چلے جائیں، شاید ہی کوئی ایسا اسکول ہوگا جہاں دو کمرے کی عمارت کا اسکول ہوگا۔ اگر اسکول ہوگا تو فرنیچر غائب ہوگا اور طالب علم زمین پر بیٹھ کر پڑھیں گے۔ کئی دیہات میں تو بچے اب تک پیڑ کی چھاؤں کے نیچے بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔ دوسری جانب سرکاری اسکولوں کے لیے اساتذہ کی بھرتی پر بھی کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی۔ پچھلے دنوں پنجاب میں پرائمری ٹیچرز کی بھرتی کا ٹیسٹ ہوا جس میں ایک صاحب نے جنرل پرویز مشرف کو وزیر اعظم پاکستان اور وزیر اعظم شوکت عزیز کے خانے میں پتہ نہیں لکھ کر ٹیسٹ مکمل کیا تھا جبکہ ایک خاتون نے مذکورہ سوالات کے جواب کی جگہ ایک شعر لکھا تھا جو مجھے مکمل طور پر یاد تو نہیں لیکن وہ ختم اس پر ہوتا تھا کہ ''میں میک اپ کرنی آں تو آلو چھل ماہیا''۔ نہ تو ایسے افراد کو ٹیسٹ دیتے ہوئے شرم آتی ہے اور نہ ہی ہمارے حکمراں غیرت مند ہیں جو اپنے بچوں کو تو اعلیٰ تعلیم یافتہ اداروں میں پڑھاتے ہیں لیکن قوم کے بچوں کے ساتھ ان کا اللہ واسطے کا بیر ہے۔ اگر آپ نے میٹرک کیا ہوا ہے چاہے وہ سی یا ڈی گریڈ میں ہی کیوں نہ ہو، اگر

(باقی صفحہ 76 پر)





# زیادہ کھانا بیماریوں کو جنم دیتا ہے

ڈاکٹر غلام حسن

طبی تحقیق نے ثابت کردیا ہے کہ دل کی زیادہ تر بیماریاں معدے سے جنم لیتی ہیں۔ کوئی شخص جتنی زیادہ غذا کھاتا ہے۔ اتنی ہی بیماریوں کو مول لیتا ہے' جبکہ زائد کھانے سے اجتناب دل کے امراض سے بچاؤ میں بہت عمدہ ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ خوراک کھانے کی عادت انسانی صحت پر بری طرح اثر انداز ہوتی ہیں۔ اسی لئے اسلام نے ہمیشہ بھوک رکھ کر کھانے اور متوازن غذا کھانے کے متعلق سختی سے احکامات صادر فرمائے ہیں۔ ایک وقت میں خوراک کی زیادہ مقدار کھا جانا یا ہر روز بھاری ناشتہ کرنا یا روزانہ دوپہر کا بھرپور کھانا' شام کا بھرپور کھانا' اچھی صحت کے لئے ضروری خوراک سے کافی زیادہ ہے۔ روزانہ ان میں سے تین وقت کا بھرپور کھانا' خاص طور پر زیادہ کیلوریز پر مشتمل خوراک اور سیر شدہ چکنائیاں نہ صرف صحت کے لئے سخت نقصان دہ ہیں بلکہ امراض قلب اور دوسری بہت سی خطرناک بیماریاں مثلاً ہائی بلڈ پریشر اور شوگر وغیرہ کا سبب بھی بنتا ہے۔ قرآن مجید نے متوازن غذا کی عادت کو برقرار رکھنے کے لئے خوراک کے زائد استعمال سے دور رہنے کی سختی سے تلقین کی ہے۔

ترجمہ: کھاؤ اور پیو اور ضائع مت کرو اور اللہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ قرآن مجید افراط وتفریط سے بچا کر معتدل خوراک کی بات کررہا ہے۔ رسول اکرمؐ نے اس بات کو تشبیہاً اس انداز میں بیان فرمایا ہے۔

مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

ایک اور حدیث مبارکہ میں بسیار خوری کو اللہ کی ناپسندیدگی قرار دیتے ہوئے فرمایا
اللہ تعالیٰ

بھوک سے زیادہ کھانے والے کو ناراضگی سے دیکھتا ہے۔ بسیار خوری بیماری کی جڑ ہے۔ اس لئے اس کا مکمل خاتمہ ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اسے سختی سے ناپسند کیا ہے۔ تاجدار حکمت کا فرمان ہے جو شخص دنیا میں جتنی زیادہ شکم پروری کرے گا قیامت کے روز اسے اتنا ہی لمبا عرصہ بھوکا رہنا پڑے گا۔ اسی طرح نبی کریمؐ نے فرمایا انسان کی کمر سیدھی رکھنے کے لئے چند لقمے ہی کافی ہیں اور اگر زیادہ کھانے کو دل چاہے تو یاد رکھو کہ معدہ کا ایک تہائی حصہ کھانے کے لئے اور ایک تہائی مشروبات کے لئے استعمال کرو اور ایک تہائی سانس لینے میں آسانی کے لئے چھوڑ دو۔ کثرت طعام ذیابیطس جیسے مہلک مرض کا باعث بھی بنتی ہے۔ جس کی اصل وجہ لبلبے کے ہارمون یعنی اندرونی رطوبت انسولین کی کمی ہے۔ زیادہ خوراک کھانے کی وجہ سے لبلبے کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے اور بار ہا ایسا ہونے سے لبلبے کے خلئے تھک جاتے ہیں اور کام چھوڑ دیتے ہیں۔ انسولین کی کمی کا ایک بڑا سبب بسیار خوری بھی ہے۔ ذیابیطس ام الامراض ہے۔ جس کی موجودگی میں بڑے امراض بلڈ پریشر' فالج اور امراض قلب کے حملہ آور ہونے کا تناسب بڑھ جاتا ہے تو کم کھانے کی عادت بنائیے اور تندرست رہئے۔ اس عادت کی وجہ سے انشاءاللہ ٹانگوں اور بدن کے مختلف حصوں کے درد' قبض' سینے کی جلن' منہ کے چھالے' بار بار ہونے والے نزلے' کھانسی اور گلے کے درد اور مسوڑھوں میں خون آنا وغیرہ بہت سارے امراض کے ساتھ ساتھ



منہ کی بدبو سے بھی جان چھوٹ جائے گی۔ بھوک سے کم کھانے میں 80 فیصد امراض سے بچت ہوسکتی ہے۔ ڈٹ کر کھانا سنت نہیں' زیادہ کھانے کو جی چاہے تو اپنے آپ کو اس طرح سمجھائیے کہ صرف زبان کی نوک سے جڑ تک لذت رہتی ہے۔ حلق میں پہنچتے ہی لذت ختم ہوجاتی ہے تو لمحہ بھر کے ذائقے کی خاطر سنت کا ثواب چھوڑنا دانشمندی نہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 75 پر)

# سدا جوان رہنے کا راز

تحریر: تحسین القادری



آپ نے اب تک تیزی کے ساتھ زندگی بسر کی ہے۔ پیدا ہوئے' پروان چڑھے' تعلیم پائی' ملازمت اختیار کی یا کاروبار اپنایا' شادی ہوئی' متاہل زندگی گزاری' بچوں کو پالا' انہیں تعلیم دلائی' ان کے شادی بیاہ کردیئے' ہر کام تیزی سے کرنا ضروری تھا

دوڑ ختم کردیجئے' رکیئے' ٹھہریئے! جوانی نیلامی کی بولی تو نہیں ہے کہ ایک دو تین کہتے ہی ختم ہو جائے گی۔ بوکھلاہٹ کیسی؟ جوانی آپ سے جدا نہیں ہو رہی' آپ ہی جوانی کو الوداع کہہ رہے ہیں۔ ہر کام میں تیزی سے کام لے کر آپ جوانی سے دور بھاگ رہے ہیں۔ آپ نے جلد بازی کو شعار بنا رکھا ہے۔ آپ نے زندگی کی رفتار کو خود ہی تیز بنالیا ہے۔ آپ دوڑ لگا رہے ہیں۔ تیز اور تیز۔ اسی تیزی میں آپ جوانی کو پیچھے چھوڑتے جا رہے ہیں۔

آپ نے اب تک تیزی کے ساتھ زندگی بسر کی ہے۔ پیدا ہوئے' پروان چڑھے' تعلیم پائی' ملازمت اختیار کی یا کاروبار اپنایا' شادی ہوئی' متاہل زندگی گزاری' بچوں کو پالا' انہیں تعلیم دلائی' ان کے شادی بیاہ کردیئے' ہر کام تیزی سے کرنا ضروری تھا۔ آخر ہر بات کا ایک وقت مقرر ہوتا ہے۔ کوئی تعجب نہیں کہ ان کاموں کو نمٹاتے آپ کی عمر کا پیمانہ بھی لبریز ہو جائے اور یہ بھی حیرت کی بات نہیں کہ زندگی کی اس دوڑ سے آپ کے چہرے پر تھکن کے آثار ظاہر ہونے لگے ہیں۔ آپ میں بڑھاپے کی علامات دیکھ کر آپ کو گوشہ نشین ہو جانے کیلئے کہا جاتا ہے۔

ٹھیک ہے! اب آپ جہاں ہیں وہیں رک جائیں۔ اپنے آپ سے کہیں، ''آج کے بعد سے ایک تبدیلی آئے گی' زندگی میں انقلاب آئے گا۔''

یہ تبدیلی' یہ انقلاب آپ کی زندگی کی کایا پلٹ دے گا اور یہ کایا بہتری کی طرف ہی لے جائے گی۔ سرگرانی' بھاگ دوڑ اور دم گھٹنے کا زمانہ ختم ہوا۔

تبدیلی کی شرط یہ ہے کہ آپ اپنی ذات کو تسلیم کر کے اسے اہمیت دیں۔ دوسروں پر انحصار کم کر کے اپنے اوپر زیادہ اعتماد کریں۔ یہ تبدیلی عادتوں کی ہے۔ آپ کو خود کو اپنی خواہشات کا غلام بنانے کی بجائے اپنے نفس پر قابو رکھنا ضروری ہے۔ یہ تبدیلی رفتار کی ہے۔ آج سے آپ کو جلد بازی ترک کردینی پڑے گی۔ آج آپ کے پاس بہت وقت ہے۔ آپ کو اپنے وقت کی قدر کرنی ہے۔ یہ وقت صرف اپنی ذات پر صرف کریں۔ خود فیصلہ کریں کہ اس وقت کو کس کام میں لائیں۔ یاد رکھیں یہ وقت آپ کا ہے اور بہت ہے۔ آپ کو سو سال جینا ہے بلکہ یہ عمر بھی توقع سے کہیں کم ہے۔ اس لیے اپنے وقت کا مصرف اپنے لیے سوچیں۔



